باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 34 | بروز بدھ 10 اپریل 2024ء/ یکم شوال 1445ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 102

WWW.Dailysahafatquetta.com

وزیراعظم کا امیر قطر سے ٹیلیفونک رابطہ، عید کی مبارکباد اور تجارتی تعلقات کے فروغ کے عزم کا اعادہ

امیر قطر نے بھی گرمجوشی سے وزیراعظم کو عید کی مبارکباد پیش کی اور پاکستانی عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا وزیراعظم نے قطر کے امیر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت دی جو امیر نے قبول کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وہ جلد پاکستان کا دورہ کریں گے

گزشتہ سال دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ منائی گئی تھی دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے اور تمام باہمی فائدہ مند شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ بھی کیا ہے

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں انہوں نے عید الفطر کی مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم آفس کے مطابق دونوں راہنماؤں نے پاکستان اور قطر کے درمیان قریبی برادرانہ تعلقات، مشترکہ مفاد کے تمام شعبوں میں ملکر کام کرنے اور اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ امیر قطر نے بھی گرمجوشی سے وزیراعظم کو عید کی مبارکباد پیش کی اور پاکستانی عوام کے لیے (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

یوسف رضا گیلانی، اور محسن نقوی ساتھی سینیٹرز سے ان کی نشستوں پر جا کے گلے ملے

اسلام آباد (آن لائن) سینٹ میں چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے انتخاب کے عمل سے قبل (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

مودی سرکار کانگرس کے انتخابی منشور سے خوفزدہ

نئی دہلی (آن لائن) مودی سرکار کانگرس کے انتخابی منشور سے خوفزدہ، بھارت میں عام انتخابات (باقی صفحہ 7 نمبر 3)

ایوان بالا تمام اکائیوں کی یکساں پارلیمانی نمائندگی کا پروقار اور اہم فورم ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 2)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، سرکاری اداروں کے نام سیاسی رہنماؤں سے منسوب کرنے کا اقدام چیلنج

عدالت کسی سڑک یا ادارے وغیرہ کے نام کو ثبت کردار نہ ہونے والے شخص سے منسوب کرنا غیر قانونی قرار دے

عدالت کسی سڑک یا ادارے وغیرہ کے نام کو ثبت کردار نہ ہونے والے شخص سے منسوب کرنا غیر قانونی قرار دے

لاہور (آن لائن) سرکاری اداروں کے نام سیاسی رہنماؤں سے منسوب کرنے کا اقدام لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ شہری منظور حسین نے ایڈووکیٹ ندیم سرور کے توسط سے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اپنایا گیا (باقی صفحہ 7 نمبر 12)

دونوں امیدواروں کے مقابلوں میں کسی نے کاغذات جمع نہیں کروائے، سینیٹ اجلاس میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار پریزائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں انجام دیں

چیئرمین سینیٹ کیلئے امیدوار یوسف رضا گیلانی نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کیلئے حکومتی اتحاد کے امیدوار سیدال خان ناصر نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے

یوسف رضا گیلانی نے چیئرمین سینیٹ کا حلف اٹھا لیا

قبل ازیں نومنتخب اراکین سینیٹ کی حلف برداری کیلئے سینیٹ کے اجلاس میں اسحاق ڈار نے نومنتخب ارکان سے حلف لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی اور یوسف رضا گیلانی سمیت دیگر ارکان نے حلف لیا

اجلاس شروع ہوا تو پی ٹی آئی کے سینیٹرز نے ایوان میں احتجاج کیا اور نعرے لگائے، پی ٹی آئی کے سینیٹرز بانی پی ٹی آئی کی تصاویر ایوان میں لے آئے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے یوسف رضا گیلانی بلا مقابلہ چیئرمین سینٹ اور مسلم لیگ ن کے سیدال خان ناصر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہوگئے، دونوں امیدواروں کے مقابلوں میں کسی نے کاغذات جمع نہیں کروائے۔ سینیٹ اجلاس میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار پریزائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں انجام دیں۔ چیئرمین سینیٹ کیلئے امیدوار یوسف رضا گیلانی نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کیلئے حکومتی اتحاد کے امیدوار سیدال خان ناصر نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے جب کہ دونوں امیدواروں کے مقابلے میں کسی نے کاغذ (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

سعودی عرب کا اسٹیٹ بینک میں ڈیپازٹس کو بڑھا کر 5 ارب ڈالر کرنیکا فیصلہ

پاکستان اور سعودی عرب نے 5 ارب ڈالر کے سرمایہ کاری منصوبے پر عمل درآمد تیز کر دیا ہے، سی ای او سعودی عربیہ ہولڈنگ کمپنی

سعودی عرب پاکستان کے مرکزی بینک میں ڈیپازٹس 3 ارب سے بڑھا کر 5 ارب ڈالر کرے گا، سعودی عرب آئل ریفائنری اور تانبے کی کانوں میں سرمایہ کاری کرے گا

اسلام آباد (م ڈ) سعودی عرب نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں ڈیپازٹس کو 3 ارب ڈالر سے بڑھا کر 5 ارب ڈالر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے سی ای او سعودی عربیہ ہولڈنگ کمپنی محمد القحطانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب نے 5 ارب ڈالر کے سرمایہ کاری منصوبے پر عمل درآمد تیز کر دیا ہے، وزیراعظم پاکستان کے دورہ سعودی عرب اور ولی عہد سے ملاقات میں اہم پیش (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

شوال کا چاند نظر آ گیا، ملک میں آج عید الفطر ہوگی

اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا یکم شوال المکرم 1445 ہجری 10 اپریل بروز بدھ کو ہوگی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک میں شوال کا چاند نظر آ گیا جس کے بعد کل (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف نوجوان طالب علم سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان میں غذائی عدم تحفظ میں اضافے کا خدشہ ہے، عالمی بینک

سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان کے 43 دیہی اضلاع میں شدید غذائی عدم تحفظ بڑھنے کا خدشہ ہے پاکستان میں غذائی مہنگائی زیادہ ہے، غریب گھرانوں کا 50 فیصد بجٹ خوراک پر خرچ ہو جاتا ہے

واضح رہے کہ اس سے قبل عالمی بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ماتی ہسین نے رواں ماہ کے پہلے ہفتے ملک کی معاشی صورتحال بارے کہا تھا کہ موجودہ حالات میں پاکستان کو سخت فیصلوں کی ضرورت ہے جس سے مستحکم گروتھ ملے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) عالمی بینک کا کہنا ہے کہ پاکستان میں غذائی عدم تحفظ میں اضافہ جبکہ تعلیم اور صحت کی خدمات تک فراہمی میں کمی ہوئی ہے، بڑھتی ہوئی ٹرانسپورٹیشن لاگت کے باعث اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد میں اضافے کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے جبکہ سفری لاگت میں اضافے سے علاج معالجے تک رسائی تاخیر کا سبب بن سکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عالمی بینک کی جانب سے جاری رپورٹ میں بتایا گیا (باقی صفحہ 7 نمبر 11)

سابق وفاقی وزیر زبیدہ جلال کی خضدار، کچلاک میں بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت

بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کے ساتھ دکھ میں برابر کے شریک ہیں

مند (آن لائن) سابق وفاقی وزیر اور ماہر تعلیم زبیدہ جلال نے خضدار اور کچلاک میں بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے بم حملوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے، جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی کی (باقی صفحہ 7 نمبر 13)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 16 اپریل کو طلب

اسلام آباد (یو این اے) پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا مشترکہ اجلاس منگل 16 اپریل کی شام 4 بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں طلب کیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 10)

نومنتخب چیئرمین سینیٹ سے جے یو آئی وفد کی ملاقات، مبارکباد دی

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے وفد نے نومنتخب چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کی ہے اور انہیں مبارکباد دی ہے، جمعیت علمائے اسلام کے (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

اسرائیل کو ہتھیار دینے پر جرمنی کیخلاف عالمی عدالت میں سماعت

جرمنی اسرائیل کو گولہ بارود سپلائی کر کے جینوسائیڈ کنونشن 1948 کی خلاف ورزی کر رہا ہے، موقف

دی ہیگ (جی این ایم) اسرائیل کی مدد کرنے پر جرمنی کیخلاف دائر درخواست پر عالمی عدالت انصاف میں سماعت ہوئی، اس دوران جرمنی کو ہتھیاروں کی سپلائی روکنے کی استدعا کی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق عالمی عدالت انصاف میں جرمنی کے خلاف مقدمے کی سماعت (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

اسٹاک ایکسچینج میں ایک اور ریکارڈ ساز دن، انڈیکس 70 ہزار کی سطح عبور کر گیا

اسٹاک مارکیٹ میں کاروباری دن کے اختتام پر 100 انڈیکس 694 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 70 ہزار 314 پوائنٹس پر بند ہوا

کاروباری دن میں 100 انڈیکس 820 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا جبکہ 100 انڈیکس کی بلند ترین سطح ریکارڈ 70 ہزار 677 پوائنٹس رہی

کراچی (یو این اے) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج ایک اور تاریخ ساز دن رہا جس میں 100 انڈیکس 70 ہزار پوائنٹس کی حد عبور کر گیا۔ اسٹاک مارکیٹ میں کاروباری دن کے اختتام پر 100 انڈیکس 694 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 70 ہزار 314 پوائنٹس پر بند ہوا۔ کاروباری دن میں 100 انڈیکس 820 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا جبکہ 100 انڈیکس کی بلند ترین سطح ریکارڈ 70 ہزار 677 پوائنٹس رہی۔ بازار میں آج 38 کروڑ 93 لاکھ شیئرز کے سودے ہوئے اور شیئرز بازار کے کاروبار کی مالیت 17.27 کروڑ روپے سے زائد رہی جبکہ مارکیٹ کیپٹلائز (باقی صفحہ 7 نمبر 14)

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عید کیلئے خریداری کر رہی ہیں

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عید کی چھٹیوں کے باعث مرکزی شاہراہیں سنسان ہیں

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سینیٹ میں قائد ایوان مقرر

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے قائد ایوان مقرر ہونے کا نوٹیفکیشن بھی وزیراعظم ہاؤس سے جاری کر دیا گیا ہے

نومنتخب چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے 22 اپریل تک اپوزیشن لیڈر کا نام بھی طلب کر لیا ہے

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم شہباز شریف نے اسحاق ڈار کو سینیٹ میں قائد ایوان مقرر کر دیا۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

غزہ جنگ میں ریڈ لائنز عبور ہوئیں، مظالم بیان کرنے کیلئے الفاظ نہیں: انروا

غزہ میں 20 لاکھ لوگوں کی زندگیوں کو "راتوں رات" ملیامیٹ کر دیا گیا، لازارینی

جنیوا (جی این ایم) اقوام متحدہ کے ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی برائے (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

کون کہاں عید منائیگا؟

کوئٹہ (آن لائن) کون کہاں عید منائے گا گورنر بلوچستان ملک عبدالولی (باقی صفحہ 7 نمبر 16)

کوئٹہ، لوگ عید کے جوتے خرید رہے ہیں

لاہور: گھر میں آگ لگنے سے بچی سمیت 2 افراد جھلس کر زخمی

لاہور (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت لاہور میں واقع گھر میں آگ لگنے سے بچی سمیت 2 افراد بری طرح جھلس کر زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق آتشزدگی کا واقعہ لاہور (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

تحصیل بیلہ کے مختلف علاقوں میں نماز عید الفطر اوقات

بیلا (یو این اے) تحصیل بیلہ کے مختلف علاقوں میں نماز عید الفطر شاہی عیدگاہ 9:00 عیدگاہ صحیبیہ 9:00 جامع مسجد سلیمانیہ 9:00 جامع مسجد نور الہدیٰ 8:30 عید (باقی صفحہ 7 نمبر 19)

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی مدد سے ٹیکس اہداف حاصل

فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس کی مد میں 6.710 ٹریلین روپے اکٹھے کیے

کراچی (یو این اے) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی مدد سے ٹیکس اہداف حاصل کر لئے۔ رواں مالی سال کی تیسری سہ ماہی (باقی صفحہ 7 نمبر 37)

پاکستان ایران کیساتھ گیس پائپ لائن کی تعمیر سے قبل پائپ لائن سروے کی دوبارہ توثیق کریگا

انٹر اسٹیٹ گیس سسٹمز نے سروے کی دوبارہ توثیق کیلئے ٹینڈر جاری کر دیے ہیں

اسلام آباد (یو این اے) ایران پاکستان گیس پائپ لائن کی تعمیر کے معاملے پر پاکستان گیس پائپ لائن کی تعمیر سے قبل پائپ لائن سروے کی دوبارہ توثیق کرے گا۔ ذرائع پیٹرولیم (باقی صفحہ 7 نمبر 36)

حکومت گندم کی امدادی قیمت پانچ ہزار مقرر اور کم آمدن گھرانوں کو سبسڈی دے

لاہور (آن لائن) قائمقام امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی نصر اللہ گورائیہ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں گندم کی امداد (باقی صفحہ 7 نمبر 35)

حکومت نے ایک ارب ڈالر یورو بانڈ کی ادائیگی کے انتظامات مکمل کر لیے

پاکستان کو وسط اپریل میں دس سالہ یورو بانڈ کی ادائیگی کرنا ہے، ذرائع وزارت خزانہ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے ایک ارب ڈالر یورو بانڈ کی ادائیگی کے انتظامات مکمل کر لیے پاکستان کو وسط اپریل میں دس سالہ یورو بانڈ کی ادائیگی کرنا ہے۔ ذرائع (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

حکومت ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کی ترقی کیلئے سرپرستی کرے، اعجاز الرحمان

قالینوں کی صنعت ارجنٹائزیشن کو روکنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، چیئرپرسن سی ٹی آئی

لاہور (جی این ایم) کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان نے کہا ہے کہ ہاتھ سے بنے ہوئے قالینوں کی صنعت دنیا میں پاکستان کی منفرد پہچان ہے اس لئے (باقی صفحہ 7 نمبر 21)

پاک فوج کی شمالی وزیرستان میں تعلیمی سرگرمیاں جاری

میر علی میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا

وزیرستان (یو این اے) پاک فوج کی جانب سے "علم نو لو دیا پارہ" پروگرام کے تحت شمالی وزیرستان کی تحصیل میر علی میں تعلیمی سرگرمیاں جاری ہیں۔ پاک فوج کی جانب سے گورنمنٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 22)

سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر کیلئے نام طلب کر لیا گیا

آزاد امیدواروں کو بھی اپوزیشن یا حکومتی بینچوں میں شامل ہونے کے لیے 7 دنوں کی مہلت دے دی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے 22 اپریل تک اپوزیشن لیڈر کا نام طلب کر لیا ہے۔ آزاد امیدواروں کو بھی اپوزیشن یا حکومتی بینچوں میں شامل ہو (باقی صفحہ 7 نمبر 23)

قوم زیور تعلیم سے آراستہ نہیں ہوتی وہ ترقی نہیں کر سکتی، وزیراعظم

دانش سکولوں سے تعلیم یافتہ بچے دنیا بھر میں ملک کا نام روشن کر رہے ہیں ملک بھر میں نادار اور یتیم بچوں کے لئے دانش سکولوں کا جال بچھائیں گے

تعلیم کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جو قوم زیور تعلیم سے آراستہ نہیں ہوتی وہ ترقی نہیں کر سکتی، تعلیم کے (باقی صفحہ 7 نمبر 32)

عید الفطر رمضان المبارک کے بعد اپنے پرہیزگار اور نیک بندوں کے لئے ایک انعام ہے، فاطمہ خان

ہم اپنی خوشیوں میں ان افراد کو بھی شامل کریں جو یہ دن منانے کی استطاعت نہیں رکھتے

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ کی رہنما فاطمہ خان نے تمام اہل وطن کو عید الفطر کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ عید الفطر رمضان المبارک کے بعد اپنے پر (باقی صفحہ 7 نمبر 33)

ہمیں عید کی خوشیوں میں غرباء و مساکین کو بھی شامل کرنا چاہئے، لالا یوسف خلجی

عید الفطر دراصل مسلمانوں کے لیے رمضان کے روزے اور قیام اللیل کا انعام ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ عید الفطر دراصل مسلمانوں کے لیے رمضان کے روزے اور قیام اللیل کا انعام ہے ہمیں (باقی صفحہ 7 نمبر 34)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سردار سیدال خان ناصر کون ہیں؟

اسلام آباد (آن لائن) نومنتخب ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سردار سیدال خان ناصر کا تعلق بلوچستان سے ہے اور وہ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف سے قریبی تعلق ہے، میڈیا (باقی صفحہ 7 نمبر 30)

ماضی کا گل پیرس حکومت کی عدم توجہی اور منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو کر رہ گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں صفائی کی صورتحال ابتر ہو چکی ہے جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر اور سیوریج کی ناقص نظام کی وجہ سے شہر گندگی کے ڈھیر اور میں تبدیل (باقی صفحہ 7 نمبر 31)

سپیکر و ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کا نومنتخب چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو مبارکباد

اسلام آباد (آن لائن) سپیکر و ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے نومنتخب چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو مبارکباد دی ہے اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے، سپیکر و ڈپٹی قومی اسمبلی (باقی صفحہ 7 نمبر 29)

امن وامان کی صورتحال بہتر نہ ہوئی تو حکومت چھوڑ سکتے ہیں، فیصل سبزواری

کراچی میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے، 3 ماہ کے دوران 50 بے گناہ شہری مارے جا چکے ہیں، وزیر داخلہ مذاق نہ اڑائیں

پہلے ٹارگٹ کلنگ کا الزام ایم کیو ایم پر لگا دیا جاتا تھا، لیکن اب وزیر داخلہ سندھ کہتے ہیں کرائم اتنا نہیں جتنا بتایا جا رہا ہے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (یو این پی) ایم کیو ایم رہنما فیصل سبزواری کا کہنا ہے کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہتر نہ ہوئی تو حکومت چھوڑ سکتے ہیں، وزیر داخلہ مذاق نہ اڑائیں، اتنی ٹارگٹ کلنگ کسی اور جگہ ہوتی تو آپریشن کا مطالبہ کیا جاتا۔ سندھ اسمبلی آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں (باقی صفحہ 7 نمبر 28)

کراچی کی بوہری برادری نے جوش وخروش سے عید الفطر منائی

کراچی (آن لائن) کراچی میں بوہری برادری نے عید الفطر (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

کراچی میں حالات بہتر، لوگ خوشحال زندگی گزار رہے ہیں: وزیر داخلہ سندھ

کراچی (جی این ایم) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے کہا ہے کہ کراچی کے لوگ خوشحالی سے زندگی بسر کر رہے ہیں، شہر میں (باقی صفحہ 7 نمبر 26)

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے منان چوک پر ٹریفک رش کا منظر

ارزاں سولر سسٹم کی پاکستان میں تیاری، چین نے آمادگی ظاہر کر دی

سولر سسٹم تیاری کے سلسلے میں چینی حکام سے بات چیت شروع ہو گئی، رواں ماہ پاکستان کا اعلیٰ سطح وفد چینی قیادت سے مذاکرات کیلئے بیجنگ جائیگا

چین اور بعض یورپی ممالک نے سولر سسٹم کی مصنوعات کی ارزاں نرخوں میں فراہمی پر اجارہ قائم کر رکھی ہے دوسرے ممالک کے صنعت کاران کا مقابلہ نہیں کر سکتے

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پیٹرولیم و رسورسز اور سیاسی و اقتصادی امور کے ماہر سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ چین نے پاکستان میں سستے سولر سسٹم کی تیاری کے لئے اس میں استعمال ہونے والے پینلز، کنورٹرز اور بیٹریز سمیت تمام آلات تیار کرنے (باقی صفحہ 7 نمبر 38)

کوئٹہ، عید الفطر کیلئے لوگ قوالٹی سویٹ سے عید پے آنے والے افراد کیلئے مٹھائی خرید رہے ہیں

حماد اظہر کی مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کیلئے درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

بلوچستان پولیس کے اعلیٰ افسران کے قول وفعل میں تضاد کا معاملہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس پولیس کے دوہرے معیار کے خلاف قانونی چارہ جوئی اور ہر اقدام اٹھائے (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جاری کردہ بیان میں کیا۔ جمال شاہ کا کڑ نے کہا کہ ماہ صیام کے بعد عیدالفطر قربانی، ایثار کا درس دیتا ہے، معاشرے کی غریب اور مستحق افراد کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنا ہم سب کا مشترکہ فریضہ ہیں۔ عید کے خوشیوں میں غربا اور نادار افراد کو شامل کرنا عید اصل مفہوم ہیں، انہوں نے کہا کہ عید کا مطلب خوشی، فرحت اور چہل پہل ہے تمام معزز حضرات وصاحب استطاعات اس خوشی میں غریبوں کو بھی شامل کریں انہوں نے کہا کہ ماہ صیام عزو شرف کا مہینہ، عظمت وسعادت کا مہینہ، عرش والے رحمٰن کی رحمتوں کے نزول کا مہینہ، فراخی رزق کا مہینہ، جنت میں داخلے اور جہنم سے پروانہ نجات حاصل کرنے کا مہینہ اور سب سے بڑھ کر نزول قرآن کا مہینہ اختتام پذیر ہورہا ہے، انہوں نے کہا کہ عید کی خوشیوں میں غربا اور مساکین کو بھی شامل کیا جائے، انسانیت سے حسن سلوک اور نادار افراد کی مدد ہی انسانیت اور اسلام کا اولین پیغام ہیں، جمال شاہ کا کڑ نے پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینیٹ اور پاکستان مسلم لیگ (ن) سے سیدال خان ناصر کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ پاکستان میں تمام اکائیوں کا نمائندہ فورم ہے جہاں تمام صوبوں کو یکساں نمائندگی حاصل ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا عہدہ بلوچستان کو ملنا خوش آئند ہے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پیٹرول ڈیزل والوں کو تنگ کرنا اور ان سے پیسے لوٹنا اور روڈوں پر سرعام کابلی گاڑیوں کے نام پر عوام کا جینا حرام کیا گیا ہے جو کہ صوبے کے عوام کی زندگی عذاب کردی گئی ہے انتظامیہ پولیس ذخیرہ اندوزوں گراں فروشوں کے خلاف کاروائی نہیں کرسکتے صرف اس مہنگائی میں عوام کو ریلیف جو کہ ایرانی پیٹرول اور کابلی گاڑیوں سے مل رہا ہے اس پر لوگوں کو تنگ کیا جارہا ہے جو کہ شرمناک عمل ہے تمام ذمہ داران فوری طور سے اس عمل کو روکیں بیان میں افسوس کا اظہار کیا گیا ہے کہ اگر معیشت کو ٹھیک نہیں کرنا تو بیوروکریسی کی عیاشیوں کو ختم کرنی ہوگی ترقیاتی فنڈز میں کرپشن کو روکا جائے ان جگہوں پر انکو معیشت یاد کیوں نہیں آتی جب پیٹرول ڈیزل اور کابلی گاڑیوں والوں سے لوٹ مار معیشت یاد آجاتی ہے پولیس ڈیوٹی صرف اور صرف تحریک انصاف کے لوگوں پر ایف آئی آر کاٹنے کے سوا کچھ نہیں پاکستان تحریک انصاف اپنے ورکروں کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کو کبھی نہیں بھول سکتی ہے وہ سب یاد رکھیں وقت قریب ہے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کردیا ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاھیا کے مطابق 10 سے 15 اپریل کے درمیان وقفے وقفے سے مختلف علاقوں میں طوفانی بارشیں ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ 10 سے 12 اپریل مری، گلیات، راولپنڈی، اٹک اور چکوال میں بارش کے امکانات ہیں جبکہ 12 اپریل سے گجرانوالا، لاہور، فیصل آباد، ملتان اور ساہیوال ڈویژن میں بارشیں ہوں گی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کے مطابق بہاولپور ڈویژن کے اضلاع بھی تیز بارشوں کی زد میں رہیں گے جب کہ پنجاب کے مختلف علاقوں میں ژالہ باری کے بھی امکانات ہیں۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دھاندلی اور فارم 47 کے ذریعے من پسند اشخاص کو کروڑوں روپے کے عیوض نشستیں دینے کا مقصد یہی تھا کہ اسمبلی جیسے فورم پر عوامی مسائل، عوام کے حقوق پر خاموش رہ کر کٹھ پتلی کا کردار ادا کیا جاسکے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یونیورسٹی کے اساتذہ اور ملازمین، محکمہ واسا کے ملازمین، میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ملازمین، لوکل گورنمنٹ کے ملازمین اس وقت تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر احتجاج پر مجبور ہوئے ہیں اور کئی مہینوں سے ان ملازمین کو اپنی تنخواہوں سے محروم رکھا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک سرکاری ملازم کی معاش اور اس کے گھریلو تمام اخراجات کا دارومدار اس کی ماہانہ تنخواہ ہے اور اگر وہ بھی اسے بروقت نہ ملتی ہو تو نہ صرف ان کے مسائل ومشکلات میں اضافہ ہوگا بلکہ دوسری جانب جن شعبوں میں وہ اپنے خدمات سرانجام دے رہے ہیں وہ کے امور بھی ٹھپ ہوکر رہ جائینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے اجرا اور اس کے ذریعے بننے والی حکومت میں وزارتوں کے حصول کیلئے تگ ودو جاری ہے اور اب تک یہاں صوبائی حکومت کی تشکیل تک نہیں ہو پائی ہے۔ جس کے باعث تمام محکموں، شعبوں میں نہ صرف ملازمین بلکہ عوام کو بھی مشکلات ومسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ عید سے قبل ہی تمام محکموں کے ملازمین کو تنخواہوں کی مکمل ادائیگی کی جائے تاکہ ان کے مشکلات میں کمی آسکے اور مستقبل میں ایسے مستقل بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں جائے جس سے ملازمین کو بروقت ان کی تنخواہوں کی ادائیگی ہو سکے اور ان کے اپنے شعبوں، دفاتر میں خدمات متاثر نہ ہو۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہاسٹل میں ہندو انتہا پسندوں نے نماز تراویح کے دوران مسلمان طالب علموں پر حملہ کر دیا تھا، نماز تراویح کی ادائیگی کے دوران مسلمان طالب علموں پر مشتعل ہجوم نے چھریوں اور لاٹھیوں سے حملہ کیا تھا جس کے نتیجے میں پانچ طالب علم شدید زخمی ہو گئے تھے، متاثرہ طلباء نے بتایا کہ مشتعل ہجوم نے ہمارے کمروں میں داخل ہو کر حملہ کیا اور ہمارے لیپ ٹاپ موبائل فونز اور موٹر سائیکلوں کو بھی شدید نقصان پہنچایا، تشدد کا شکار مسلمان طلباء کو انصاف کے حصول کے بجائے یونیورسٹی انتظامیہ نے ہاسٹل خالی کرنے کا حکم دے دیا، گجرات کی یونیورسٹی انتظامیہ نے ڈھٹائی کا ثبوت دیتے ہوئے معصوم طالب علموں کو قصوروار ٹھہراتے ہوئے انتہا پسندی کا ثبوت دیا، اس سے قبل بھی پچھلے ماہ دہلی پولیس نے سڑک کنارے نماز جمعہ کی ادائیگی کرتے مسلمانوں کو تشدد کا نشانہ بنایا تھا، آخر کب تک عالمی برادری مودی کے انتہا پسند اقدامات پر خاموش رہے گی؟۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ب بنا گئیں۔ ماہ رمضان مسلمانوں کیلئے اللہ تبارک تعالیٰ کی طرف سے ایک عظیم تحفہ ہے جس کے فیوض و برکات سے مستفید ہو کر آخرت کی کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ عیدالفطر کا دن رمضان المبارک کے حوالے سے یوم تکمیل رحمت الٰہی اور یوم تشکر ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بے پایاں نعمت ورحمت کا تقاضا ہے کہ ہم قادر مطلق کے احکامات کی روشنی میں اپنے روز و شب کو منور کریں کیونکہ یہی صراط مستقیم ہے جس پر چل کر ہم دنیا اور آخرت کی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آج کے دن ہمیں عید کی خوشیاں مناتے ہوئے اس بات کا خصوصی خیال رکھنا بھی ضروری ہے کہ اپنے عزیز و اقارب، پڑوسیوں اور اردگرد بسنے والے ضرورت مند بہن بھائیوں کو اپنی خوشیوں میں شامل کرسکیں۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مشاورت سے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 14 تاریخ کو واشنگٹن جارہا ہوں، وہیں آئی ایم ایف پروگرام کے خدوخال پر گفتگو شروع کریں گے۔ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ مہنگائی بتدریج کم ہوگی، ملک کی پالیسی کے حساب سے چلیں گے، ہم نے جو کرنا ہے سب ملک کے لیے کرنا ہے، وزیر خزانہ نے کہا کہ ابھی ہم سعودی عرب کا کامیاب دورہ کر کے آئے ہیں، محمد بن سلمان کے ساتھ بہت مثبت ملاقات ہوئی۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ وہ پاکستان کی سرمایہ کاری کی صورت میں بھرپور حمایت کریں گے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ مہنگائی میں کمی سے پالیسی ریٹ میں بھی کمی متوقع ہے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، راشن حاصل کرنے کے خواہشمند رائیڈرز 99201201 پر رابطہ کر کے رجسٹریشن کرائیں۔ کامران ٹیسوری کا اپنے بیان میں مزید کہنا ہے کہ موجودہ صورتحال میں ان رائیڈرز کی بھرپور مدد کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں نے بذات خود ایسا فرشتہ انسان اس دنیا میں نہیں دیکھا۔ میری دعا ہے احمد خان خلجی کو اللہ پاک اس ملک کا بادشاہ بنائے اور ہر مشکل اور اصیبت سے دور رکھے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کا خاتمہ کرنے کا پختہ عزم رکھتی ہے جس کی تکمیل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ پاکستان مسلم لیگ ن کوئٹہ رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائدین نے انتقامی نہیں بلکہ ہمیشہ مفاہمت کی سیاست کی ہے جبکہ پی ٹی آئی نے سیاسی اور قانونی بحران پیدا کرنے کی کوشش کی تاکہ ملک دیوالیہ ہوجائے لیکن محب وطن پاکستان کسی بھی طرح ملک کو دیوالیہ نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ہی ملک وقوم کو مسائل کے گرداب سے نکال کر عوام کو ریلیف فراہم کرے گی ملک وقوم کی تعمیر وترقی وخوشحالی کیلئے مسلم لیگ (ن) عوام دوست پالیسیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے اور درست اقتصادی ترجیحات کا تعین کرنے کیلئے پرعزم ہے اور ان مشکل ترین حالات میں اب سیاسی پالرزیشن کا خاتمہ ہونا چاہئے اور تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان سیاسی ڈائیلاگ بھی شروع ہونے چاہئیں ہمیں میثاق معیشت کی جانب بڑھنا ہوگا، معاشی استحکام سے ہی سیاسی استحکام آئے گا جو وقت کی اولین ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد میاں نواز شریف کی قیادت میں قوم کی بہتری اور ان کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آئے ہیں۔ وفاقی وزیر تعلیم نے کہا کہ شہباز شریف نے بطور وزیراعلیٰ پہلے پنجاب میں دانش سکول بنائے تھے، دانش کو تعلیم سے کشید کرنا پڑتا ہے، پاکستان کو چیلنجز کا سامنا ہے، وزیراعظم تعلیمی ایمرجنسی لگائیں، یہ تمام چیلنجز کا حل دے سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم دنیا میں ہی نہیں خطے میں بھی پیچھے رہ گئے ہیں، ہم نے فاصلہ بہت طے کرنا ہے لیکن مدت کم ہے ہم نے گزشتہ 30 سالوں میں 5 سے 7 اہم مواقع ضائع کیے ہیں، ہم نے 4 سال قبل فن لینڈ سے معاہدہ کیا تھا، پاکستان کو 10 لاکھ نوجوانوں کو آئی ٹی تعلیم سے آراستہ کرنا تھا، اس معاہدے کو دوبارہ سے شروع کیا جائے۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سمیت دیگر گروہوں کی مالی امداد اور پشت پناہی کر کے پاکستان میں تحریک آزادی کشمیر سے منسلک لوگوں کو قتل کروانے کا اعتراف کر رہا ہے، پاکستان کو عالمی سطح پر اس مسئلے کو اٹھانا چاہیے اور بھارت کو دہشت گردی کا مرکز قرار دلوانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں سینئر صحافیوں اور بیورو چیف کے اعزاز میں دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے۔ تقریب میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ترجمان نابش قیوم، لاھور کے جنرل سیکرٹری حارث ڈار کی موجودگی میں خالد مسعود سندھو کا کہنا تھا کہ دوست ممالک کو شواہد پیش کیئے جائیں اور عالمی میڈیا کے ذریعہ بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کو دکھایا جائے۔ فیٹف اور ایشیاء پیسفک گروپ جیسے دیگر اداروں کو بھارت کی ٹیرر فائننگ کیوں نظر نہیں آرہی؟ پاکستان کو یہ مسئلہ سلامتی کونسل میں اٹھانا چاہیے، بھارت آزاد کشمیر پر حملہ کی باتیں کر رہا ہے، کھلے عام بلوچستان میں دہشت گردی کی معاونت کر رہا ہے اور پاکستان میں دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث ہے، اس سلسلے کو نا روکا گیا تو خطے میں امن نہیں ہوسکتا، پاکستان کے دفاعی ادارے، افواج اور عوام متحد ہیں اور بھارتی دہشت گردی اور جارحیت کا بھرپور مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستان مرکزی مسلم لیگ بھارت کے اس رویہ کی بھرپور مذمت کرتی ہے اور حکومت سے گزارش کرتی ہے کہ بھارت سے تجارت اور تعلقات کی بحالی کی خوش فہمی سے نکل کر بھارت کے خونی کھیل کو روکے اور مسئلہ کشمیر پر مضبوط موقف اختیار کرے، بھارت پاکستان سے صرف آگ اور خون کی تجارت کرنا چاہتا ہے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ رواں ماہ اپریل کے بجلی بلوں میں فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 2 روپے 90 پیسے فی یونٹ کی ہوگی۔ ترجمان نے بتایا کہ رواں ماہ بلوں پر فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ 7 روپے ایک پیسہ یونٹ سے کم ہوکر 4 روپے 92 پیسے تعین ہوئی ہے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

علی بلٹی، فرید خان اچکزئی، نعمت اللہ کاکڑ، گل جان کاکڑ اور سید محبوب شاہ نے خطاب کیا۔ مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ انتہائی افسوسناک بات ہے کہ ماہانہ 15 لاکھ تنخواہ اور پینشنز لینے والے افسر شاہی اور جج واعلیٰ انتظامی وملٹری آفیسران کی تنخواہیں اور پینشنز کبھی بند نہیں ہوتی لیکن جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین کی کم تنخواہ اور پینشنز کیلئے قصداً فنڈز پر قدغن لگا کر انکی چار چار مہینوں کی تنخواہیں اور پینشنز بند رکھا جاتا ہے جو کہ تعلیم دشمن اقدام ہے جامعہ کے ملازمین اپنے جائز اور بنیادی حق ماہانہ تنخواہوں کیلئے احتجاج کرنے بھی نہیں دیا جارہا۔ مقررین نیکہا کہ صوبائی اسمبلی کے سامنے کامیاب احتجاجی دھرنے کی نتیجے میں ممبران صوبائی اسمبلی نے اسمبلی فورم پر بھرپور انداز میں آواز اٹھایا اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو یقین دہانی کرائی کہ دو دن کے اندر جامعہ بلوچستان کے لئے چار مہینوں کی تنخواہوں اور پینشنز کیلئے فنڈز جاری کرائینگے اور مالی بحران کا مستقل حل نکالنے کے لئے بھرپور کوشش کریں گے۔ انہوں نیکہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے واضح احکامات اور صوبائی اسمبلی کے ممبران پر مشتمل پارلیمانی کمیٹی کی یقین دہانی کے باوجود تعلیم وصوبہ دشمن صوبائی سیکرٹری فنانس نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور ممبران اسمبلی کی احکامات کو مکمل طور پر نظر انداز کرتے ہوئے گزشتہ تین اور آنے والے تین مہینوں کی تنخواہوں اور پینشنز کیلئے پوری رقم کی فراہمی کی بجائے مسلسل مسائل پیدا کر رہے ہیں۔ مقررین نے اعلان کیا کہ 3 اپریل بروز بدھ کو بھی جامعہ بلوچستان کے مین گیٹ کے سامنے تنخواہوں اور پینشنز کی ادائیگی کے لئے احتجاجی کیمپ میں دھرنا دیا جائے گا اور تمام اساتذہ کرام، آفیسران وملازمین سے بھرپور شرکت کی اپیل کی جاتی ہیں

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، ون ویلنگ اور تیز گاڑی چلانے پر پابندی ہوگی، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مساجد اور امام بارگاہوں کے لئے سکیورٹی کے بہترین انتظامات کئے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ امن عامہ کیلئے پولیس کو محنت اور جانفشانی سے کام کرنا ہوگا، وضع کردہ سکیورٹی پلان پر ہر صورت عملدرآمد ہونا چاہیے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ے تاہم شبلی فراز نے ایوان کی کاروائی میں حصہ نہیں لیا۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

الے سے ہدایات کابینہ ڈویژن نے جاری کردیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی منظوری کے بعد قومی پرچم پالیسی جاری کی گئی ہے قومی پرچم پالیسی پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی میں منظور کردہ قرارداد سے ماخذ ہے

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے حق خدمت وصول کرنے کا بہت بڑا دن ہے، عید کا مقصد اور پیغام یہی ہے کہ ہم انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی خوشیاں اخوت ومحبت کے ساتھ منائیں۔ انہوں نے عیدالفطر کے موقع پر پوری امت مسلمہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ عید دنیا بھر کے مسلمانوں کا اجتماعی خوشی منانے کا دن ہے اور یہ دن ہمیں اتحاد، یکجہتی اور خوشیاں بانٹنے کا درس دیتا ہے۔ عوام عیدالفطر کے موقع پر غربت و مہنگائی کے باعث مشکل صورتحال اور تنگدستی کا شکار غریب و نادار لوگوں کو اپنی خوشیوں میں شریک کریں۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کئے جائیں۔ چاند رات اور عیدالفطر پر پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے چوکس رہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پولیس حکام کو حکم دیا کہ مارکیٹوں، بازاروں اور شاپنگ سنٹرز میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کی جائے۔ سینئر پولیس آفیسر چاند رات اور عیدالفطر پر سکیورٹی انتظامات کی مانیٹرنگ کیلئے فیلڈ میں موجود رہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ امن عامہ کیلئے پولیس کو محنت اور جانفشانی سے کام کرنا ہوگا۔ وضع کردہ سکیورٹی پلان پر ہر صورت عملدرآمد ہونا چاہیے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے کا حکم دے دیا۔ جسٹس محمد اقبال کلہوڑو نے کہا کہ جن دفعات کے تحت ملزم کو گرفتار کیا گیا اس میں سزا 5 سال قید ہے، ریکارڈ کے مطابق ملزم ایک سال جیل میں گزار چکا ہے، مقدمے میں ملزم پر براہ راست الزام نہیں بلکہ مرکزی ملزمان سے رابطے پر گرفتار کیا گیا ہے۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ ملزم جہانزیب بھٹی طالبعلم ہے اور "را" کا ایجنٹ ہے، تحقیقات کے شواہد فارنزک کے لیے بھیجے گئے ہیں، رپورٹ موصول نہیں ہوئی۔ راج علی واحد ایڈووکیٹ نے کہا کہ ملزم ایک سال سے گرفتار ہے کیس کا حتمی چالان پیش نہیں ہوا، عدالت نے کہا کہ شواہد سے لگتا ہے کیس میں مزید تحقیقات کی ضرورت ہے۔ بعدازاں سندھ ہائی کورٹ نے ملزم جہانزیب بھٹی کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے ایک لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض جیل سے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مساکین کو بھی شامل کیا جائے، انسانیت سے حسن سلوک اور نادار افراد کی مدد ہی انسانیت اور اسلام کا اولین پیغام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مہنگائی کے دور میں بیروزگاری کیوجہ سے نادار اور سفید پوش کیلئے عید منانا مشکل ہے، صاحب استعداد اور مخیر حضرات ایسے افراد کی مدد کر کے انہیں بھی عید کی خوشیوں میں شامل کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عید کے خوشیوں میں غربا اور نادار افراد کو شامل کرنا عید اصل مفہوم ہیں، یہاں جاری ہونیوالے بیان میں کاشف حیدری نے کہا کہ ماہ صیام کے بعد عیدالفطر قربانی، ایثار کا درس دیتا ہے، معاشرے کی غریب اور مستحق افراد کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنا ہم سب کا مشترکہ فریضہ ہیں۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سنے گی، منگل کے روز ایوان بالا میں چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے انتخاب کے موقع پر نکتہ اعتراض پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں الیکشن ملتوی کسی قدرتی آفت کی وجہ سے نہیں ہوئے، وہاں پر مخصوص نشستوں پر منتخب لوگوں نے حلف لینا تھا ہائیکورٹ نے کہا کہ اجلاس بلا کر ان سے حلف لیا جائے۔ الیکشن کمیشن نے حکم دیا کہ جب تک مخصوص نشستوں پر حلف نہیں لیا جاتا سینٹ کے الیکشن نہیں ہوسکتا آئین میں لکھا ہے کہ کچھ سینیٹرز کی نشستیں خالی ہونے سے ایوان کی کارروائی نہیں رکے گی، اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ یہ کوئی طریقہ نہیں آپ اس صوبے میں انتخابی عمل کو چلنے بھی نا دیں اور یہاں بھی کہیں کہ ہم بزنس چلنے نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان بالا کو آئین کے تحت چلایا جارہا ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے جو احتجاج کیا جارہا ہے یہ درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے جو احتجاج ہو رہا ہے اس کو حکومت مسترد کرتی ہے انہوں نے کہا کہ جمہوری عمل کو چلنا چاہیے۔ وفاق مضبوط ہوگا تو تمام صوبے مضبوط ہوں گے۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

درس دے رہی ہے، پوری دنیا میں امت مسلمہ سربسجود ہوکر اللہ کی جانب سے عطا کردہ نعمتوں پر شکر گزار ہوگی، انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام عیدالفطر کے موقع پر عیدگاہوں میں اپنی عظیم الشان شرکت کے ذریعے بھرپور اسلامی اخوت کا مظاہرہ کرکے رمضان المبارک کے مبارک لمحات کے تقاضے پورے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالفطر صرف رنگ، خوشبو، وزیبائش، مسرتوں قہقہوں اور عیدی و شیرینی کا تہوار نہیں، بلکہ یہ روحانی وقلبی مسرتوں کا نام ہے، جو دوسروں کو بانٹ کر ہی حاصل ہوتی ہے، اسلام نے ہر موقع پر مسلمانوں کی باہمی اخوت اور بھائی چارے کا درس دیا ہے، اسی لئے ہم مسلمانوں پر یہ فریضہ بھی عائد کیا گیا ہے کہ رنگ رلیاں منانے اور کھیل تماشوں میں مگن ہونے کے بجائے امیر اپنے غریب بھائی کی اعانت کرے، ہم عید کی خوشیوں میں غریبوں، ناداروں، یتیموں کو نہ بھولیں، تاکہ غریب بھی اپنی دنیا کی نعمتوں سے مستفید ہوسکے، ان سے نرمی کا برتاؤ اور مساوات کا رویہ اپنائیں، جس سے ان کو بھی سماج میں اپنے وقار اور عظمت کا احساس ہو، اور وہ محرومی کا شکار نہ ہونے کے ساتھ ہی انھیں اپنی غربت وناداری پر دکھ درد کا احساس نہ ہو، اور خوشی کے ساتھ اس موقع سے لطف اندوز ہوسکیں، اور زکوٰۃ وصدقات کا مقصد بھی یہی ہے کہ سارے مسلمان مل کر عید منائیں۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ادا کرینگے، آپ عوامی فلاح و بہبود اور ملکی ترقی و خوشحالی کے لئے موثر قانون سازی میں بھرپور کردار ادا کرینگے، وفاقی اکائیوں کی مضبوطی اور جمہوری اقدار کی پاسداری کیلئے سینیٹ کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹرینوں کی تمام کلاسز کے لیے ہوگی، یہ رعایت کرنٹ ٹکٹ پر ہوگی تاہم رعایت کا اطلاق عید اسپیشل ٹرینوں پر نہیں ہوگا۔ بتایا گیا ہے کہ پاکستان ریلوے نے اپنی آمدن کے حوالے سے نیا ریکارڈ قائم کرلیا ہے اور اس وقت ریلوے کی آمدن تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، پاکستان ریلوے نے 9 ماہ میں 66 ارب روپے کمالئے، عیدالفطر کے موقع پر ٹرینوں کے بلاتعطل آپریشن کیلئے 15 لاکھ لیٹر ڈیزل بھی خرید لیا گیا ہے۔ سی ای او پاکستان ریلوے عامر علی بلوچ کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کے اختتام تک پاکستان ریلوے کی آمدن 80 ارب روپے سے زیادہ ہونے کے امکانات ہیں جب کہ محکمے کے پاس 10 روز کا ڈیزل اسٹاک بھی موجود ہے، ریلوے پر اعتماد کرنے پر مسافروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اسی طرح ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر بھی ختم کر دی گئی، کئی ماہ سے تنخواہوں کی ادائیگی تین ہفتے تک تاخیر کا شکار تھی، مشکل وقت میں ساتھ دینے پر اپنے ورکرز کا شکر گزار ہوں، مسافروں کا ریلوے پر اعتماد ہمارے لئے باعث فخر ہے۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اللہ بڑیچ، شاہ علی بلٹی، نذیر احمد لہڑی اور دیگر نے اعلان کیا کہ عیدالفطر کے روز بھی احتجاجی دھرنا اور مظاہرہ کیا جائے گا۔ انہوں نے ایک مذمتی بیان میں کہا کہ جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین چار مہینوں کی تنخواہوں اور پنشنز وریسرچ سینئرز کے اساتذہ اور ملازمین کو سالانہ بجٹ میں اعلان شدہ 35 فیصد اور منظور شدہ الاونسز سے محروم رکھے گئے جس کے خلاف جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے رمضان المبارک میں اپنے بنیادی اور آئینی حق کے لئے زبردست احتجاج کیا لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ماہ مقدس میں جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین نے بڑی تنگدستی میں روزے گزارے طویل اور کٹھن احتجاج کے باوجود وزیراعلیٰ بلوچستان کی تنخواہوں اور پنشنز کی ادائیگی کے اعلان پر عملدرآمد نہیں ہوا اب مجبوراً عیدالفطر کے دن کو جامعہ بلوچستان میں عید کی نماز سے پہلے اور بعد میں جامعہ بلوچستان کے مین گیٹ پر احتجاجی دھرنا دیا جائیگا اور یونیورسٹی کیانڈر عیدگاہ سے لیکر سریاب روڈ تک احتجاجی ریلی نکالی جائے گی جس جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام، آفیسرز اور ملازمین اپنے بچوں سمیت بھرپور انداز میں شرکت کریں گے اس ضمن میں پرنٹ، الیکٹرانک میڈیا سمیت سول سوسائٹی کے ممبران سیاسی جماعتوں اور دیگر سے اس احتجاج میں شرکت کی اپیل کی جاتی ہے۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گیا۔ شہری منظور حسین نے ایڈووکیٹ ندیم سرور کے توسط سے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی۔ درخواست گزار کی جانب سے مؤقف اپنایا گیا ہے کہ صوبہ بھر میں تعلیمی اداروں، ہسپتالوں وغیرہ کے نام سیاسی رہنماؤں کے نام پر رکھ دیئے جاتے ہیں۔ درخواست گزار نے مزید کہا ہے کہ کسی سڑک، پارک، سرکاری ادارے کا نام حکومت کی پراپرٹی نہیں، حکومت سرکاری خزانے کے ذریعے تاریخ کو کیسے نقصان پہنچا سکتی ہے؟ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت کسی سڑک یا ادارے وغیرہ کے نام کو شبت کردار نہ ہونے والے شخص سے منسوب کرنا غیر قانونی قرار دے۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کے لیے کیریئر کونسلنگ انھیں اپنے پیشہ ورانہ راستوں کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے کے لیے بااختیار بنانے کے لیے بہت اہم ہے۔ متعلقہ رکاوٹیں، اور ان کی طاقتوں اور مفادات کی نشاندہی کریں۔ مشاورت کے ذریعے، خواتین اپنے ذاتی ترقی اور سماجی ترقی میں حصہ ڈالتے ہوئے، تکمیل اور فائدہ مند کیریئر کے حصول میں اعتماد، وضاحت اور سمت حاصل کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہراساں کیے جانے اور کام کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنے کے لیے ملازمت کے مواقع کی کمی یہ ایک ایسا وسیع مسئلہ ہے جو خواتین کو غیر متناسب طور پر متاثر کرتا ہے، مخالفانہ ماحول پیدا کرتا ہے جو ان کی پیشہ ورانہ ترقی کو روکتا ہے۔ امتیازی سلوک اور صنفی تعصب اکثر خواتین کے لیے ملازمت کے مواقع کو محدود کر دیتا ہے، جو روزگار تک غیر مساوی رسائی کو برقرار رکھتا ہے۔ محفوظ اور جامع کام کی جگہوں کا فقدان خواتین کو درپیش چیلنجوں کو بڑھاتا ہے، جو ان کی ترقی اور اپنے کیریئر میں کامیاب ہونے کی صلاحیت کو روکتا ہے۔ خواتین کے تحفظ کے قوانین پر عمل درآمد نہ ہونے کی وجہ سے کمزوری اور ناانصافی کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ قانونی تحفظات کے باوجود، بہت سی خواتین کو استثنیٰ کے ساتھ امتیازی سلوک، ہراساں کیے جانے اور تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مؤثر نفاذ کے بغیر، یہ قوانین محض بیان بازی ہی رہ جاتے ہیں، جو خواتین کو ضروری تحفظ اور سہارا فراہم کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ بلوچستان میں خواتین کو اکثر صحت کے اہم چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جو کہ صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات تک محدود رسائی اور ثقافتی رکاوٹوں کی وجہ سے بڑھ جاتے ہیں۔ ناکافی طبی انفراسٹرکچر اور تولیدی صحت کے بارے میں محدود آگاہی کی وجہ سے زچگی کی شرح اموات اور بچے کی پیدائش کی پیچیدگیاں برقرار ہیں۔ دقیانوسی کردار اکثر خواتین کو روایتی گھریلو فرائض تک محدود رکھتے ہیں، انہیں دیکھ بھال کرنے والوں اور گھریلو سازوں کے حوالے کر دیتے ہیں۔ یہ کردار خواتین کی خود مختاری اور ذاتی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع کو محدود کرتے ہیں، صنفی عدم مساوات کو تقویت دیتے ہیں۔ معاشرہ اکث

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

ملک میں 8 فروری 2024 کا الیکشن فراڈ تھا، عبدالرحیم زیارتوال

13 اپریل کو قائدین کا قافلہ صبح ساڑھے 8 بجے کوئٹہ سے پشین کیلئے روانہ ہوگا اور جلسے کے اختتام پر آغا سید لیاقت علی کے ظہرانے میں شریک ہونگے

اجلاس کے آخر میں دونوں اضلاع پشین اور چمن کے سیاسی کارکنوں کو جلسوں کو کامیاب بنانے کی ہدایت کی گئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال نے پریس ریلیز میں کہا ہے کہ ملک میں 8 فروری 2024 کا الیکشن فراڈ، دھوکہ اور عوامی اختیار چرانے کا ملکی تاریخ میں ریکارڈ قائم کرنے کی ملکی اسٹیبلشمنٹ کے غیر سیاسی، غیر جمہوری، غیر انسانی اور غیر قانونی کردار کے خلاف ملک کی بنیاد پر جمہوری پارٹیوں کا تشکیل کردہ اتحادی پارٹیوں کا اجلاس پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اتحادی پارٹیوں کی 12 اپریل کو کوئٹہ آمد اور سردار اختر جان مینگل کی رہائش گاہ واقع ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی میں شام پانچ بجے کے اجلاس پر غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں قائدین کی کوئٹہ آمد اور 13 اپریل 2024 پشین تاج لالا اقبال سٹیڈیم میں صبح ساڑھے 9 بجے کے جلسہ عام اور اسی دن چمن میں شام پانچ بجے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اور اجلاس میں یہ طے پایا کہ 13 اپریل کو قائدین کا قافلہ صبح ساڑھے 8 بجے (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

کوئٹہ، لوگ عید کیلئے دوکان سے مٹھائی خرید رہے ہیں

عیدالفطر کا اللہ کریم کی جانب سے مسلمانوں کیلئے تحفہ ہے، پیپلز پارٹی

عیدالفطر کا دن ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم انفرادی سوچ کی بجائے اجتماعیت کی جانب بڑھیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر میر چنگیز خان جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو عیدالفطر کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر کا اللہ کریم کی جانب سے مسلمانوں کیلئے تحفہ ہے، یوم عید اختلافات اور رنجشوں کو بھول کر ایک دوسرے کو گلے لگانے کا دن ہے ہمیں (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

قلعہ سیف اللہ، پشین، چمن اور دوسرے علاقوں میں چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) بے یو آئی پاکستان کے صوبائی پریس ریلیز میں عید کے موقع پر قلعہ سیف اللہ، پشین، چمن اور دوسرے علاقوں میں چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ عوام (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

کوئٹہ میں مرغی، گائے، بکرے کا گوشت مہنگا

کوئٹہ میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں 40 اور گائے کے گوشت کی قیمت میں 50 سے 100 روپے تک کا اضافہ ہوگیا

مارکیٹ ذرائع کے مطابق مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت 700 روپے ہوگئی

کوئٹہ (یو این اے) عید سے قبل کوئٹہ میں مرغی، گائے اور بکرے کے گوشت کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ کوئٹہ میں مرغی کے گوشت کی قیمت میں 40 اور گائے کے گوشت کی قیمت میں 50 سے 100 روپے تک کا اضافہ ہوگیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت 700 روپے ہوگئی جبکہ گائے کے گوشت کی قیمت 1200 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے۔ کوئٹہ میں بکرے کا گوشت 2100 سے 2200 روپے فی کلو تک میں فروخت کیا جارہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے گائے کے گوشت کی قیمت 900 روپے اور بکرے کے گوشت کی قیمت 1700 روپے فی کلو مقرر کر رکھی ہے۔ دوسری جانب شہریوں نے انتظامیہ اور صوبائی حکومت سے سرکاری نرخ نامے (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

کوئٹہ، عیدالفطر کیلئے لوگ قوالٹی سویٹ سے عید پے آنے والے افراد کیلئے مٹھائی خرید رہے ہیں

بے لگام مہنگائی نے لوگوں کی کمر توڑ دی

حکومت کے عوام دشمن پالیسیوں نے غریب آدمی کا جینا مشکل بنادیا ہے روزہ مرہ کی اشیائے خورنوش کی قیمتیں آسمان پر پہنچ چکی ہیں

تیل، گھی، مرغی، مچھلی اور گوشت کا ریٹ تو گھنٹوں کے حساب سے بدل رہا ہے، عوام کی دسترس سے تو اب آلو، کدو، ٹماٹر، پیاز، گوبھی اور توری، گوشت سمیت دیگر سبزیوں کی قیمتیں بھی باہر ہوچکی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بے لگام مہنگائی نے لوگوں کی کمر توڑ کر رکھ دی حکومت کے عوام دشمن پالیسیوں نے غریب آدمی کا جینا مشکل بنادیا ہے روزہ مرہ کی اشیائے خورنوش کی قیمتیں آسمان پر پہنچ چکی ہیں۔ حکومت نے مہنگائی بے روزگاری نے ریکارڈ توڑ دیا ہے ملک میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے سفید پوش لوگوں کا بھرم بھی ٹوٹ گیا ہے۔ شہری ذخیرہ اندوزں اور گراں فروشوں کے رحم وکرم پر ہیں تیل، گھی، مرغی، مچھلی اور گوشت کا ریٹ تو گھنٹوں کے حساب سے بدل رہا ہے، عوام کی دسترس سے تو اب آلو، کدو، ٹماٹر، پیاز، گوبھی اور توری، گوشت سمیت دیگر سبزیوں کی قیمتیں بھی باہر ہوچکی ہیں۔ بلوچستان میں مہنگائی اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ مہنگائی رکنے کا نام ہی نہیں لے رہی بلکہ روزانہ کی بنیاد پر اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ سفید پوش اور مڈل کلاس طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد بھی دستیاب وسائل میں گزارا نہیں کر پا رہے۔ مہنگائی کی موجودہ لہر نے غریبوں، دیہاڑی دار مزدوروں اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی تو کمر ہی توڑ کر رکھ دی ہے۔ دیہاڑی دار اور مزدور طبقے کا جینا اور مرنا دونوں ہی دشوار ہو چکے ہیں۔ حکومت کو چاہئے کہ عوام کو ریلیف دینے کے لئے مہنگائی، گراں فروشی کے خاتمے کے لئے موثر انتظامات کئے جائیں تاکہ لوگ سکھ کا سانس لے سکیں۔ بے لگام مہنگائی نے لوگوں کی کمر توڑ کر رکھ دی حکومت کے عوام دشمن پالیسیوں نے غریب آدمی کا جینا مشکل بنادیا ہے، روزہ مرہ کی اشیائے خورنوش کی قیمتیں آسمان پر پہنچ چکی ہیں۔ حکومت نے مہنگائی بے روزگاری نے ریکارڈ توڑ دیا ہے ملک میں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

نظریاتی سیاسی جدوجہد کے ذریعے بلاتفریق خدمت پر یقین رکھتے ہیں، احمد خان

زئی وخیلی کی بنیاد پر سیاست اور منافرت پھیلانے والے کبھی بھی عوام کی بلاتفریق خدمت نہیں کرسکتے

کوئٹہ (آن لائن) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نیکپا ہے کہ اے کیو ایم ملک میں محکوم عوام بالخصوص پشتون قوم کی کسی قسم کی ناپرسان حالت پر خاموش نہیں رہے گی پشتون قوم کی ناپرسان حالت پر خاموش رہنا گناہ کبیرہ سمجھتا ہوں کسی کی خوشنودی یا ناراضگی سے ہمارا کوئی سروکار نہیں ہیں کیونکہ ہم ایک منفرد اور بلاتفریق قسم کی سیاست کرنے پر یقین رکھتے ہیں وہ سیاست جسمیں ہر قسم کی مفاد پرستی سے بالاتر ہوکر ایک عام آدمی کی معیار زندگی بہتر کرنے کیلئے کام کیا جائے گا (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات

کوہلو (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات پر ضلع کوہلو کے لیویز شہداء کے خاندانوں میں عید کے تحائف تقسیم کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو نقیب اللہ کاکڑ کے ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ماوند خسرو دلاوری اور رسالدار میجر ہیڈ کوارٹر شیر محمد مری نے شہداء کے خاندانوں میں راشن و عید تحائف تقسیم کئے۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

عالمی امن کے لیے مسئلہ فلسطین اور کشمیر کا حل ہونا ضروری ہے، محمد فائق شاہ

تمام مسلم عسکریت قیادت اسرائیل کو الٹی میٹم دے تو چند دنوں میں مسئلہ حل ہوسکتا ہے، چیئرمین امن ترقی پارٹی

کوئٹہ (پ ر) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے ایک مرتبہ پھر مسلم ممالک، عالمی اداروں اور مسلم عسکریت قیادت سے اپیل کی کہ وہ فلسطین کے عوام کو ظلم اور اسرائیل کی ریاستی دہشت گردی سے نجات دلائیں، انسانی حقوق کی پامالیوں پر خاموشی لمحہ فکریہ ہے، انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک کی عسکریت قیادت مل کر اسرائیل کو الٹی میٹم دے تو چند دنوں میں مسئلہ حل ہوسکتا ہے غزہ کی تباہی کے ذمہ داروں کو جنگی جرائم پر سخت سزا دی جائے، مسلم ممالک مل کر عالمی عدالت انصاف، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے سامنے یہ مسئلہ پیش کرے، حکومت پاکستان (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی ہوشربا مہنگائی نے غریبوں سے عید کی خوشیاں چھین لیں

بھاگ (پ ر) عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی ہوشربا مہنگائی نے غریبوں سے عید کی خوشیاں چھین لیں ہوشربا مہنگائی سے سفید پوش طبقے کی قوت خرید جواب دے گئی عید خریداری مہنگائی کے باعث 50 فیصد کمی واقع ہوئی ہے تاجروں کے مطابق گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال عید کی خریداری 50 فیصد مہنگائی کے باعث کم ہوئی ہے

عید قریب آتے ہی بلوچی چھپٹ کی مانگ میں بھی اضافہ

بگٹی کٹ مری کٹ سمیت 30 سے زیادہ اقسام کے بلوچی چھپٹ ہر عمر کے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنا رہتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) عید قریب آتے ہی بلوچی چھپٹ کی مانگ میں بھی اضافہ ہوا ہے لباس کے ساتھ جوتے بھی اچھے ہو تو شان مزید بڑھ جاتی ہے عید ہو یا خوشی کا کوئی بھی تہوار بلوچی چھپٹ آج بھی اولین ترجیح ہوتی ہے۔ کوئٹہ میں عیدالفطر کے قریب آتے ہی بازاروں میں روایتی بلوچی چھپٹ خریدنے والوں کا رش لگ جاتا ہے چمڑے سے بنے بلوچی چھپٹ نوجوانوں کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بگٹی کٹ مری کٹ سمیت 30 سے زیادہ اقسام کے بلوچی چھپٹ ہر عمر کے لوگوں کی توجہ کا مرکز بنا رہتا ہے پائیداری اور خوبصورتی میں یہ اپنی مثال آپ ہیں ہاتھ سے تیار ان بلوچی چھپٹوں میں اعلیٰ کوالٹی (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

جمہوریت پسند طلباء ضلع پشین اور چمن کے جلسوں میں بھرپور شرکت کرے، پشتونخوا ایس او

13 اپریل کے جلسوں گرینڈ الائنس کے مرکزی قائدین خطاب فرمائینگے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کے زونل آرگنائزر سیف اللہ کاکڑ، سینئر ڈپٹی آرگنائزر یار محمد بریال، اطلاعات آرگنائزر راسفند کاکڑ، مالیات آرگنائزر نواز خپلواک، آفس آرگنائزر عظیم افغان، رابطہ آرگنائزر محمود اچکزئی، ثقافت آرگنائزر طیب خان، ڈپٹی آرگنائزرز خوشحال خان کاکڑ، ڈاکٹر زبیر خلجی، ڈاکٹر دلبر ازل، بشیر افغان، ہارون موسیٰ خیل، امین اچکزئی، شریف دومڑ، زبیر ترین، سید وہاب آغا، ایاز شیرانی، صدیق مندوخیل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک کی بنیاد پر جمہوری پارٹیوں کی تشکیل کردہ اتحادی پارٹیوں کے مرکزی قائدین 13 اپریل کی صبح ضلع پشین کے تاج لالا فٹ بال گراؤنڈ میں صبح 9 بجے (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

محتاجوں، غریبوں کی مدد کرنا دین اسلام کا بنیادی درس ہے، زرک مندوخیل

مسلمان اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے رمضان المبارک کے مہینے میں محنت ومشقت رداشت کی عیدالفطر درحقیقت عبادات رمضان کا انعام ہے ہمیں احتیاط کا دامن تھامتے ہوئے اس دن کو اپنے گناہوں سے مغفرت کا دن بنانا چاہیے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ عید کی خوشیوں میں یتیموں، غرباء اور نادار اور مفلس میں شریک کرنا اس خوشی ومسرت کے موقع پر مسلمان ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارگی اور اخوت کا مظاہرہ کرے صاحب نصاب زکواۃ اور صدقہ فطر کے ذریعے شامل کیا جائے مسلمان اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے رمضان المبارک کے مہینے میں محنت ومشقت رداشت کی عیدالفطر درحقیقت عبادات رمضان کا انعام ہے ہمیں احتیاط کا دامن تھامتے ہوئے اس دن کو اپنے گناہوں سے مغفرت کا دن بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ محتاجوں، غریبوں، یتیموں کی مدد، معاونت، حاجت روائی اور دلجوئی کرنا دین اسلام کا بنیادی درس ہے محسن انسانیت نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف حاجت مندوں (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

کوئٹہ، عید کی خریداری کے باعث باچا خان چوک پر ٹریفک جام ہے

سیدال خان ناصر جیسے نظریاتی رہنماؤں نے ہر وقت پارٹی کا، ساتھ دیا تھا، عوامی حلقے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے سیاسی اور سماجی حلقوں نے مسلم لیگ ن کی جانب سے سینٹ کے ڈپٹی چیئرمین کیلئے سیدال خان ناصر کو کامیاب بنانا خوش آئند ہے جس کی آنے والے وقت میں اچھے نتائج برآمد ہونگے اور پارٹی کی کارکنوں کی حوصلہ افزائی ہوئی ایک بیان جاری کرتے (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

بلوچستان پولیس کے اعلیٰ افسران کے قول وفعل میں تضاد کا معاملہ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان پولیس کے اعلیٰ افسران کے قول وفعل میں تضاد کا معاملہ، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے حکومت اور پریس کے تعلقات خراب کرنے کی کوشش کے خلاف متعلقہ پولیس افسران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس پولیس کے دوہرے معیار (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

ملک وقوم کی سلامتی اور معیشت کی دائمی بحالی کو اپنی پہلی ترجیح بناتے ہوئے سیاست نہیں، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) ریاست کو درپیش چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے ہمیں من حیث القوم ماضی کی کوتاہیوں سے عبرت حاصل کرتے ہوئے آگے بڑھنا ہوگا۔ یہ بات مسلم لیگ بلوچستان کے صدر شیخ جعفر خان مندوخیل نے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر کی قیادت میں ملنے (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

عیدالفطر کی موقع پر نوجوان عیاشیوں کے بجائے یتیموں پر خرچ کرے، بخت محمد کاکڑ

محتاجوں، غریبوں، یتیموں کی مدد، معاونت، حاجت روائی اور دلجوئی کرنا دین اسلام کا بنیادی درس ہے

محسن انسانیت نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے حاجت مندوں کی حاجت روائی کرنے کا حکم دیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماء ورکن بلوچستان اسمبلی بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عید کی خوشیوں میں یتیموں، غرباء اور نادار اور مفلس افراد کو شریک کریں اس خوشی ومسرت کے موقع پر مسلمان ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارگی اور اخوت کا مظاہرہ کرے صاحب نصاب زکواۃ اور صدقہ فطر کے ذریعے شامل کیا جائے مسلمان اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے رمضان المبارک کے مہینے میں محنت ومشقت رداشت کی عیدالفطر درحقیقت عبادات رمضان کا انعام ہے ہمیں احتیاط کا دامن تھامتے ہوئے اس دن کو اپنے گناہوں سے مغفرت کا دن بنانا چاہیے، یہ بات انہوں عیدالفطر کے موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ محتاجوں، غریبوں، یتیموں کی مدد، معاونت، حاجت روائی اور دلجوئی کرنا (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

عیدالفطر کے موقع پر عیدگاہوں کی سیکورٹی کے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں، عبدالحئی عامر بلوچ

عید کے اجتماعات کے موقع پر پولیس کے ایس ایس پی، ایس پیز اور ڈی ایس پیز سمیت 1536 اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی جنرل آف پولیس کوئٹہ عبدالحئی عامر بلوچ نے کہا ہے کہ عیدالفطر کے موقع پر عیدگاہوں کی سیکورٹی کے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں اور عیدگاہوں، مساجد اور کھلے میدان میں عید کے اجتماعات کے موقع پر پولیس کے ایس ایس پی، ایس پیز اور ڈی ایس پیز سمیت 1536 اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ کا کہنا ہے کہ پولیس کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عیدالفطر کی نماز کے موقع پر سیکورٹی کے انتظامات کو حتمی شکل دیتے ہوئے تمام عیدگاہوں، مساجد اور کھلے مقامات پر جہاں پر نماز عید کے اجتماعات ہوں گے (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

آئی ایف سی نے پی ٹی سی ایل گروپ کو ٹیلی نار پاکستان کے حصول کیلئے فنانسنگ کی منظوری دے دی

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے پی ٹی سی ایل گروپ کو ٹیلی نار پاکستان کی خریداری کے لیے فنانسنگ کی منظوری دے دی ہے۔ پی ٹی سی ایل گروپ نے ٹیلی نار پاکستان کے ساتھ حصص کی خریداری کے معاہدے پر (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

کوئٹہ، ایک موٹر سائیکل سوار ریڑی سے بنیان خرید رہا ہے

حکومت کی غیر ذمہ دارانہ طرز حکمرانی کی وجہ سے معیشت بستر مرگ پر ہے، عبدالمنان صلاحی

کوئٹہ (آن لائن) سربراہ استحکام بلوچستان میر عبدالمنان صلاحی اور تحریک کے مرکزی رہنما سردار عبدالستار افضل نے قبائلی عمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم بار بار یہ کہتے رہے ہیں موجودہ وفاقی حکومت کا بنیادی ڈھانچہ پختہ ذہن سیاسی کھلاڑیوں پر مشتمل ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

پنجگور میں محکمہ صحت سمیت کسی بھی ادارے کی تذلیل برداشت نہیں کریں گے، شکیل احمد بلوچ

انتشار پیدا کرنے والے عناصر کو تنبیہ کرتے ہیں کہ وہ ہتھکنڈوں سے باز آئیں

پنجگور (پ ر) پنجگور میں محکمہ صحت سمیت کسی بھی ادارے کی تذلیل برداشت نہیں کریں گے، انتشار پیدا کرنے والے عناصر کو تنبیہ کرتے ہیں کہ وہ ہتھکنڈوں سے باز آئیں بصورت دیگر شدید ردعمل کیلئے تیار ہو جائیں۔ میئر میونسپل کارپوریشن پنجگور شکیل احمد بلوچ بی این پی عوامی کے مرکزی رہنماء میئر پنجگور شکیل احمد بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پنجگور میں (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

نیشنل ہائی وے این چالیس کو دورویہ اور پراجیکٹ بنیادوں پر بنایا جائے، محمود بادینی

کوئٹہ (یو این اے) چیرمین مشترکہ بلوچستان بس ٹرانسپورٹ فیڈریشن محمود خان بادینی نے وزیراعظم پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان اور دیگر تمام اختیار داروں کے نام اپنے اجتماعی مسائل سے متعلق ایک کھلا خط میں کہا ہے کہ نیشنل اور انٹرنیشنل شاہراہ تفتان روٹ این 40 کی نوشکی (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

عمیرہ بی بی کے قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے، قاری رحمت اللہ

مقتولہ کا گلہ دبا کر قتل کیا گیا تاحال قاتل کو گرفتار کرنے کی بجائے مقتولہ کے بھائی کو دھمکیاں دی جارہی ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر قاری رحمت اللہ ایڈووکیٹ نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ انتظامیہ زوہیب شاہ ایڈووکیٹ کی ہمشیرہ عمیرہ بی بی کے قاتلوں کو فوری گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں وکلا کے تحفظ کے لئے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرس کے دوران کیا۔ اس موقع پر دیگر عہدیدار بھی موجود تھے۔ قاری رحمت اللہ ایڈووکیٹ اور دیگر نے کہا کہ گزشتہ روز ایڈووکیٹ زوہیب شاہ کی ہمشیرہ بی بی عمیرہ کا قتل (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

کوئٹہ، لوگ عید کے لیاقت بازار سے خریداری کررہے ہیں

کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر، اشتہاری اور دیگر ملزمان کے خلاف کارروائی

تمام ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر، اشتہاری اور دیگر ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری سمیت 8 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مسروقہ گاڑی بڑی مقدار میں چرس اور آلات قمار بازی ہزاروں روپے برآمد کرلئے۔ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عبدالحئی عامر بلوچ، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد جواد طارق کی خصو (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

واسا ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی قابل مذمت ہے، رحیم کاکڑ

واسا ملازمین سال بھر اپنی تنخواہوں اور بقایا جات کیلئے احتجاج پر ہوتے ہیں واسا سمیت تمام اداروں کی تنخواہیں اور بقایا جات فوری ادا کئے جائیں

جامع بلوچستان کے اساتذہ کرام ملازمین اور اس کے علاوہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن پی ڈی اے اور پی پی ایچ ای کے ملازمین کا مستقل بندوبست کریں

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سید اقبال شاہ ایڈووکیٹ سپریم کوٹ، میر واکس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ اور عمر فاروق ایڈووکیٹ نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ واسا ملازمین سال بھر اپنے تنخواہوں اور بقایا جات کیلئے احتجاج پر ہوتے ہیں جو کہ قابہ افسوس عمل ہے حکومت پہلی فرصت میں واسا ملازمین کیلئے سالانہ پی ایس ڈی پی میں واسا ملازمین کی سال بھر کی تنخواہیں وغیرہ مکمل طور سے رکھیں تاکہ یہ غریب ملازمین اپنے اور اپنے گھر والوں کا گزارہ کرسکیں بیان میں جامع بلوچستان کے اساتذہ کرام ملازمین اور اس کے علاوہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن پی ڈی اے اور پی پی ایچ ای کے ملازمین کا مستقل بندوبست کریں کیونکہ سال بھر کبھی واسا اور کبھی میٹرو پولیٹن پی ڈی اے اور آج کل (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

تحصیل جھل مگسی میں زمین کا تنازعہ 2 افراد شدید زخمی

زخمیوں کو لاڑکانہ سندھ ریفر کردیا، تاہم زخمیوں حالت تشویش ناک بتائی جارہی

جھل مگسی (یو این اے) تحصیل جھل مگسی لیویز تھانہ باربیجہ اور کوٹ مگسی کے حدود بمقام شادی ہڑ، مصر کے قریب زمینی تنازعہ وگندم فصل کٹائی کے دوران مبینہ ملزم امداد حسین ولد محمد مراد حسرانی مگسی نے کلاشنکوف سے فائرنگ کرکے دو بھائیوں عبدالکریم اور خورشید، پسران معشوق حسرانی مگسی کو شدید زخمی کرکے ملزم آلہ قتل سمیت فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا اطلاع ملنے پہ لیویز (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

رمضان جیسا ذوق عبادت باقی مہینوں میں بھی ہونا چاہیے، ذوالفقار

روزہ نماز خدمت خلق صرف رمضان میں نہیں بلکہ باقی مہینوں میں بھی نظر آنے چاہیے

کوئٹہ (پ ر) اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری سلسلہ قادریہ کے خلیفہ فقیر امتیاز حسین سروری قادری نے ڈاکٹر مزمل حسین قادری کے جانب افطار پارٹی میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان میں تزکیہ نفس ہورہا ہے اور آپ قیمتی بن رہے ہیں آپ کے روحانی جذبات میں ابھار ہے ایک شوق کی کیفیت ہے آپ اذان سنتے ہی مسجد کی طرف (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

مہنگائی فروشوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے، صدیق مدنی

پہلے تین سو روپے پر ملنے والے بسکٹ آج پانچ سو روپے پر مل رہے ہیں اور اسی طرح عوام کو گوشت اور دیگر خورا کی ضروریات کو خریدنے کی طاقت سے باہر ہورہے ہیں۔

اہل بلوچستان کو عیدالفطر کی ساری خوشیاں بہت بہت مبارک ہو اور اللہ رب العزت ان کے تمام عبادات اور ریاضتیں قبول ومقبول فرمائیں

چمن (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے رہنماء اور پاکستان یوتھ پارلیمنٹ کے ممبر حافظ محمد صدیق مدنی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس مبارک ماہ رمضان المبارک کے اختتام میں عیدالفطر کی خوشیوں کیلئے مہنگائی فروشوں نے عام عوام کیساتھ متوسط طبقے کی زندگی بھی اجیرن بنادی ہیں۔ عیدی سامان خریدنے میں عوام کی سکت نہیں رہی اور ہر چیز خریدنے آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے مزید کہا کہ مہنگائی فروشوں نے عیدی سامان کے علاوہ خورا کی سامان بھی مہنگے کردیئے ہیں۔ پہلے تین سو روپے پر ملنے والے بسکٹ آج پانچ سو روپے پر مل رہے ہیں اور اسی طرح عوام کو گوشت اور دیگر خورا کی ضروریات کو خریدنے کی طاقت سے باہر ہورہے ہیں۔ مہنگائی فروشوں نے حکومت کے نرخ لسٹ (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

کوئٹہ میں رمضان المبارک کی آخری عشرے کے اختتام اور عید کی آمد کے موقع پر مہنگائی پر قابو نہ پایا جاسکا

رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے کے لئے بلند وبانگ دعوے کئے گئے تھے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں رمضان المبارک کی آخری عشرے کے اختتام اور عید کی آمد کے موقع پر مہنگائی پر قابو نہ پایا جاسکا ضلعی انتظامیہ پرائس کنٹرول کمیٹی اپنی ذمہ داری نبھانے میں ناکام رہی عید کی آمد کے موقع پر مرغی، گائے اور بکرے کے گوشت میں اضافہ کردیا گیا اس کے علاوہ پھل اور سبزیوں، کھانے پینے کی چیزیوں، اشیاء خورد ونوش اور بکری آٹے کی قیمتیں بڑھادی گئیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے کے لئے بلند وبانگ دعوے کئے گئے تھے لیکن مہنگائی پر قابو نہ پایا جاسکا دکانداروں، سبزی فروشوں اور قصابوں نے گوشت، مرغی اور کھانے پینے کی چیزوں میں من مانا اضافہ کردیا (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر رابلہ بلیدی اور ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران رائٹ ٹو انفارمیشن سیمینار کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ، سیکریٹری صحت بلوچستان عبداللہ خان گوادر، کیچ اور حب میں ڈینگ اور ملیریا کے پھیلاؤ اور اس سے بچاؤ کے اقدامات کیلئے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ مناں چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

وفاق اور صوبے

وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے سینیٹ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے جو احتجاج ہو رہا ہے اس کو حکومت مسترد کرتی ہے، آج کے انتخابات کی آئینی حیثیت ہے۔ سینٹ کے انتخابات آئینی طریقے سے ہو رہے ہیں توقع رکھتا ہوں میری بات اپوزیشن تحمل سے سنے گی، منگل کے روز ایوان بالا میں چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کے انتخاب کے موقع پر نکتہ اعتراض پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں الیکشن ملتوی کسی قدرتی آفت کی وجہ سے نہیں ہوئے، وہاں پر مخصوص نشستوں پر منتخب لوگوں نے حلف لینا تھا ہائیکورٹ نے کہا کہ اجلاس بلا کر ان سے حلف لیا جائے۔ الیکشن کمیشن نے حکم دیا کہ جب تک مخصوص نشستوں پر حلف نہیں لیا جاتا سینٹ کے الیکشن نہیں ہوسکتا آئین میں لکھا ہے کہ کچھ سینیٹرز کی نشستیں خالی ہونے سے ایوان کی کارروائی نہیں رکے گی، اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ یہ کوئی طریقہ نہیں آپ اس صوبے میں انتخابی عمل کو چلنے بھی نا دیں اور یہاں بھی کہیں کہ ہم بزنس چلنے نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان بالا کو آئین کے تحت چلایا جا رہا ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے جو احتجاج کیا جا رہا ہے یہ درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے جو احتجاج ہو رہا ہے اس کو حکومت مسترد کرتی ہے انہوں نے کہا کہ جمہوری عمل کو چلنا چاہیے۔ وفاق مضبوط ہوگا تو تمام صوبے مضبوط ہوں گے۔

پی۔ٹی۔آئی کا بیانیہ اور جج صاحبان کا بیان حلفی!

عرفان صدیقی

8 فروری کے انتخابات سے حیات نو پانے اور 9 مئی کی حدت بڑی حد تک کم ہوجانے کے باوجود پی۔ٹی۔آئی کو خاصا مشکل لگ رہا تھا کہ وہ کس طرح اپنے بانی چیئرمین کو اڈیالہ جیل سے باہر لائے جن کے مقدمات کے فیصلے بس چند قدم کی دوری پر تھے۔ اس کے لئے ضروری تھا کہ عدلیہ کو بے چہرہ کردینے اور قانون وانصاف کی پوشاک پر سیاہی تھوپنے کا کوئی موقع ہاتھ آ جائے۔ جانے یہ پی۔ٹی۔آئی کی آرزو کا کرشمہ تھا یا کسی ساحر کی معجزہ کاری، عین اُنہی دنوں، جب رمضان المبارک کا عشرہ مغفرت شروع ہو چکا تھا، آمدِ بہار کی ایک سہانی صبح، اسلام آباد ہائیکورٹ کے چھ معزز جج صاحبان کے دلوں میں درد کی ایک کسک جاگی اور اُن پر منکشف ہوا کہ انتظامیہ اور ایک ایجنسی، مطلوب فیصلوں کے لئے دباؤ ڈال رہی ہیں۔ ان جج صاحبان میں سے ہر ایک کی عمر لگ بھگ پچاس برس سے زائد تھی۔ سب نے قواعد کے مطابق کم از کم دس برس اعلیٰ عدالتوں میں وکالت کی تھی۔ سب برسوں سے انصاف کی مسندوں پر تشریف فرما تھے۔ لیکن حیرت کی بات ہے کہ کسی ایک کو بھی ماضی میں اس طرح کے دباؤ سے پالا نہیں پڑا تھا۔ یہاں تک کہ شوکت عزیز صدیقی کو دشتِ بے نوا میں دھکیل کر، جنرل فیض حمید کی ''دوسالہ محنت'' کو عمدگی سے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا اقدام بھی ان کا رضا کارانہ اور عادلانہ فیصلہ تھا۔ منظر کچھ ایسا تھا جیسے وہ ابھی ابھی عرشِ معلّٰی کے نواح میں واقع، مقرّب فرشتوں کی بارگاہِ خاص سے کروہ ارضی پہ اُترے ہوں۔ سب کی عباؤں سے ابھی تک فرشتوں کے پَروں کی خوشبو آ رہی تھی۔ سو ہر ایک نے ہر دوسرے کو حیرت سے دیکھا اور کہا۔ ''مجھے کچھ معلوم نہیں کہ یہ دباؤ کیا ہوتا ہے اور اگر پڑے تو کیا کرنا چاہیے؟ اجتماعی فیصلہ ہوا کہ اپنے بڑوں کو خط لکھ کر پوچھتے ہیں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ سرحد پہ کھڑا ایک نیم خواندہ سپاہی بھی جانتا ہے کہ کوئی قدم اُس کی مقدس سرزمین پر پڑے تو کیا کرنا ہے؟ وہ مورچہ چھوڑ کر دوڑتا ہوا اپنے 'او۔سی' کے پاس نہیں جاتا کہ اب میں کیا کروں؟ وہ غنیم کا سینہ چھلنی کردیتا یا خود شہید ہوجاتا ہے۔ چھ جج صاحبان کے سامنے بھی دو تازہ مثالیں موجود تھیں۔ قاضی فائز عیسٰی نے عدلیہ کی آزادی کی خاطر کمال بہادری سے گروہ دشمناں کا مقابلہ کیا اور اس کا سینہ چھلنی کردیا۔ شوکت عزیز مردانگی سے لڑتا ہوا شہید ہوگیا۔ لیکن عالی مرتبت چھ نے غنیم کو للکارنے کے بجائے بذریعہ خط راہنمائی لینا زیادہ مناسب خیال کیا۔ یہ خط، عدلیہ پر دباؤ کے حوالے سے پی۔ٹی۔آئی کے بیانیے کے حق میں نہایت معتبر ''بیان حلفی'' کا درجہ اختیار کرگیا۔ شناسائی کی بات کُو بہ کُو پھیلتی چلی گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے، سائفر ہی کی طرح اس نامۂ دلبراں سے کھیلتے ہوئے تحریکِ انصاف نے سماں باندھ دیا۔ وہ ہمیشہ مقدمات کی حقیقت یا 'میرٹ' کو ایک طرف رکھتے ہوئے، جلسوں، جلوسوں، دھرنوں، لانگ مارچوں، وکلاء کی موشگافیوں اور سوشل میڈیا کی کرتب کاریوں سے کام لیتی ہے۔ اسی ہُنر کے سبب وہ سپریم کورٹ کی طرف سے لایعنی اور بے معنی قرار دی گئی پٹیشن کو مقدس صحیفہ بنا کر سرِ میزانِ عدل لے آئی تھی اور سہولت کاروں کی مدد سے پانامہ سے اقامہ کشید کرلیا تھا۔ پی۔ٹی۔آئی کے اس ہُنر کی کرشمہ سامانیوں کی فہرست بہت طویل ہے۔ کوئی ہے اس وطن عزیز میں جسے پیشی کے لئے عدالت بلائے اور وہ ہزاروں کا جتھہ لئے، سڑک پر کھڑی گاڑی سے نہ اترے اور عدالت خود پیشی بھرنے اس کی خدمت میں حاضر ہوجائے؟ کوئی ہے جو ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں ہو، اس کے لئے سرِشام سب سے بڑی عدالت آراستہ ہو، کہا جائے اُسے مرسڈیز گاڑی میں لاؤ، ''گڈ ٹو سی یو'' کہہ کر اُس کا استقبال کیا جائے، ایک پُرتعیش بنگلہ اس کے لئے مخصوص کردیا جائے اور صدر مملکت انواع واقسام کے کھانوں کے طشت اٹھائے اُس کے ہاں حاضری دیں؟ کوئی ہے جو پی۔ٹی۔وی کی رگ جاں دبوچ کر اُسے خاموش کردے لیکن قانون وانصاف کو جھرجھری تک نہ آئے؟

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چھرا کس نے گھونپا۔۔۔

طیبہ ضیاء

بقول عمران خان جنرل باجوہ نے میری پیٹھ میں چھرا گھونپا ہے۔ یہ ایسا چھرا تھا کہ لاڈلا ابو جی کو تیسری ایکسٹینشن دینے کو تیار ہو گیا؟؟ اور حافظ صاحب کیخلاف اس لئے ہے کہ بوٹ پالش کرانا ملک سے غداری سمجھتے ہیں۔ حافظ صاحب سے عمرانی کلٹ کی نفرت بے جا نہیں۔ جب ڈی جی آئی ایس آئی تھے تو بنی گالہ کی کرپشن بیقاب کر رہے تھے۔ پھر ابو جی باجوہ سے ضد کر کے حافظ صاحب کا تبادلہ کرادیا۔ بنی گالہ کی بدقسمتی کہ جس جج کو نکالا وہ اج چیف جسٹس ہے۔ جس ڈی جی آئی ایس آئی کو نکالا وہ اج ارمی چیف ہے۔ جس نواز شریف کو نکالا وہ مسلسل حکمرانی میں ہے۔ چھرا تو اس لاڈلے نے ملک کی پیٹھ میں گھونپا ہے۔ پاک فوج میں بغاوت کردو اور ایٹمی اثاثوں پر قابض ہونے کا دشمن کا ایجنڈا پورا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی مگر قدرت نے ایسا بندہ بھیج دیا جس نے تمام ارادوں کو چیر کر رکھ دیا۔ سب چور ہیں، سب غلط ہیں، بس میں واحد مہاتما ہوں۔ اسٹیبلشمنٹ کا لاڈلا جب اقتدار کو طول دینے کے لئے فوج کے اندر پارٹی بازی کھیلنے لگا تو ابو جی نے بیساکھیاں کرسی سمیت چھین لیں اور تب سے اس خود پرست کے منہ سے حافظ صاحب کے خلاف جھاگ بہتی رہتی ہے۔ فوج کے اندر پھوٹ کی افواہیں بھی یو ٹیوبروں کی اڑائی ہوئی ہیں۔ یو ٹیوبرز خان کے نام کی کمائی کھا رہے ہیں۔ جنرل باجوہ اور جنرل فیض بھی ارمی چیف عاصم منیر کے پیچھے کھڑے ہیں۔ جنرل فیض نے تو ایک نجی محفل میں خان کے متعلق یہ تک کہہ دیا تھا کہ ''میں نے خان جیسا کم ظرف انسان نہیں دیکھا''۔۔ خان کو لانے اور چلانے والے اس کے ہاتھوں دن رات گالیاں کھا کر اپنا بویا کاٹ رہے ہیں مگر فوج کے ساتھ ایک پیج پر ہیں کہ نومئی کے کرداروں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ حافظ صاحب خان کے لئے اج ڈھیل اور ڈیل دیدیں، اگلے لمحہ حافظ صاحب چھوٹے ابو جی کہلانے لگیں گے۔ سیاست اور جمہوریت اس شخص کے پاس سے نہیں گزری، بوٹوں کے صدقے ایا اور بوٹوں کے طفیل رخصت ہو گیا۔ ریاست میں ریاست بنانے کا خواب چکنا چور ہوا، ملک کے تین ٹکڑے۔ کبھی بنگلہ دیش اور کبھی پاکستان کو سری لنکا دیکھنے کی حسرت بھی رب نے منہ پر دے ماری۔ سانحہ نومئی کے بعد خان کے ماننے والے اندھے بہرے شخصیت پرستوں کی انکھوں میں جنرل حافظ سید عاصم منیر صاحب کا خوف دیکھا تھا۔ کسی کی ہمت نہیں تھی کہ فوج کو کوئی غلط کہے یا نیازی کا کوئی نام بھی لے۔ لیکن الیکشن کے بعد تکبر پھر لوٹ ایا۔ کچھ قانون پر عمل درامد نہ ہوا اور دوبارہ پاک فوج اور ارمی چیف کے خلاف زہر اگلنا شروع کر دیا ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کا زہر تو سمجھ میں اتا ہے کہ انہیں مغربی شہریت کا زعم ہے کہ انہیں کوئی ہاتھ نہیں ڈال سکتا مگر انہیں یہ یقین ہے کہ فوج مخالف پروپیگنڈا ان کا ائی ڈی کارڈ منسوخ اور انہیں پاکستان لینڈ کرتے ہی انہیں گرفتار کراسکتا ہے۔ باہر والوں کی شہہ پر پاکستان میں رشتہ دار مشکلات کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ وہ شخصیت پرست طبقہ ہے جو کبھی جنرل باجوہ کے گن گاتے نہیں تھکتا تھا اور جب انہوں نے بیساکھی چھین لی تو وہی باجوہ میر جعفر ہو گئے۔؟ اور بوٹ پالشیا ''مرشد'' قرار پایا؟ پھر نومئی کو فوج مخالف نفرت بغاوت جب رنگے ہاتھوں پکڑی گئی تو موجودہ ارمی چیف کے خلاف زہر افشانی شروع کر دی؟ جنرل عاصم منیر نے غداروں اور باغیوں کو بوٹ کی نوک پر رکھا تو 8 فروری کے الیکشن میں ان سے نفرت کا ووٹ دیا اور ''سنی اتحاد'' کے یتیموں نے پھر سے فوج کے خلاف پروپیگنڈا شروع کر دیا ہے۔ پندرہ لاکھ ماہانہ کے مرغ بکرے پھاڑنے والا جیل میں دیسی دنبہ جو پالا جا رہا ہے بلاوجہ نہیں۔ خان کو مارنا مقصد نہیں، جتنا مرضی مقبول اور مظلوم ہو جائے، اقتدار اس کا نصیب نہیں۔ نومئی کا ماسٹر مائنڈ اقتدار اور ازادی بھول جائے۔ پارٹی اغوا ہو چکی ہے۔ چوھدری پرویز الٰہی کو بھی ہیرو بنا کر پارٹی اس کے حوالے کر دی جائے گی کہ چودھری صاحب بندے ہی اعتماد کے ہیں۔ ریٹائرڈ فوجی اور سول افسران کے عمرانی کرش کی وجہ ان کی بیگمات ہیں۔ ہر فوجی کا خواب جنرل بننا ہوتا ہے۔ ہر سویلین کا شوق فوجی افسران سے رابطہ قائم کرنا ہوتا ہے۔ ریٹائرڈ فوجی ترقی رک جانے کا غصہ اور سویلین جرنیلوں سے فیصاب نہ ہونے کا غصہ پی ٹی ائی کا عاشق بن کر نکال رہے ہیں۔ ارمی چیف عاصم منیر کی حب الوطنی پر کوئی شبہ نہیں۔ یہودیوں کے جوائی اور امریکی ایجنٹ نے فقط اپنی ذات کی خاطر فوج سے نفرت کا جو جال پھیلایا ہے اس کا فائدہ دشمنوں کو ہو رہا ہے۔ مصدقہ ذرائع کے مطابق جماعت نے مختلف رابطوں سے ارمی چیف تک پیغام پہنچایا ہے کہ نیازی کو لندن بھیج دیں۔ حافظ صاحب غداروں کو کیفر کردار تک پہنچا کر ہی گھر جائیں گے۔ بقول عمران خان جنرل باجوہ نے میری پیٹھ میں چھرا گھونپا ہے۔ یہ ایسا چھرا تھا کہ لاڈلا ابو جی کو تیسری ایکسٹینشن دینے کو تیار ہو گیا؟؟ اور حافظ صاحب کیخلاف اس لئے ہے کہ بوٹ پالش کرانا ملک سے غداری سمجھتے ہیں۔ حافظ صاحب سے عمرانی کلٹ کی نفرت بے جا نہیں۔ جب ڈی جی آئی ایس آئی تھے تو بنی گالہ کی کرپشن بیقاب کر رہے تھے۔ پھر ابو جی باجوہ سے ضد کر کے حافظ صاحب کا تبادلہ کرادیا۔ بنی گالہ کی بدقسمتی کہ جس جج کو نکالا وہ اج چیف جسٹس ہے۔ جس ڈی جی آئی ایس آئی کو نکالا وہ اج ارمی چیف ہے۔ جس نواز شریف کو نکالا وہ مسلسل حکمرانی میں ہے۔ چھرا تو اس لاڈلے نے ملک کی پیٹھ میں گھونپا ہے۔ پاک فوج میں بغاوت کردو اور ایٹمی اثاثوں پر قابض ہونے کا دشمن کا ایجنڈا پورا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی مگر قدرت نے ایسا بندہ بھیج دیا جس نے تمام ارادوں کو چیر کر رکھ دیا۔ سب چور ہیں، سب غلط ہیں، بس میں واحد مہاتما ہوں۔ اسٹیبلشمنٹ کا لاڈلا جب اقتدار کو طول دینے کے لئے فوج کے اندر پارٹی بازی کھیلنے لگا تو ابو جی نے بیساکھیاں کرسی سمیت چھین لیں اور تب سے اس خود پرست کے منہ سے حافظ صاحب کے خلاف جھاگ بہتی رہتی ہے۔ فوج کے اندر پھوٹ کی افواہیں بھی یو ٹیوبروں کی اڑائی ہوئی ہیں۔ یو ٹیوبرز خان کے نام کی کمائی کھا رہے ہیں۔

رعونت بھری دوطرفہ "دھونس"

نصرت جاوید

میرے اور اپ جیسے عام پاکستانی تو فی الوقت اس فکر میں مبتلا ہیں کہ اب کی بار بازاروں میں عید کے قریب ویسی رونق دیکھنے کو نہیں مل رہی جس کے ہم عادی ہیں۔ وجہ اس بے رونقی کی یقیناً وہ کمرتوڑ مہنگائی ہے جس نے لوگوں کے چہروں سے قناعت کا اظہار گزشتہ کئی برسوں سے چھین رکھا ہے۔ ہمیں رونق وقناعت لوٹانے کے بجائے حکمران اشرافیہ مگر اپنے ''کلے'' تگڑے سے تگڑے بنانے کو مرے جا رہی ہے۔ اس گماں میں مبتلا ہے کہ اس نے ''داؤ'' لگا کر اقتدار پر اپنا قبضہ ''پکا'' کرلیا تو ''دشمن'' بے بس ہوا فقط دیکھتا ہی رہ جائے گا۔ 8 فروری 2024ء کے دن جو انتخاب ہوا اس کے حوالے سے ٹھوس اعداد وشمار ہمیں میسر نہیں۔ ان کی عدم موجودگی لیکن اس تاثر کو رد کرنے میں ناکام رہی کہ پشاور سے کراچی تک ووٹروں کی بے پناہ تعداد واضح نظراتی ضد کے ساتھ گھروں سے نکلی اور بیلٹ پیپروں پر ''قیدی نمبر 804'' کے حمایت یافتہ امیدواروں کے انتخابی نشان عاشقانہ لگن کے ساتھ ڈھونڈ لئے۔ ان پر مہر لگائی اور دلوں میں کئی مہینوں سے جمع ہوئی بھڑاس کے اظہار کے بعد گھروں کو لوٹ گئے۔ انتخابی نتائج مگر مذکورہ بالا تاثر کے برعکس برامد ہوئے۔ میرے اور اپ جیسے پاکستانیوں کے پاس یہ حق اور اس کے حقیقی استعمال کے لئے ایسا کوئی فورم موجود نہیں جس کی بدولت معلوم کیا جاسکے کہ 8 فروری 2024ء کے دن درحقیقت کیا ہوا تھا۔ اس سوال پر غور کئے جاتا ہوں تو یہ سوچ کر اگے بڑھنے کو مجبور ہوجاتا ہوں کہ ''جمہوریت'' ہمارے ہاں تو استحکام فراہم کرنے میں ناکام ہو رہا ہے۔ سیاسی جماعتیں اگرچہ اس امر کا اعتراف کرنے کو امادہ نہیں۔ انتشار کو بلکہ مزید بھڑکائے جا رہی ہیں۔ حکمران اتحاد کا کردار اس ضمن میں مجھے زیادہ پریشان کرنا شروع ہوگیا ہے۔ حکومت کی من مانیوں کو دوش دیتے ہوئے میں یہ لکھنے کو بھی مجبور ہوں کہ تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کے ساتھ اپنے تعلقات ومعاملات مستقل رعونت کی وجہ سے بگاڑ رکھے ہیں۔ اپنے ساتھ برتی رعونت نے الیکشن کمیشن کو ٹھوس قانونی جواز فراہم کردئے جن کی وجہ سے تحریک انصاف بطور ایک رجسٹرڈ سیاسی جماعت اپنے تاریخی نشان ''بلا'' کے ساتھ انتخابی اکھاڑے میں اترنہیں پائی۔ انتخاب ہوگئے تو یہ جماعت سنی اتحاد کونسل میں ''مدغم'' ہوگئی۔ ادغام کا فیصلہ کرتے ہوئے مگر یاد ہی نہ رکھا کہ مذکورہ سیاسی جماعت کے چیئرمین بذات خود ''ازاد'' امیدوار کی حیثیت میں کامیاب ہوئے تھے اور انہوں نے اپنے لئے سنی اتحاد کونسل کو الیکشن کمیشن کی جانب سے مختص ہوا انتخابی نشان بھی استعمال نہیں کیا تھا۔ تحریک انصاف اور سنی اتحاد کونسل کا ''ادغام'' لہٰذا کسی کام نہیں ایا۔ اس کے نتیجے میں تحریک انصاف اپنی حمایت میں پڑے ووٹوں کے تناسب سے قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں خواتین اور اقلیتی اراکین کے لئے مختص نشستیں بھی حاصل نہیں کر پائی۔ تحریک انصاف کی رعونت بھری حکمت عملی کے بارے میں تمام تر تحفظات کے باوجود میں ذاتی طور پر خواہش مند تھا کہ اقتدار سنبھالنے کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کے اتحادیوں کو ایسا راستہ نکالنا چاہیے تھا جو تحریک انصاف کی بطور سیاسی جماعت شناخت کو بحال وبرقرار رکھنا یقینی بناتا۔ اس کے طفیل تحریک کو اپنی حمایت میں بڑے ووٹوں کی نسبت سے خواتین واقلیتوں کے لئے مختص نشستیں بھی مل جاتیں۔ حکمران جماعت اور اس کے اتحادیوں کے علاوہ تحریک انصاف بھی لیکن ''تخت یا تختہ'' والے رویے پر ڈٹی رہی۔ یہ رویہ اختیار کرتے ہوئے البتہ ''میٹھا میٹھا ہپ...'' والا انداز بھی اپنائے رکھا۔ قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں تحریک انصاف کی حمایت سے کامیاب ہوئے امیدواروں نے بطور رکن سمبلی حلف بھی اٹھالئے۔ بعدازاں جب ان ہی اسمبلیوں سے سینٹ اراکین منتخب کرنے کی باری ائی تو اس عمل میں بھی بھرپور انداز میں حصہ لیا۔ پنجاب میں تو اس نے سینٹ کی ''جنرل'' نشستوں پر اپنے قبضے کے مطابق حصہ لینے کے لئے نمک مکا بھی کرلیا۔ خیبر پختونخواہ میں لیکن صوبائی حکومت تشکیل دینے کے بعد اس نے وہاں سے سینٹ کے اراکین منتخب ہونے نہیں دئے۔ جس صوبائی اسمبلی میں اکثریت کے بل بوتے پر علی امین گنڈاپور وزیر اعلیٰ ہیں اسے وہ ''نامکمل'' کہہ رہے ہیں۔ اس کا اجلاس ہونے نہیں دے رہے۔ اجلاس نہ ہونے کے سبب خواتین واقلیتوں کیلئے مختص نشستوں پر جن امیدواروں کی کامیابی کا اعلان الیکشن کمیشن نے کر رکھا ہے وہ حلف اٹھا نہیں پا رہے۔ پاکستان کے تمام صوبوں میں سینٹ کی خالی ہوئی نشستوں پر انتخاب ہوچکے ہیں۔ خیبر پختون خواہ میں لیکن معاملہ اٹک گیا ہے اور اس کے حل کی صورت بھی نظر نہیں ارہی۔ نظر بظاہر عدلیہ ہی اب خیبر پختونخواہ میں سینٹ کی خالی ہوئی نشستوں پر انتخاب کروانے کی کوئی راہ نکال سکتی ہے۔ بہتر یہی تھا کہ حکمران اتحاد اسے یہ فریضہ سرانجام دینے میں مدد فراہم کرتا۔ حکمران اتحاد نے مگر اپنی برتری ثابت کرنے کے لئے عید سے عین ایک دن قبل سینٹ کا اجلاس بلالیا ہے۔ منگل کی صبح ایوان بالا کے حال ہی میں پنجاب، سندھ اور بلوچستان سے منتخب ہوئے اراکین حلف اٹھالیں گے۔ سنا تو یہ بھی ہے کہ ان کے حلف اٹھالینے کے بعد سینٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب کی بھی ''تیاری'' ہے۔ سینٹ یا ایوان بالا وفاق پاکستان کی علامت ہے۔

آپ نے یاد دلایا تو ہمیں یاد آیا

عبداللہ طارق سہیل

آپ نے یاد دلایا تو ہمیں یاد آیا، مطلب آپ نے خوب یاد دلایا کہ ایک پلان بندوں کا ہوتا ہے اور ایک اللہ کا۔ دراصل تو یہ قرآنی آیت کا مفہوم ہے جس میں یہ بھی ہے کہ اللہ کی تدبیر ہی غالب رہتی ہے۔ بہرحال، اڈیالہ جیل میں 35 افراد کیلئے مختص جگہ کے اکیلے مکین نے اخبار نویسوں سے گفتگو کے دوران یہ مفہوم یاد دلایا تو ہمیں یاد آیا کہ ماضی قریب ترین میں پوری قوم مشیت الٰہی کے اس اصول کا حیرت انگیز مظاہرہ دیکھ چکی ہے۔ جی، بالکل ماضی قریب ترین یعنی، گویا کہ کل پرسوں ہی کی بات ہے کہ ایک صاحب نے فیصلہ کیا کہ ''چشمہ فیض'' کے تسلسل میں اضافہ کروں گا، پھر اسے بڑا کوتوال لگاؤں گا، کوتوالی کے بھرپور منصوبے (2018ء والے منصوبے کا پلس) پر عمل کرتے ہوئے الیکشن میں دوتہائی اکثریت حاصل کروں گا، آئین میں ترمیم کر کے صدارتی نظام لاؤں گا، صدر بن جاؤں گا اور وہ بھی پانچ دس سال کیلئے نہیں، تاحیات اور تاحیات کی مدت بھی غیر معینہ تھی کہ یہ امید گھر سے کسی روشن ضمیر مرشدانی نے جو غیب پر قدرت کا دعویٰ بھی رکھتی تھی، دلا رکھی تھی کہ آب حیات پلا کر تاحیات کی مدت میں غیر معینہ، لمبی، بہت ہی لمبی توسیع کروں گی۔ تاحیات بادشاہت کے پہلے دور میں دس ہزار نانجاروں کے خاتمے کا ارادہ بھی تھا۔ دس ہزار افراد کی لسٹ تو بہت پہلے سے تیار تھی۔ ٹی وی پر تشریف فرما حکمران جماعت کے ''سفارت کار'' اینکر پرسنز کے روپ میں پہلے ہی یہ بات اظہر من الشمس سے بھی بڑھ کر ثابت کرچکے تھے کہ ظل الٰہی کے راستے میں دور دور تک کوئی رکاوٹ نہیں، ایک پیج ناقابل شکست، فائر پروف بھی اور واٹر پروف بھی۔ اور پھر وہی ہوا، واللہ خیر الماکرین۔ سب تدبیریں ایک ایک کر کے الٹنے لگیں۔ بساط پلٹی تو بچاؤ کے مورچے سجائے، سب کے سب باری باری منہدم ہوتے گئے، ریت کے گھروں کی طرح ڈھے گئے اور تاحیات کا خواب لمحوں میں بکھر گیا۔ عدم اعتماد ٹالنے کے کتنے چارے کئے، سب اکارت۔ حکومت کا تخت بالآخر چھن گیا۔ اب متنبہ کیا کہ لانگ مارچ کر کے تخت واپس لوں گا۔ پلان زبردست تھا لیکن لوگ نہیں آئے۔ لاکھ کہا خون کی زنجیریں توڑ دو، میری خاطر نکلو، مجھ پر جاں دو، مجھ پر مرجاؤ کہ قبر میں یہی پہلا سوال تھا۔ لیکن جاں نثاروں نے خوف کی زنجیروں کو طلائی زیور بنا لیا پھر بڑے کوتوال کی تقرری کا مسئلہ اٹھا۔ جان پر بن آئی۔ کہا یہ تو نہیں ہونے دوں گا، ہر قیمت پر روکوں گا۔ جاں نثاروں کو یقین دلایا کہ لکھ لو، یہ والا تو کسی طور پر بڑا کوتوال بن ہی نہیں سکتا۔ میں اجازت دوں گا تو ہی بنے گا اور میں نے اجازت دینی ہی نہیں۔ بڑے کوتوال کی تقرری ہوگئی، کسی نے جھوٹے منہ بھی سبکدوش ظل الٰہی سے اجازت نہیں لی۔ سبکدوش ظل الٰہی منہ دیکھتے رہ گئے۔ پھر خفیہ ہی خفیہ ایک زبردست انقلابی منصوبہ بنا۔ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوئی، جتھے بن گئے۔ انقلاب کی تاریخ دے دی گئی، پکا بندوبست تھا کہ اندر سے کمک آئے گی، شام کے چراغ جلنے سے پہلے مسند شاہی پر چراغاں ہوگا۔ پھر کیا ہوا، ظل الٰہی (سبکدوش) مسند شاہی کے بجائے شاہی مہمان خانے پہنچ گئے۔ انصافیاتی نظام نے بہرحال کچھ نہ کچھ اشک شوئی کی، رہائش کیلئے/35 افراد کی جگہ سبکدوش ظل الٰہی کو عنایت کر دی، شاہی مطبخ کا بھی انتظام ہوگیا، دیسی بکروں مرغوں انڈوں اور شہد کی کھیپ روزانہ کے حساب سے شاہی مطبخ میں پہنچنے لگی، مزید دلجوئی کیلئے ہر روز ستر اسی افراد کی ملاقات کا اہتمام بھی کیا گیا کہ طبیعت بہلی رہے۔ لیکن طبیعت ہے کہ بہلتی ہی نہیں، دل ہے کہ مانتا ہی نہیں، دل ڈھونڈتا ہے پھر وہی ''کرسی'' کے رات دن۔ کرسی اب پہنچ سے باہر ہے، تاحیات باہر۔ تو اس طرح ہم نے دیکھا، آپ نے دیکھا، سب نے دیکھا کہ ایک تدبیر ''ظل الٰہی'' کی ہوتی ہے اور ایک تدبیر مشیت الٰہی کی۔ آپ نے یاد دلایا تو ہمیں یاد آیا۔ واللہ کیا خوب یاد دلایا۔ احادیث رسول کی روشنی میں علما کے دین اور فقہائے کرام کا اتفاق رائے ہے کہ کسی مسلمان کو (چاہے وہ ظاہری مسلمان، بے عمل، فاسق اور فاجر ہی کیوں نہ ہو) کو ''جہنمی'' قرار نہیں دیا جاسکتا۔ یعنی یہ نہیں کہا جاسکتا کہ فلاں آدمی دوزخ ہی میں جائے گا۔ ایسا ہی ہے۔ لیکن پرسوں کی رات، ایک قومی ٹی وی پر گریٹ خان کے بڑے مولوی صاحب نمودار ہوئے اور فرمایا موجودہ حکمران خبیث اور جہنمی ہیں۔ بظاہر لگتا تھا سخت اشتعال میں آکر یہ فرمادیا۔ حالانکہ سوال میں اشتعال تھا ہی نہیں، ضرور کوئی نادیدہ ''وجوہات'' ہوں گی۔ سوال کیا گیا، موجودہ حالات میں آپ (اپنے ممدوح گریٹ خان) کو کیا مشورہ دیں گے، انہیں کیا حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے۔ فرمایا، موجودہ حکمران جہنم میں جائیں گے

جمہوریت کو لہو سے سینچنے والا، بھٹو آج بھی دلوں کا حکمران ہے

چودھری منور انجم

ذوالفقار علی بھٹو شہید کو 1979ء کی چار اپریل کی منحوس رات میں ایک ڈکٹیٹر کی ایما پر عدالتی قتل کے بعد دفن کیا گیا اس عدالتی فیصلے پر دنیا بھر میں لعن طعن ہوئی دنیا بھر کے ماہرین نے اس فیصلے کو دنیا کی عدالتی تاریخ میں ایک بدنما داغ قرار دیا گو کہ پینتالیس برس بعد عدالت نے ہی اپنے ماتھے پر لگے اس داغ کو دھونے کی کوشش کی اور ایسا فیصلہ دیا کہ بھٹو شہید قرار پائے اور انہیں سزا دلوانے والا ڈکٹیٹر قاتل، تاریخ اس بات کی بھی منتظر ہے کہ وہ بھی سرکاری طور پر قاتل قرار پائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔ ذوالفقار علی بھٹو کی سزائے موت کی کئی دہائیوں بعد ان کے داماد اور اس وقت کے صدر پاکستان آصف علی زرداری نے 2011ء میں سپریم کورٹ آف پاکستان میں صدارتی ریفرنس دائر کیا تھا جس میں بھٹو کے خلاف عدالتی کارروائی پر عدالتی رائے مانگی گئی تھی، جس کا فیصلہ چار مارچ کو سامنے آیا۔ ریفرنس دائر ہونے کے تقریباً 13 برس بعد چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس فائز عیسٰی کی سربراہی میں نو رکنی لارجر بینچ نے ذوالفقار علی بھٹو کیس میں ٹرائل کو غیر شفاف اور خلاف آئین و قانون قرار دیا ہے۔ قانونی ماہرین کے نزدیک سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو شہید کی پھانسی کے ٹرائل کو غیر شفاف قرار دینا علامتی طور پر اہمیت کا حامل ہے۔ ماہرین کے بقول اس سے ملک کے نظام انصاف میں پہنچنے والے کئی نقائص کی بھی نشان دہی ہوتی ہے۔ قانونی ماہرین کے نزدیک اس بات کی بہت اہمیت ہے کہ سپریم کورٹ کے لارجر بینچ نے ذوالفقار علی بھٹو کو بعد از مرگ معاملے میں انصاف فراہم کیا ہے اور صرف اس بنیاد پر صرف نظر نہیں کیا کہ یہ 45 سال پرانی بات ہوگئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا کے کئی ممالک میں اس بات کی نظیر پائی جاتی ہے کہ بعد از مرگ لوگوں کو انصاف دیا گیا ہے۔ اس اعتبار سے بھٹو ریفرنس میں سپریم کورٹ کی رائے تاریخی اہمیت رکھتی ہے، اسے پاکستان میں قانون و آئین کی تاریخ اور نصاب میں شامل کیا جائے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ اس معاملے میں چیف جسٹس فائز عیسٰی کو بھی داد دیتے ہیں کہ انہوں نے 2011ء سے زیر التوا اس معاملے کو چند ماہ کے اندر نمٹا کر ایک بڑی تاریخی غلطی درست کردی۔ اب بھٹو صاحب کو تو عدالت واپس لا نہیں سکتی تھی، لیکن ان کے ساتھ ہونے والی زیادتی کو تو واضح کرسکتی تھی، جو کی گئی۔ تاریخ کا ایک سچ یہ بھی ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کو 45 سال گزر جانے کے بعد بھی ان کی مقبولیت میں کمی نہیں آئی، جبکہ ضیاالحق کا نام اس کی اپنی اولاد لیتے ہوئے بھی گھبراتی ہے۔ پاکستان میں جمہوریت بھٹو شہید کے لہو سے سینچی گئی ہے، بھٹو آج بھی پاکستانیوں کے دلوں کا حکمران ہے۔ پیپلز پارٹی کے بانی، سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو شہید کی برسی ہر سال انتہائی عقیدت و احترام سے پاکستان سمیت دنیا بھر منائی جاتی ہ

ملک دیوالیہ کیوں ہوتے ہیں؟

تحریر: اعجاز علی ساغر
اسلام آباد
Twitter: @SAGHAR1214

پچھلے دنوں وزیر دفاع خواجہ آصف نے برملا کہا کہ ملک ڈیفالٹ کر چکا ہے اور ہم عوام کو فوری ریلیف نہیں دے سکتے، خواجہ آصف سے کسی کا لاکھ اختلاف ہو مگر میں ان کی اور میاں جاوید لطیف کی بے باکی کا ہمیشہ سے معترف رہا ہوں خاص کر خواجہ آصف اس معاملے میں بالکل صاف گو ہیں بظاہر ان کی باتیں کسی کو کڑوی لگیں لیکن ان کی باتوں میں چھپی حقیقت کو جھٹلایا نہیں جاسکتا، سوال یہ پیدا ہوتا کہ ملک دیوالیہ کیوں ہوجاتے ہیں اور اسکی وجوہات کیا ہیں؟ ہم اپریل 2022 میں دیوالیہ ہونیوالے سری لنکا کی جانب نظر دوڑائیں کہ تیزی سے ترقی کرتا ملک یکدم دیوالیہ کیوں ہوگیا ایسے کون سے محرکات تھے کہ اس ملک کو بیرونی ادائیگیاں روکنی پڑ گئیں، دراصل وہاں راجا پاکسے خاندان کئی سالوں سے برسراقتدار تھا جنہوں نے اقرباء پروری اور کرپشن کو فروغ دیا سری لنکن صدر مہندا راجا پاکسے نے سارے عہدے گھر میں ہی بانٹ رکھے تھے قوم دن بدن بھوک و افلاس میں گھر رہی تھی جبکہ راجا پاکسے خاندان کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھیں عوام صبر پہ صبر کیے جارہی تھی کہ شاید حالات بدل جائیں اور حکمرانوں کی آنکھیں کھل جائیں لیکن حکمران طبقہ اور بیوروکریسی عیاشیوں میں اس قدر مست تھے کہ انہیں کسی کی پرواہ نہیں تھا آخر کار اپریل 2022 میں سری لنکن حکمرانوں نے ملک دیوالیہ ہونے کا اعلان کردیا عوام جو بھری پڑی تھی اور اس کا غصہ اور نفرت انتہا کو پہنچ چکی تھی وہ سڑکوں پر نکل آئی اور راجا پاکسے خاندان کو بھاگنے پر مجبور کردیا، ان کے محل نما گھر کو آگ لگادی گئی اور جو بھی ملا اسکی خوب دھنائی کی گئی۔ یہ میسج دنیا کے ان حکمرانوں کو دیا گیا جو اسی طرح مست الست عوام کا خون چوسنے میں مصروف تھے۔ ملک ڈیفالٹ کرجانے سے ہوتا کیا ہے اور اب تک کون کون سے ممالک دیوالیہ ہوچکے ہیں اس بارے میں مختصر سا اپنے قارئین کو بتاتا ہوں۔ تاریخ میں جو پہلا ملک دیوالیہ ہوا وہ یونان تھا اپنی آزادی سے لے کر اب تک کا؟ دھا دور یونان نے ڈیفالٹ میں ہی گزارا ہے۔ ارجنٹینا جو سو سال پہلے دنیا کے دس امیر ترین ممالک میں سے ایک تھا وہ گزشتہ سو سالوں میں نو بار ڈیفالٹ کرچکا ہے۔ اسپین سب سے زیادہ ڈیفالٹ کرجانے والا ملک ہے، جو تقریباً 13 بار ڈیفالٹ کرچکا ہے لیکن کسی نے کیا اکھاڑ لیا۔ خود لاطینی امریکہ کے بشتر ممالک ڈیفالٹ کرچکے ہیں۔ ایسے میں اگر پاکستان ڈیفالٹ کر بھی جائے تو کیا قیامت آجائے گی۔ زیادہ سے زیادہ کیا ہوگا عالمی مالیاتی ادارے قرضہ نہیں دیں گے نہ دیں۔ ہم بھی تو یہی چاہتے ہیں کہ اب مزید قرضہ نہ لیا جائے۔ بلکہ خود انحصاری کی پالیسی کو اپنایا جائے۔ ڈالر نہیں ہوں گے تو کچھ امپورٹ بھی نہیں ہوگا۔ امپورٹ نہیں ہوگا تو ساری عیاشیاں مٹی میں مل جائیں گی۔ ہر کوئی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائے گا۔ کرپشن کا ریٹ بھی کم ہوجائے گا۔ اور شاید ہم خواب غفلت سے جاگ جائیں۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم اس خواب غفلت سے جاگ پائیں گے؟ ہمارے حکمرانوں کی عیاشیاں دیکھیں تو یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کہ اس ملک کے حکمران اگلے سو سال میں بھی اس نیند سے جاگیں یا ان کو ہوش آئے۔ جب سے موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا ہے تب سے لیکر اب تک عوام کی چیخیں نکلوادی ہیں وہ عوام جو شاید کھانے پر بھی ٹیکس دیتی ہے اس پر مزید ٹیکس لگا دیے گئے ہیں پاکستان میں کاروبار کرنا پہلے ہی مشکل ہوچکا ہے حکومت کے ایسے فیصلوں سے رہا سہا کاروبار بھی ختم ہوجائے گا میرا کہنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ حکومت ٹیکس نہ لے بیشک وہ ٹیکس لے مگر غریبوں کے ٹیکس کا پیسہ کہیں لگا ہوا تو نظر آئے حکمران اپنی عیاشیوں اور اللوں تللوں کی نذر اس ٹیکس کے پیسے کو نہ کریں بلکہ یورپی اور مغربی ممالک کی طرح ویسی ہی سہولیات دیں جیسی وہ اپنی عوام کو دے رہے ہیں یہاں غریب کے ٹیکس سے ایون فیلڈ اور دبئی و امریکہ میں جائیدادیں بنانے پر زور نہ دیا جائے بلکہ عوام کی فلاح و بہبود پہ وہ پیسہ لگایا جائے، بڑا بزنس مین اپنا کاروبار سمیٹ کر دبئی، بنگلہ دیش اور کینیا جیسے ملک جاچکا ہے کیونکہ وہاں ان کو کاروبار کی آزادی ہے آج بنگلہ دیش اس حوالے سے کہاں پہنچ چکا ہے اور ہم آج بھی کشکول لیے پھر رہے ہیں۔ آج کچے کے ڈاکو اور کراچی کے ڈکیت حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کیلئے دردسر بنے ہوئے ہیں کراچی تو کراچی اب اسلام آباد جیسا محفوظ شہر اور وفاقی دارالحکومت بھی ڈکیتوں کے شر سے محفوظ نہیں ہے لوگ گھروں سے نکلتے ہوئے ڈرتے ہیں مگر حکمرانوں کو اس کی ذرا بھی پرواہ نہیں ہے بس مذمتی بیان پر ہی اکتفا کرتے ہیں جس ملک کا دارالحکومت ہی محفوظ نہ ہو اس پورے ملک کی حالت کیا ہوگی یہ آپ خود سمجھ سکتے ہیں۔ موجودہ حکومت ایک طرف سے تو ملک کے دیوالیہ ہونے کا اعلان کررہی ہے تو دوسری طرف معیشت کی بہتری کی میڈیا پر خبریں چلوا کر عوام کو الو بنارہی ہے اگر اس ملک کی معیشت اتنی ہی اچھی ہے تو پھر یہ ڈیفالٹ کیوں کرگیا؟ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ حکومت نے وجود میں آتے ہی ادارے آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کیا ہے یعنی اداروں کی نجکاری اور انہیں سیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے جن اداروں کی نجکاری کا فیصلہ کیا گیا ہے اس میں پی آئی اے، ریلوے، واپڈا، آئل اینڈ گیس، پی ایس او وغیرہ شامل ہیں اسکے علاوہ مزید اداروں کی نجکاری بھی کی جائے گی اس وقت قومی خزانے میں تقریباً آٹھ بلین ڈالرز موجود ہیں جو دوست ممالک سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور چائینہ کے ہیں ان کو دکھا کر ہم قرض پہ قرض لیے جارہے ہیں وہ ایک مثال ہے کہ ایک شخص کے پاس ایک خوبصورت بلی تھی وہ روزانہ اسے سونے کے پیالے میں دودھ اور پانی پلاتا لوگ اسے دیکھتے رہتے ایک دن ایک خاتون نے اس سے کہا کہ آپ بلی بیچیں گے اس نے کہا کہ جی ہاں بیچوں گا خاتون نے بلی کی قیمت پوچھی تو اس شخص نے کہا کہ اس بلی کے پچاس ڈالر لوں گا خاتون نے پچاس ڈالر دیے اور بلی لے لی اب خاتون جانے لگی تو اس نے کہا کہ بلی تو آپ نے بیچ دی ہے اب یہ پیالہ آپ کے کسی کام کا نہیں ہے لہذا یہ پیالہ مجھے دیدو اس شخص نے کہا کہ نہیں محترمہ اسی پیالے کو دکھا کر تو اب تک میں نے چار سو بلیاں بیچ دی ہیں۔ ہمارے قومی خزانے میں آٹھ بلین ڈالر پڑے ہیں بظاہر تو ہم ابھی تک دیوالیہ نہیں ہوئے لیکن یہ آٹھ ارب ڈالر ہم خرچ نہیں کرسکتے بس دکھانے کیلئے رکھے ہیں۔ ایک طرف ہمارے وزیراعظم اور ان کی کابینہ کفایت شعاری کا راگ الاپ رہی ہے اور دوسری طرف چھوٹے میاں کابینہ بمعہ اہل وعیال اپنے پہلے دورے پر سعودی عرب پہنچ چکے ہیں جہاں وہ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کو ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے بریف کرنا چاہتے ہیں کیونکہ سعودی عرب ریکوڈک میں دلچسپی ظاہر کرچکا ہے یہ ڈیل طے پاتی ہے یا نہیں یہ کہنا قبل از وقت ہوگا لیکن وزیراعظم صاحب اپنے کفایت شعاری کے اعلان کو حتمی شکل دیتے ہوئے اس بات کی احتیاط کریں کہ یہ ملک دیوالیہ ہوچکا ہے (بقول خواجہ آصف صاحب کے) اور دیوالیہ ملک کی پوری کابینہ بمعہ اہل وعیال سرکاری خرچ پر عمرے کریں گے تو اس کا بوجھ عام عوام پر پڑے گا اور عوام کے پہلے ہی ستو نکلے ہوئے ہیں دوسرا وزیراعظم صاحب نے سرکاری ملازمین کو تنخواہ کے ساتھ ساتھ چار چار بونس دینے کا بھی اعلان کیا ہے وزیراعظم صاحب ذرا عوام کو یہ بتائیں کہ ان ملازمین وافسران نے ایسے کون سے کارنامے سرانجام دیے ہیں کہ ان کو بونس دیے جارہے ہیں اگر حقیقت پوچھیں تو سرکاری ملازمین وافسران تو کام کرتے ہی نہیں بلکہ صرف وہی کام کرتے ہیں جس کی انہیں رشوت دی جاتی ہے بیوروکریسی نے اس ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے کوئی ان کا احتساب کرنے کو تیار نہیں ہے۔ یہ ملک دیوالیہ نہ ہوتو اور کیا کرے الیکشن 2024 پہ جو ڈرامہ لگایا گیا وہ ابھی تک ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا ملک میں اپوزیشن نام کی کوئی چیز موجود نہیں ہے جو بولتا ہے اسکو دبا دیا جاتا ہے۔ انصاف دینے والے ججز خود جس ملک میں انصاف مانگ رہے ہوں وہ ملک اگر دیوالیہ نہیں ہوگا تو کیا ہوگا؟ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکمرانوں کو اب اس روش کو چھوڑنا ہوگا ورنہ ان کا حال سری لنکا کے حکمرانوں جیسا ہوگا، تمام سیاست دان اور اسٹیک ہولڈرز ایک جگہ اس ملک اور قوم کیلئے بیٹھ جائیں اور سب ملکر پاکستان کو اس گرداب سے نکالیں اگر ہم نے وقت پر فیصلے نہ کیے تو بہت دیر ہوجائے گی کیونکہ ہمارا ازلی دشمن اس وقت گھات لگائے بیٹھا ہے اسکو جس وقت بھی موقع ملے گا وہ چڑھ دوڑے گا۔ اس وقت بھارت میں الیکشن نزدیک ہیں اور بھارتی وزیر داخلہ راج ناتھ اپنی گیدڑ بھبکی سے اپنے عزائم واضح کرچکے ہیں اگر سیاستدان آپسی رسہ کشی میں مصروف رہے تو دشمن حملہ کرنے میں دیر بھی نہیں لگائے گا لہذا سیاستدان متحد ہوجائیں اور پوری قوم کو متحد کرکے دنیا میں یہ پیغام دیں کہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والے کی آنکھیں نوچ لی جائیں گی۔ صدر آصف علی زرداری وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی کابینہ مل کر پاکستان کو معاشی لحاظ سے مضبوط بنائیں عوام پر ٹیکسوں کی بھرمار کرنے سے عام آدمی زندہ درگور ہوجائے گا حالیہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پورے ملک میں اجتماعی خودکشیوں کا ایک ایسا سلسلہ شروع ہوا ہے جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا عوام بجلی اور گیس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافوں سے تنگ آچکے ہیں، اس کے علاوہ مہنگائی اور غربت میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے شہباز حکومت کو اس حوالے سے سوچنا ہوگا۔ حکومت اور اسکے اتحادی مل بیٹھ کر عوام کو فوری ریلیف دیں اور اس خودساختہ مہنگائی سے عوام کی جان چھڑائیں۔ رب کریم سے دعا ہے کہ وہ اس بابرکت مہینے کے اختتام پر میرے ارض پاک پر اپنی خاص رحمتوں کا نزول فرمائے، رب کریم پاکستان کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔ آمین

پاکستانیوں کی زندگیاں سب سے ارزاں کیوں ہیں؟

مختار چودھری

اگر پوری دنیا کے لوگوں سے یہ سوال کیا جائے کہ دنیا میں سب سے قیمتی چیز کیا ہے۔ تو میرے خیال کے مطابق شاید 95 فیصد لوگوں کا جواب ''زندگی'' ہوگا، ویسے یہ جواب تو 100 فیصد لوگوں کا ہونا چاہئے، کیونکہ ہر کوئی اپنی اور اپنے بچوں کی زندگی سے بڑھ کر کسی شے کو زیادہ قیمتی نہیں سمجھ سکتا، لیکن اس دنیا کی آٹھ ارب سے زائد کی آبادی کا تقریباً 2۔ 3 فیصد پاکستانی ہیں، جن کے لئے انسانی زندگی سے ضروریات زندگی مہنگی ہوچکی ہیں۔ پاکستان میں اگر کوئی چیز سستی ہے تو وہ انسانی جان ہے۔ ہمارے ملک کی اشرافیہ 10 فیصد ہے جن کی جانیں قیمتی ہیں اور وہ اپنی جانوں کی حفاظت کی خاطر باقی 90 فیصد ارزاں لوگوں کی زندگیوں کو ہر وقت داؤ پر لگا سکتے ہیں، کیونکہ 90 فیصد ویسے ہی جسم و جان کے رشتے کو قائم رکھنے کی تگ ودو میں اپنی جانوں کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ پاکستان کے علاوہ بھی کئی ممالک ایسے ہیں، جہاں انسانی زندگی کی قدر کم ہے اس لئے راقم نے 95 فیصد کا جواب زندگی لکھ دیا ہے اگر ہم اپنے ملک میں انسانی زندگی کی حفاظت کے حوالے سے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیں تو پھر یہ اندازہ بخوبی ہوجاتا ہے کہ پاکستان میں سب سے ارزاں چیز انسانی زندگی ہے۔ ہمارے ہاں غریب بچے پیدا کرنے میں کنجوسی نہیں کرتے، مگر اپنے ہی بچوں کی پرورش اور ان کی حفاظت میں سب سے زیادہ کنجوس ہوجاتے ہیں، بلکہ وہ بچوں کو پیدا ہی اپنے مفاد یا اپنی کمائی کے لئے کرتے ہیں۔ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ سڑکوں پر جگہ جگہ ہفتوں اور مہینوں کے بچوں کو اُٹھائے خواتین مانگ رہی ہوتی ہیں، کیونکہ انہیں یقین ہوتا ہے کہ لوگ معصوم بچے کی حالت دیکھ کر خیرات دیتے ہیں۔ پھر جب بچے ابھی پانچ سال کے بھی نہیں ہوتے تو انہیں کام پر لگا دیا جاتا ہے۔ یا پھر مدرسوں میں بھیج کر ان کی روٹی کا بندوبست کرنے کے ساتھ ساتھ والدین اپنی بخشش کا ذریعہ بھی بناتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے بچے ورکشاپوں، دکانوں اور گھروں میں کام کرتے ہیں اور کچھ سڑکوں پر مختلف چیزیں فروخت کرتے نظر آتے ہیں، یعنی ان بچوں کا بچپن دوسروں کی نظر ہوجاتا ہے۔ بات یہاں تک بھی نہیں رکتی، ہمارے ہاں حادثات میں جتنی اموات ہوتی ہیں ان اموات کی وجوہات کو دیکھتے ہوئے صاف پتا چلتا ہے کہ ہماری زندگیوں کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ ہمارے ہاں سب سے زیادہ زندگیاں سڑکوں پر ہونے والے حادثات میں گل ہوجاتی ہیں اور یہ سب ہماری لاپرواہی کا نتیجہ ہوتا ہے۔ دہشت گردی سے شہید ہونا تو چلو مجبوری ہے، لیکن ہمارے کسی بھی کام کرنے کی جگہ پر انسانی زندگی کی حفاظت کا درست بندوبست نہیں ہوتا، بجلی کا کام ہو یا کسی کارخانے میں کام کرنے والے ہوں یا عمارتی کام کرنے والے مزدور ہوں کسی بھی جگہ محفوظ بندوبست نہیں ہے، لیکن آج ہم صرف سڑکوں پر ہونے والے حادثات کا جائزہ لیتے ہیں اور یہ دیکھتے ہیں کہ ہماری حکومت ان حادثات کی روک تھام کے لئے کیا کر رہی ہے؟ دنیا میں کسی بھی ملک کے لوگوں کے شعور کو جانچنے میں سب سے پہلے اس ملک کی سڑکوں پر ٹریفک اور صفائی کی صورتحال کو دیکھا جاتا ہے۔ اور یہ خاکسار آج تک جتنے ممالک میں گیا ہے اس کو سامنے رکھتے ہوئے پورے یقین سے لکھ رہا ہے کہ ہم ان دونوں چیزوں میں سب سے پیچھے ہیں۔ پاکستان کی ٹریفک کی بے ترتیبی اور قانونی خلاف ورزی کی اڑتی دھجیاں اپنی جگہ، لیکن حفاظتی انتظامات بالکل نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ہمارے ملک کی سڑکوں پر سب سے زیادہ تعداد موٹر سائیکلوں کی ہے اور ان میں 70 فیصد بغیر ہیلمٹ سوار ہوتے ہیں۔ موٹر سائیکلوں پر اطراف میں دیکھنے والے شیشے ہوتے ہیں نہ پیچھے سے نظر آنے والی لائٹ ہوتی ہے۔ پھر سوار سمجھ رہا ہوتا ہے کہ اس کے پاس اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنے کا یہی وقت ہے، کیونکہ اپنا جسم جتنا بھی کمزور ہو لیکن موٹر سائیکل میں بہرحال پیٹرول ہوتا ہے۔ میں نے اپنے آبائی علاقے بھمبر آزاد کشمیر میں صرف ایک سڑک پر 10 کلومیٹر کے فاصلے میں پچھلے 12 برس میں بیسیوں حادثات ہوتے دیکھے ہیں جس میں 95 فیصد پلے پوسے نوجوانوں کی زندگیوں کے چراغ گل ہوئے اور ان میں 5 حادثات ایسے تھے جہاں دو سگے بھائیوں کی اموات ہوئیں اور ایک حادثے میں ماں بیٹے کی جان گئی ہے۔ یہ تمام حادثات تقدیر سے نہیں، بلکہ ہم سب کی لاپرواہی سے ہوئے ہیں۔ اس طرح کا حادثہ ہوتے ہی لوگ جوق در جوق افسوس، جنازے اور فاتحہ کے لیے امڈ آتے ہیں، جن میں ایک بھی بندہ یا لیڈر ایسا نہیں ہوتا جو اس حادثے کی وجوہات اور آئندہ ایسے حادثات کی روک تھام پر بات کرے۔ بس سب بخشش کی دعا اور اپنا فرض ادا کر کے آئندہ حادثے کا انتظار کرنے لگتے ہیں۔ راقم نے چونکہ زندگی کا بڑا حصہ یورپ کے اس ملک میں گزارہ ہے جہاں ہر سال ٹریفک حادثات میں مرنے والوں کی تعداد کا جائزہ لے کر اگلے سال تک اس میں نمایاں کمی کی جاتی ہے۔ ناروے کے دارالحکومت اوسلو میں ایک سال میں صرف ایک بندہ ٹریفک حادثے کا شکار ہوا، جس کی عمر 60 سے زیادہ تھی۔ اس سال بھی ناروے کی حکومت، پارلیمنٹ اور میڈیا میں یہ بحث ہورہی تھی کہ آئندہ کیا اقدامات کئے جائیں کہ ایک بھی بندہ ٹریفک حادثات میں ضائع نہ ہو۔ اس لئے اس خاکسار نے پچھلے سات سال سے اپنے علاقے میں یہ کوشش کی کہ اس نقارخانے میں کوئی طوطی کی آواز سنے اور ان حادثات کی روک تھام کے لئے کسی مہم کا آغاز ہوسکے، لیکن انتظامیہ کو اس کی پرواہ نہیں بلکہ وہ میری کوشش کو اپنے کام میں ناجائز مداخلت سمجھتے ہیں اور عام لوگ مجھے دیوانہ سمجھتے ہیں کہ یہ کون سا کام کرنا چاہتا ہے۔ گزشتہ روز اندھیرے میں کھڑی ایک لوڈ ٹرالی کے ساتھ موٹر سائیکل کی ٹکر سے ایک بار پھر دو سگے بھائی ہے

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کوئٹہ سے پشین کیلئے روانہ ہوگا اور جلسے کے اختتام پر آغا سید لیاقت علی کے ظہرانے میں شریک ہونگے اور اس کے بعد قائدین کا قافلہ چمن کیلئے روانہ ہوگا۔ پشین اور چمن کے جلسہ عام سے مرکزی قائدین پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان ترین، جماعت اسلامی کے لیاقت بلوچ، مجلس وحدت مسلمین کے علامہ راجہ ناصر عباس نقوی اور سنی اتحاد کونسل کے صاحبزادہ محمد رضا خطاب فرمائینگے۔ اجلاس کے آخر میں دونوں اضلاع پشین اور چمن کے سیاسی کارکنوں کو جلسوں کو کامیاب بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بھاگ میں روزگار کے مواقع محدود ہیں بیروزگاری اور ہوشربا مہنگائی کے باعث سفید پوش طبقے کی خریداری نہ ہونے کے برابر ہے سفید طبقہ اپنے مالی وسائل کو دیکھتے ہوئیکرتا ہے بیروزگاری ہوشربا مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے جبکہ بعض لوگوں کی خریداری ہزاروں روپے میں ہے وہ خریداری کے لیے بڑے شہروں کو ترجیح دیتے ہیں سب سے زیادہ خریداری اپر کلاس کے لوگ کرتے ہیں جبکہ سفید پوش طبقہ خریداری نہیں کرپارہا مہنگائی نے سفید پوش طبقے کو زیادہ متاثر کیا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے قائم کردہ یوٹیلیٹی سٹور پر کڑی شرائط کے باعث مزدور اس پروگرام سے مستفید نہ سکے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے بلوچستان کے مختلف شہروں میں سٹریٹ کرائمز کے حوالے سے دن بہ دن بدتر ہوتی جارہی ہے لوگوں کے لئے نماز اور تراویح پڑھنے کے لئے گھر سے نکلنا بھی مشکل ہوگیا ہے پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ رمضان المبارک اور عید کے موقع پر پولیس اور لیویز کی گشت بڑھائی جائے اور عوام کی جان و مال کی تحفظ کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں پریس ریلیز میں دکی میں مزدوروں کی گمشدگی اور اغوا کے واقعات کی روک تھام کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اپنے تحفظ کے لئے پرائیویٹ ملیشیاز اور قبائلی لشکروں کی تشکیل سے معاشرے میں بدنظمی، انارکی اور بندوق کے ذاتی مقاصد کے لئے استعمال کا رجحان بڑھتا ہے جب انتظامیہ اپنے فرائض میں ناکام ہوجاتی ہے تو لامحالہ اپنے مدد آپ کے تحت دفاع کا سوچ پیدا ہوجاتا ہے لیکن اس قسم کا دفاع وہ خرچہ جس سے ہمیشہ ہی شر برآمد ہوتا ہے لہذا دکی میں کان کنوں کی حفاظت ہو یا چمن اور دوسرے علاقوں میں چوری اور ڈاکہ زنی کی وارداتوں کا سدباب ہو حکومت کو عوام کی جانب سے اپنی حفاظت کے لئے اسلحہ اٹھانے کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا چاہئے

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چاہئے کہ اپنی عید کی خوشیوں میں غریبوں کو بھی شامل کریں۔ عیدالفطر کے موقع پر یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عیدالفطر کا دن ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم انفرادی سوچ کی بجائے اجتماعیت کی جانب بڑھیں، عید کا دن ایک مذہبی تہوار ہی نہیں بلکہ رب تعالیٰ کا شکر بجا لانے کا دن ہے دین اسلام کی تعلیمات کے مطابق آج کے دن ہم معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کو اپنی خوشیوں میں شریک کریں آج کا دن اس عہد کی تجدید کا دن ہے کے ہم اپنی زندگیوں کو اس سانچے میں ڈھالیں گے جس کا تقاضہ عید کا دن ہم سے کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام اور خطباء عید کے اجتماعات کے دوران پاکستان کی خوشحالی، معاشی ترقی کیلئے خصوصی دعائیں کرائیں۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی جانب سے دنیا بھر کے مسلمانوں کو عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔ عیدالفطر کا اللہ کریم کی جانب سے مسلمانوں کیلئے تحفہ ہے، یوم عید اختلافات اور رنجشوں کو بھول کر ایک دوسرے کو گلے لگانے کا دن ہے ہمیں چاہئے کہ اپنی عید کی خوشیوں میں غریبوں کو بھی شامل کریں۔ عیدالفطر کے موقع پر یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عیدالفطر کا دن ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم انفرادی سوچ کی بجائے اجتماعیت کی جانب بڑھیں، عید کا دن ایک مذہبی تہوار ہی نہیں بلکہ رب تعالیٰ کا شکر بجا لانے کا دن ہے دین اسلام کی تعلیمات کے مطابق آج کے دن ہم معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کو اپنی خوشیوں میں شریک کریں آج کا دن اس عہد کی تجدید کا دن ہے۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دی ہے سفید پوش لوگوں کا بھرم بھی ٹوٹ گیا ہے۔ شہری ذخیرہ اندوزں اور گراں فروشوں کے رحم و کرم پر ہیں تیل، گھی، مرغی، مچھلی اور گوشت کا ریٹ تو گھنٹوں کے حساب سے بدل رہا ہے، عوام کی دسترس سے تو اب آلو، کدو، ٹماٹر، پیاز، گوبھی اور توری، گوشت سمیت دیگر سبزیوں کی قیمتیں بھی باہر ہوچکی ہیں۔ بلوچستان میں مہنگائی اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ مہنگائی رکنے کا نام ہی نہیں لے رہی بلکہ روزانہ کی بنیاد پر اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ سفید پوش اور مڈل کلاس طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد بھی دستیاب وسائل میں گزارا نہیں کرپا رہے۔ مہنگائی کی موجودہ لہر نے غریبوں، دیہاڑی دار مزدوروں اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی تو کمر ہی توڑ کر رکھ دی ہے۔ دیہاڑی دار اور مزدور طبقے کا جینا اور مرنا دونوں ہی دشوار ہوچکے ہیں۔ حکومت کو چاہئے کہ عوام کو ریلیف دینے کے لئے مہنگائی، گراں فروشی کے خاتمے کے لئے موثر انتظامات کئے جائیں تاکہ لوگ سکھ کا سانس لے سکیں۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اس میں اپنا کردار ادا کرے انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے لیے مسئلہ فلسطین اور کشمیر کا حل ضروری ہے ورنہ دنیا اربوں انسانوں کی ترقی، خوشحالی اور امن میں رکاوٹ سمجھی جائے گی، پاکستان، سعودی عرب، ایران، ترکی اور مصر مل کر اس مسئلے کا حل نکال سکتے ہیں، آج فلسطینی عوام، بچے، خواتین اور بزرگ سخت مشکلات کا شکار ہیں، ہسپتال، تعلیمی ادارے، فلاحی ادارے اور گھروں کو تباہ کردیا گیا، بچے بھوک سے تڑپ رہے اور بلک رہے ہیں کوئی انسانی حقوق کی آواز تک نہیں اٹھاتا، رمضان اور عید پر بھی اس ظلم کا بازار گرم کرنا انسانیت سوزی اور جنونیت ہے جس کی امن ترقی پارٹی بھرپور مذمت کرتی ہے اور عید پر فلسطین کے حق میں آواز اٹھانا فرض سمجھتی ہے، اتنا بڑا انسانی ظلم ناقابل برداشت ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، پاکستانی حکومت اور ادارے باہمی تنازعات ختم کرکے عالمی امن کے لیے، انسانی ترقی اور خوشحالی کے لیے متفق ہوجائیں اسی میں سیاسی اور معاشی بقا ہے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جبکہ چمن شہر میں شام 5 بجے منعقد ہونیوالے جلسوں سے خطاب کرینگے۔ تمام وطن دوست، قوم دوست، جمہوریت پسند، علم دوست طلباء، نوجوانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ان جلسوں میں بھرپور شرکت کرے۔ بیان میں پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع پشین، ضلع چمن کے کارکنوں کو تاکید کی گئی ہے کہ وہ ان جلسوں کی کامیابی کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور پشتونخوامیپ کے شانہ بشانہ کام کرتے ہوئے بھرپور محنت کرے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وہاں سیکورٹی اہلکاروں کو تعینات کیا جائے گا اور تمام عیدگاہوں پر صبح 6 بجے پولیس اہلکار اپنی ڈیوٹی پر پہنچ جائیں گے نماز عید کے ختم ہونے اور لوگوں کے مکمل طور پر چلے جانے تک سیکورٹی اہلکار موجود رہیں گے عید گاہوں اور مساجد کے قریب گاڑیوں، موٹر سائیکل یا کسی بھی قسم کی پارکنگ کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دستخط کررکھے ہیں، جس کے تحت پی ٹی سی ایل گروپ ٹیلی نار پاکستان میں 100 فیصد حصص ڈیٹ فری، کیش فری بنیادوں پر حاصل کرے گا۔ معاہدے کو عملی جامہ پہنانے اور فنانسنگ کے حصول کے لیے پی ٹی سی ایل گروپ ورلڈ بینک گروپ کے رکن ادارے، انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے ساتھ رابطے میں ہے۔ آئی ایف سی کی جانب سے فنانسنگ کی منظوری پاکستان کی معیشت پر ادارے کے اعتماد کے ساتھ ساتھ ملکی ٹیلی کام سیکٹر میں ترقی کے بے پناہ امکانات کا بھی مظہر ہے۔ مزید برآں یہ اقدام ڈیجیٹل پاکستان وژن کو عملی جامہ پہنانے میں پی ٹی سی ایل گروپ کے قائدانہ کردار اور صلاحیتوں پر بین الاقوامی ادارے کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ پی ٹی سی ایل گروپ نے گزشتہ سال دسمبر میں ٹیلی نار پاکستان میں 100 فیصد حصص کے حصول کے لیے کمپنی کے ساتھ حصص کی خریداری کے معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ یہ معاہدہ ملک کے ٹیلی کام سیکٹر میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ معاہدے کی تکمیل سے نہ صرف پی ٹی سی ایل گروپ کی مارکیٹ پوزیشن مستحکم ہوگی بلکہ ترقی اور جدت طرازی کے عمل میں تیزی کے ذریعے ملک کے ٹیلی کام اور ڈیجیٹل سیکٹر میں بھی تبدیلی آئے گی۔ پی ٹی سی ایل گروپ کی جانب سے ٹیلی نار پاکستان کا حصول ضروری ریگولیٹری منظوریوں سے مشروط ہے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مگر افسوس اس کے باوجود اس کی کارکردگی مایوس کن ہے حالانکہ اقتدار سے قبل ملکی دونوں بڑی جماعتوں نے خود کو انسانیت کا علمبردار ظاہر کرتے ہوئے عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے کے قول و قرار کئے تھے مگر افسوس اب رنگ بدلنے والا کردار پروان چڑھ چکا ہے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیا گیا بی بی عمیرہ کے قتل کیخلاف ان کے بھائی ایڈووکیٹ زوہیب شاہ نے درخواست دائر کی ہے کہ پوسٹ مارٹم کے مطابق مقتولہ کا گلہ دبا کر قتل کیا گیا ہے تاحال قاتل کو گرفتار کرنے کی بجائے مقتولہ کے بھائی زوہیب شاہ ایڈووکیٹ کو دھمکیاں دی جارہی ہیں ان کا کہنا تھا کہ وکلا برادری اپنے ساتھی کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گے ڈی آئی جی نصیر آباد اور ایس ایس پی کچھی سے درخواست کرتے ہیں کہ تفتیش بہتر انداز میں کی جائے اگر قتل واقعہ کی صحیح تفتیش نہیں کی گئی تو اپنے ایڈووکیٹ ساتھی کا ساتھ دینگے اگر قاتل کو گرفتار نہیں کیا گیا تو سخت احتجاجی لائحہ عمل طے کرینگے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی

بقیہ

صحافت شوبز

کرینہ کپور کی خاندان کے ہمراہ تنزانیہ میں چھٹیاں

واضح رہے کہ کرینہ اپنے کریو پروموشن کیلیے اپنے خاندان کے ساتھ بیرون ملک میں خوبصورت مناظر سے لطف اندوز ہورہی ہیں

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ اداکارہ نے اپنے شوہر سیف علی خان اور دونوں بیٹوں تیمور اور جہانگیر علی خان کے ہمراہ افریقی ملک تنزانیہ میں تعطیلات کی نئی تصاویر شیئر کی ہیں اور ہولی کے موقع پر پرستاروں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔ واضح رہے کہ کرینہ اپنے کریو پروموشن کیلیے اپنے خاندان کے ساتھ بیرون ملک میں خوبصورت مناظر سے لطف اندوز ہورہی ہیں۔ انہوں نے اپنے انسٹاگرام پر کئی تصاویر شیئر کیں، جس میں وہ شوہر اور بچوں کے ساتھ نظر آرہی ہیں، کیمرے نے ان کے عقب سے تصویر لی ہے۔ جبکہ اس موقع پر کریو بھی موجود ہے۔ اس موقع پر کرینہ نے بلیو شرٹ اور جینز زیب تن کر رکھی ہے جبکہ سیف علی خان لائٹ گرین شرٹ اور گرے ٹراؤزر میں ہیں۔ کرینہ نے تصاویر کے ساتھ کیشن میں تحریر کیا، آپ کے اوپر موجود آسمان یونہی ہمیشہ نیلگوں رہیں، میرے کریو کی جانب سے آپ سب کو ہولی کی خوشیاں مبارک

عامر خان پہلی بار کپل شرما کے شو میں نظر آئیں گے

اب تقریباً ایک سال کے بعد عامر خان نے کپل شرما سے کیا اپنا وعدہ پورا کردیا

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان پہلی بار کپل شرما کے شو میں نظر آئیں گے۔ عامر خان نے نیٹ فلکس کی آنے والی سیریز، 'دی گریٹ انڈین کپل شو' کی ایک قسط کی شوٹنگ مکمل کروا دی ہے اور اس قسط کا ٹریلر بھی جاری ہوگیا ہے۔ اس سے قبل ان دونوں اداکاروں کو کئی موقعوں پر ایک ساتھ دیکھا جاچکا ہے لیکن ان دونوں نے اب تک کبھی کسی بھی طرح کے پروجیکٹ پر ایک ساتھ کام نہیں کیا۔ یاد رہے کہ عامر خان نے گزشتہ سال فلم 'کیری آن جٹا 3' کے ٹریلر لانچ کے لیے منعقد کی گئی تقریب میں جہاں کپل شرما بھی موجود تھے یہ انکشاف کیا تھا کہ 'میں کپل شرما کا بہت بڑا مداح ہوں کیونکہ انہوں نے میری بہت سی شاموں کو رنگین بنایا، مجھے بہت ہنسایا اور میں نے انہیں چند ہفتے پہلے فون کر کے اتنے لوگوں کو ہنسانے پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا تھا'۔



شمعون عباسی ہمیشہ والدہ سے دور کیوں رہے؟

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار شمعون عباسی نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے اپنی والدہ کے ساتھ تعلقات ہمیشہ مشکلات کا شکار رہے۔ شمعون عباسی نے حال ہی میں ایک ویب شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے والدہ کے ساتھ اپنے تعلقات کے بارے میں بات کی۔ انہوں بتایا کہ میں اپنی والدہ کی سخت طبیعت کی وجہ سے کبھی ان کے زیادہ قریب نہیں رہا اور وہ میرے والد سے علیحدگی کے بعد مجھ سے ناراض رہنے لگیں یہاں تک کہ مجھ سے بات کرنا بھی بند کر دی، تب میں انہیں بہت یاد کرتا تھا۔ اداکار نے بتایا کہ وہ ایک بہت ہی محنتی اور کارآمد کاروباری خاتون تھیں، میری والدہ نے میرے والد سے علیحدگی کے بعد دوبارہ شادی بھی کی تھی لیکن وہ شادی بھی زیادہ دیر نہیں چل سکی۔ انہوں نے بتایا کہ میں اپنی ماں سے کہتا تھا کہ 'آپ کی زندگی میں ہر کوئی کیسے غلط ہوسکتا ہے؟ آپ کو اپنے مزاج میں تھوڑی نرمی لانے کی ضرورت ہے، آپ کی عمر بڑھ رہی ہے اور اب آپ کو پرسکون رہنا چاہیے، وقت کے ساتھ انسان کی ترجیحات بدل جاتی ہیں اب آپ کا بیٹا بڑا ہوگیا ہے اور آپ کے لیے سب کچھ کرسکتا ہے'۔ شمعون عباسی نے بتایا کہ میری والدہ ہر وقت غصے میں رہتی تھیں اور دوسروں کی وجہ سے مجھے ڈانٹتی تھیں۔ انہوں نے اپنے والد کے انتقال کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنے والد کی وفات پر نہیں رویا

مذہب پر سوالات سے پریشانی نہیں ہوتی، سارہ علی خان

ممبئی (یو این پی) بالی وڈ کی نامور اداکارہ سارہ علی خان نے کہا ہے کہ انہیں اپنے مذہبی عقائد سے متعلق پوچھے گئے سوالات سے پریشانی نہیں ہوتی۔ ایک تازہ انٹرویو میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ کھانے پینے اور کپڑوں کا انتخاب ان کے ذاتی فیصلے ہیں اور اس پر انہیں کسی سے معذرت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سارہ علی خان نے کہا کہ وہ سیکولر ملک کی ایک سیکولر فیملی سے تعلق رکھتی ہیں اور غیر ضروری معاملات پر رائے دینے سے خاموش رہتی ہیں، اگر انہیں کوئی کام غلط لگے تو وہ اس کے خلاف اپنی آواز اٹھانا ضروری سمجھتی ہیں۔ بالی وڈ کی نامور اداکارہ سارہ علی خان نے کہا ہے کہ انہیں اپنے مذہبی عقائد سے متعلق پوچھے گئے سوالات سے پریشانی نہیں ہوتی۔ ایک تازہ انٹرویو میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ کھانے پینے اور کپڑوں کا انتخاب ان کے ذاتی فیصلے ہیں اور اس پر انہیں کسی سے معذرت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سارہ علی خان نے کہا کہ وہ سیکولر ملک کی ایک سیکولر فیملی سے تعلق رکھتی ہیں اور غیر ضروری معاملات پر رائے دینے سے خاموش رہتی ہیں، اگر انہیں کوئی کام غلط لگے تو وہ اس کے خلاف اپنی آواز اٹھانا ضروری سمجھتی ہیں۔

ایشوریا رجنی کانت کا فلم لال سلام سے متعلق بڑا انکشاف

لال سلام کی کہانی دو باصلاحیت کرکٹرز کے گرد گھومتی ہے جو دوستی کے ایک خصوصی لنک کو شیئر کرتے تھے

ممبئی (یو این پی) جنوبی بھارت اور بالی ووڈ کے معروف اداکار رجنی کانت کی بیٹی ایشوریا رجنی کانت کی اسپورٹس ڈرامہ فلم لال سلام ریلیز ہوتے ہی موضوع بحث بن گئی۔ گزشتہ ماہ کے اوائل میں ریلیز ہونے والی فلم میں اہم کردار ادا کاروشنو وشال اور وکرانتھ نے ادا کیے، لیکن لال سلام فلم بینوں کو اپنی جانب متوجہ کرنے میں ناکام رہی۔ فلم کی ناکامی پر ہدایتکارہ ایشوریا رجنی کانت نے حال ہی گفتگو کی، جس پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر متعدد تنازعات سامنا آئے۔ ایشوریا نے لال سلام کی شوٹنگ کے دوران پیش آنے والے ایک سانحے کا بھی ذکر کیا جس کی وجہ سے لگ بھگ 21 دنوں کا فوٹیج گم ہوا۔

موسیقار ماسٹر عنایت حسین کو دنیا سے رخصت ہوئے 31 برس بیت گئے

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان کے نامور موسیقار ماسٹر عنایت حسین کو دنیا سے رخصت ہوئے 31 برس بیت گئے ہیں۔ ماسٹر عنایت حسین نے 1916ء میں اندرون شہر لاہور کے موسیقار گھرانے میں آنکھ کھولی، اپنے ماموں سے موسیقی کے ابتدائی رموز سیکھنے کے بعد انہوں نے استاد بڑے غلام علی خاں کی شاگردی اختیار کرلی اور پھر کم عمری میں ہی ممبئی کا رخ کیا۔ 1946ء میں ماسٹر عنایت حسین نے فلم ''کملی'' اور قیام پاکستان کے بعد پہلی فلم ''پھکولے'' کی موسیقی ترتیب دی، فلم ''گمنام'' کے گیتوں نے ان کو بڑا موسیقار ثابت کردیا، ملکہ ترنم میڈیم نور جہاں کو شہرت کی بلندیوں تک لے جانے میں ماسٹر عنایت حسین کی دھنوں کا اہم کردار تھا۔ 1965ء میں بننے والی فلم نائلہ کے گانے آج بھی کانوں میں رس گھولتے ہیں، ان کی دھنوں نے انارکلی، محبوبہ، گمنام، انتقام، عذرا، معصوم، دل میرا دھڑکن تیری، عشق پر زور نہیں، دیور بھابھی اور مولا جٹ جیسی فلموں کو لازوال بنادیا۔

سعودی اداکارائیں رمضان المبارک میں توجہ کا مرکز بن گئیں

ریاض (یو این پی) برسوں تک خوف کے سائے میں کام کرنے کے بعد، اب اداکاری کے فن سے وابستہ سعودی خواتین نڈر انداز سے، قابل ذکر قابلیت کے ساتھ اس قابل ہوچکی ہیں کہ فنکارانہ منظرنامے میں برتری حاصل کرسکیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق آج کی سعودی اداکارہ اپنی شخصیت اور پہچان کی حامل ہے، اپنے اصلی نام کا استعمال کرتی ہے، اور بغیر کسی پابندی کے اپنی شناخت ظاہر کرتی ہے۔ سعودی آرٹس سوسائٹی کے صحافی عبداللہ وفیہ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ اب مقامی سعودی اداکارہ کی ظاہری شکل قابل ذکر اور مانگ میں ہے، کیونکہ ٹیلی ویژن چینلز اور پروڈکشن کمپنیاں اس کے لیے دوڑ رہی ہیں۔ اس سے قبل انڈسٹری میں زیادہ تر کردار غیر ملکی فنکار پیش کرتے تھے۔ رواں موسم رمضان میں، اداکارہ ریم عبداللہ سیریز "جاک العلم" میں اور "ام صامل" میں نمایاں کام کرکے چھائی رہیں۔ انہوں نے "الصبیۃ السعیدۃ" سیریز کی ایک قسط میں بھی کام کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ سعودی مصنفہ لامیہ الزیادی کی سیریز "الشرار" میں بھی کام کیا۔ اس سیریز میں سعودی اداکارہ "عہود النجد عان" کے ساتھ ساتھ فنکار "تغم المالکی" سارہ بھکلی، اغادیر السعید، ہند محمد، مریم عبدالرحمٰن اور فاطمہ الشریف نے بھی شرکت کی۔ سیریز (خیوط المعاذیب) میں، لینی ابو خمسین، مریم الحسین، امل رمضان، اور رقیہ الجاسم نظر آئیں۔ سیریز پلان بی جس میں سعودی اداکار فوز عبداللہ نے اداکاری کے جوہر دکھائے، ان کے ساتھ میلا الزہرانی بھی نظر آئیں۔ وہ نامور سعودی فنکارہ سنا بکر یونس کے ساتھ سیریز عیلسل میں بھی تھیں۔ نرمین محسن بھی سیریز نیو لائف میں نظر آئیں۔ سعودی فنکار خیریہ ابولبان نے بھی سیریز سقف الوالد میں حصہ لیا، جس میں انہوں نے ایک دبنگ عورت کا کردار ادا کیا جو اپنے شوہر کے بڑے بیٹے کو کنٹرول کرتی ہے۔

میرے والد کو ماڈلنگ کرنا پسند نہیں تھا: اداکارہ کریتی سینن

وہ کہتے تھے کہ ماڈلنگ میری پڑھائی میں رکاوٹ ڈالے گی، کیا فائدہ ہے؟ یہ پڑھنے والی بچی ہے

نیو دہلی (سی ایم لنکس) بالی وڈ کی اداکارہ کریتی سینن کا کہنا ہے کہ اُن کے والد کو ماڈلنگ کرنا پسند نہیں تھا۔ شوبز ویب سائٹ کے مشہور چیٹ شو میں بات کرتے ہوئے کریتی سینن نے بطور ماڈل اپنی زندگی کے آغاز کے دنوں کی بات کی اور اس بات کا انکشاف کیا کہ جب وہ ماڈلنگ کا آغاز کررہی تھیں تو اُن کے والد اس حق میں نہیں تھے۔ کریتی سینن نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جب میں نے ماڈلنگ کا آغاز کیا تو میرے والد اس کے خلاف تھے، وہ کہتے تھے کہ ماڈلنگ میری پڑھائی میں رکاوٹ ڈالے گی، کیا فائدہ ہے؟ یہ پڑھنے والی بچی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ میں بہت زیادہ پڑھائی کرنے والی بچی تھی اور اس کے باوجود میں ماڈل بننا چاہتی تھی لیکن آپ جب پروفیشنل طور پر ماڈلنگ شروع کرتے ہیں تو وہ آپ کے والدین سے کنٹریکٹ پر دستخط کرواتے ہیں

نعمان اعجاز کی ستارہء امتیاز حاصل کرنیوالوں کو طنزیہ انداز میں مبارکباد

انسداد دہشت گردی سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات پر ملکی اور غیر ملکی شخصیات کو سول اعزازات سے نوازا ہے

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار نعمان اعجاز نے ستارہء امتیاز حاصل کرنے والوں کو طنزیہ انداز میں مبارکباد دی ہے۔ نعمان اعجاز نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی ایک تصویر شیئر کی ہے جس میں انہیں صوفے پر چادر اوڑھ کر بیٹھے مسکراتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے اپنی یہ تصویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ 'جن جن کو ستارہء امتیاز ملا ان سب دوستوں کو بہت مبارکباد'۔ انہوں نے مزید لکھا کہ 'مجھے لگتا ہے کہ ان کو ایوارڈز دینے والے کو بھی ستارہء جرأت ملنا چاہیے، پاکستان زندہ آباد'۔ نعمان اعجاز کی اس پوسٹ کو ان کے مداحوں کی جانب سے بہت پسند کیا جارہا ہے کیونکہ ان کے مداح بھی انہی کی طرح لطیف ہیں

SPORTS صحافت سپورٹس

بابر اعظم کی کپتانی پر تنقید کرنے والے سلیکٹرز نے انہیں دوبارہ کپتان بنادیا

ان میں قیادت کی صلاحیت نہیں، بابر کی کپتانی میں پاکستان کوئی ایونٹ نہیں جیتا، سابق کرکٹرز



لاہور (یو این پی) ماضی میں بابر اعظم کی قائدانہ صلاحیتوں پر تنقید کرنے والے سلیکٹرز نے انھیں دوبارہ کپتان بنانے کا فیصلہ کردیا۔ ایک ماہ قبل ٹی وی پروگرام میں سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق نے کہا تھا کہ بابر اعظم میں قیادت کی صلاحیت نہیں ہے، وہ ایک اچھے کرکٹر ہیں، ان کو کپتان نہیں بلکہ بطور پلیئر کھیلنا چاہیے۔ اس پر میزبان نے کہا کہ اگر آپ کی یہ بات وائرل ہوگئی تو یہ نہ کہنا کہ میں نے کہا ہی نہیں تھا، سابق فاسٹ بولر وہاب ریاض نے بھی 4 ماہ قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ بابر اعظم 4 سال کپتان رہے لیکن انکی قیادت میں پاکستان کوئی آئی سی سی یا اے سی سی ایونٹ نہیں جیت سکا۔ یاد رہے کہ یہ دونوں سابق کرکٹرز اس وقت قومی سلیکشن کمیٹی کا حصہ ہیں، انھوں نے اتوار کو شاہین شاہ آفریدی کو فارغ کرتے ہوئے بابر اعظم کو دوبارہ قومی ٹی 20 اور ون ڈے ٹیم کا کپتان مقرر کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

شاہین آفریدی کو نیوزی لینڈ کیخلاف تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کے لیے آرام دیے جانے کا امکان

پیسرز کو ورک لوڈ سے بچانے کے حوالے سے مشاورت جاری، آنے والی سیریز میں نئے آنے والوں کی فارم اور فٹنس کا ٹیسٹ کیا جائے گا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستانی فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی ممکنہ طور پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی پالیسی کے مطابق نیوزی لینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز سے محروم ہو جائیں گے تاکہ ٹیم کے اہم فاسٹ باؤلرز پر بوجھ کم کیا جا سکے۔ پیسرز کو غیر ضروری بوجھ سے بچانے اور نئے آنے والے کھلاڑیوں کی فارم اور فٹنس کو جانچنے کے لیے اس معاملے پر مشاورت جاری ہے۔ دریں اثناء تیز گیند باز جو واپسی کر رہے ہیں کو ورک لوڈ سے بچانے کے حوالے سے مشاورت جاری، آنے والی سیریز میں نئے آنے والوں کی فارم اور فٹنس کا ٹیسٹ کیا جائے گا میں شامل ہونے کے زیادہ امکانات ہیں۔ اس بات کے امکانات ہیں کہ شاہین سمیت اہم فاسٹ باؤلرز کو سیریز کے پہلے حصے یا مہمانوں کے خلاف مکمل سیریز کے لیے آرام دیا جائے گا، جو 18 اپریل سے شروع ہونے والی ہے۔ یہ پیشرفت پی سی بی کی جانب سے شاہین کو ٹی ٹوئنٹی کا کپتان بنانے اور ان کی جگہ بابر اعظم کو دوبارہ مقرر کرنے کے بعد سامنے آئی ہے۔

انگلینڈ کی ویمن کرکٹ ٹیم نے پہلے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں نیوزی لینڈ ویمن کو 4 وکٹوں سے شکست دے دی

ویلنگٹن (سی ایم لنکس) برطانوی خواتین ٹیم نے پہلے ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ میں میزبان نیوزی لینڈ کی ویمن ٹیم کو 4 وکٹوں سے ہرا کر تین میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کرلی، انگلینڈ کی ویمن ٹیم نے 208 رنز کا مطلوبہ ہدف 41.2 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ انگلینڈ ویمن کی وکٹ کیپر بلے باز ایمی جونز نے 92 رنز کی ناقابل شکست انفرادی اننگز کھیل کر اپنی ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا، اس عمدہ کارکردگی پر ان کو میچ کی بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ بیسن ریزرو ویلنگٹن میں کھیلے گئے تین میچوں کی سیریز کے ابتدائی ون ڈے میچ میں انگلینڈ ویمن ٹیم کی کپتان ہیتھر نائٹ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا جو بعد میں درست ثابت ہوا۔ نیوزی لینڈ کی ویمن ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 48.2 اوورز میں 207 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی اور اس نے مہمان برطانوی خواتین ٹیم کو میچ میں کامیابی کے لئے 208 رنز کا ہدف دیا۔ نیوزی لینڈ کی اوپننگ بلے باز سوزی بیٹس 50 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں، برنا ڈائن بیز وائیڈن ہاٹ 35 اور کپتان ایمیلیا کر نے 24 رنز بنائے۔ انگلینڈ ویمن کی طرف سے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے لارین بیل اور چارلی ڈین نے تین تین کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی

بھاری معاوضہ لینے والے مچل اسٹارک کولکتہ نائٹ رائیڈرز کو مہنگے پڑ گئے

چینئی (سی ایم لنکس) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں سب سے مہنگے بکنے والے آسٹریلوی فاسٹ بولر مچل اسٹارک رنز دینے کے اعتبار سے بھی سب سے مہنگے ثابت ہوئے۔ کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے اسٹارک کو 44 لاکھ 30 ہزار آسٹریلوی ڈالرز میں خریدا، ان کی ایک بال کا معاضہ 13 ہزار ڈالرز سے زائد بنتا ہے لیکن اب تک دو میچز وہ 100 رنز دے چکے اور کوئی وکٹ حاصل نہیں کی۔ مچل اسٹارک نے بھارت میں ہونے والے ورلڈ کپ میں بہترین کارکردگی دکھائی، تین وکٹیں حاصل کر کے آسٹریلیا کی فتح میں نمایاں کردار ادا کیا۔ موجودہ آئی پی ایل آکشن میں وہ سب سے مہنگے کھلاڑی بنے، انہیں 24 کروڑ 75 لاکھ بھارتی روپوں میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے خریدا، اگر صرف آسٹریلوی ڈالرز میں حساب لگایا جائے تو ان کی ایک گیند کا معاضہ 13 ہزار سے زائد آسٹریلوی ڈالرز بنتا ہے، لیکن آئی پی ایل میں ان کی کارکردگی انتہائی مایوس کن رہی۔ انہوں نے اب تک دو میچز میں 100 رنز دیے اور کوئی وکٹ نہ لے سکے، اس طرح وہ رنز دینے کے اعتبار سے بھی آئی پی ایل کے اب تک سب سے مہنگے بولر ثابت ہوئے۔

کرسٹیانو رونالڈو نے عالمی کپ فٹ بال ٹورنامنٹ 2034 کی میزبانی کے لیے سعودی عرب کی حمایت کردی

اب تک 50 سے زائد انٹرنیشنل ایونٹس کی میزبانی کے فرائض بھی انجام دیے ہیں

جدہ (سی ایم لنکس) پرتگال کے شہرہ آفاق فٹ بال سٹار اور سعودی کلب النصر کے معروف کھلاڑی کرسٹیانو رونالڈو نے سعودی عرب میں فٹبال ورلڈ کپ 2034 کی میزبانی کی حمایت کردی۔ 39 سالہ بین الاقوامی شہرت یافتہ فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے آفیشل اکیس اکاؤنٹ پر ایک وڈیو پوسٹ کی جس میں فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی کیلیے سعودی عرب کی مہم کی حمایت کی۔ انہوں لکھا مجھے ایسی قوم کے خوابوں کو سپورٹ کرنے پر فخر ہے جو فٹبال ورلڈ کپ 2034 سعودی عرب میں لانے کی امید رکھتی ہے۔ یاد رہے کہ سعودی عرب نے فیفا ورلڈ کپ 2034 کی میزبانی کے ارادے کا اظہار کیا ہے۔ سعودی عرب نے 2018 سے سپورٹس کے فروغ پر خصوصی توجہ دی ہے۔

نیوزی لینڈ کیخلاف سیریز کیلیے شاہینوں کا ممکنہ سکواڈ سامنے آگیا

لاہور (سی ایم لنکس) نیوزی لینڈ کیخلاف ہوم سیریز کیلیے قومی کرکٹ سکواڈ کا اعلان اگلے ایک دو روز میں کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہوم سیریز کی وجہ سے 18 کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان کیے جانے کی تجویز ہے تاہم قومی سکواڈ کو حتمی شکل دینے کیلیے کپتان بابر اعظم اور قومی سلیکٹرز کے درمیان مشاورت جاری ہے۔ قومی سکواڈ میں شامل ممکنہ کھلاڑیوں میں کپتان بابر اعظم، صائم ایوب، محمد رضوان، صاحبزادہ فرحان، سلمان علی آغا، افتخار احمد، اعظم خان، شاداب خان، اسامہ میر اور شاہین آفریدی شامل ہیں

دنیش چندی مل بنگلا دیش کیخلاف دوسرے ٹیسٹ سے دستبردار

چٹوگرام (سی ایم لنکس) سری لنکا کے بلے باز دنیش چندی مل اچانک بنگلا دیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ سے دستبردار ہوگئے۔ بنگلا دیش کے دورے پر موجود سری لنکن کرکٹ ٹیم میزبان ٹیم کے خلاف چٹوگرام میں دوسرا ٹیسٹ کھیل رہی ہے۔ دوسرے ٹیسٹ کے دوران سری لنکن کرکٹر دنیش چندی مل فیملی میں میڈیکل وجوہات کی بنا پر گھر واپس چلے گئے ہیں۔ سری لنکن کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ دنیش چندی مل فیملی میں میڈیکل وجوہات پر دوسرے ٹیسٹ میچ سے دستبردار ہوئے ہیں، دنیش فوری طور پر ٹیملی کو جوائن کریں گے۔ واضح رہے کہ سری لنکا اور بنگلا دیش کے درمیان چٹوگرام میں دوسرا ٹیسٹ میچ جاری ہے جبکہ سری لنکا کو 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل ہے۔ سری لنکا کے بلے باز دنیش چندی مل اچانک بنگلا دیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ سے دستبردار ہوگئے۔ بنگلا دیش کے دورے پر موجود سری لنکن کرکٹ ٹیم میزبان ٹیم کے خلاف چٹوگرام میں دوسرا ٹیسٹ کھیل رہی ہے۔

پاکستان ہاکی ٹیم کیلیے غیر ملکی کوچ لانے کا فیصلہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان ہاکی ٹیم کے لیے غیر ملکی کوچ کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے نیدرلینڈز کے رولنٹ اولٹمنز مضبوط امیدوار ہیں جن کے ساتھ سپورٹ اسٹاف میں ملکی کوچ شامل ہوں گے۔ اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ کے لیے قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ 15 اپریل سے اسلام آباد میں شروع ہوگا جس کے لیے ممکنہ کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر طارق بگٹی نے کہا ہے کہ جدید دور کی ہاکی کے ساتھ چلنے کے لیے غیر ملکی کوچ کی ضرورت ہے، ہاکی بدل چکی، غیر ملکی کوچز ہی ٹیم کی کارکردگی میں نکھار لا سکتے

کرکٹ کے بعد ہاکی میں بھی غیر ملکی کوچ لانے کا فیصلہ

ایک مرتبہ پھر رولنٹ اولٹمنز پاکستان ہاکی ٹیم کی کوچنگ کے مضبوط امیدوار

لاہور (یو این پی) کرکٹ کے بعد ہاکی فیڈریشن نے بھی غیر ملکی ہیڈ کوچ لانے کا فیصلہ کرلیا۔ نو منتخب صدر طارق بگٹی عید کے بعد وزیر اعظم سے ہاکی کے مسائل پر بات کریں گے جبکہ رولنٹ اولٹمنز پاکستان ہاکی ٹیم کی کوچنگ کے مضبوط امیدوار ہیں۔ صدر پی ایچ ایف طارق بگٹی نے ورلنٹ اولٹمنز سے رابطے کی تصدیق کی ہے، ان کا کہنا ہے کہ غیر ملکی ہیڈ کوچ کے ساتھ پاکستانی کوچز معاونت کرکے کھلاڑیوں کی خامیوں کو دور کریں گے۔ ہاکی کا بلکل بدل چکی ہے، غیر ملکی کوچز ہی ٹیم کی کارکردگی میں نکھار لا سکتے ہیں۔ پاکستانی کوچز بھی بہت اہل ہیں لیکن جدید ہاکی میں آگے بڑھنے کیلیے انہیں کوچز پر انحصار مجبوری ہے۔

بین اسٹوکس ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ نہیں کھیلیں گے

میری کپتان، کوچ اور تمام ٹیم کے لیے نیک خواہشات ہیں

لندن (سی ایم لنکس) انگلینڈ ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بین اسٹوکس ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ نہیں کھیلیں گے۔ انگلینڈ کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کا کہنا ہے کہ بین اسٹوکس نے ورلڈ کپ کی سلیکشن میں دلچسپی نہ رکھنے کی تصدیق کی ہے، ٹیسٹ کپتان بین اسٹوکس کا سی بی نے کہا کہ بین اسٹوکس نہ صرف سری لنکا اور ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹیسٹ سیریز بلکہ مستقبل کے لیے فٹ ہونے کے خواہاں ہیں۔ اس حوالے سے بین اسٹوکس کا کہنا ہے کہ میں بولنگ فٹنس کے لیے بڑی محنت کر رہا ہوں، میں تمام فارمیٹ میں آل راؤنڈر کی حیثیت سے کھیلنا چاہتا ہوں۔ اولین فوکس بولنگ کے لیے مکمل فٹ ہونا ہے۔ ای

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے قطر کے امیر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت دی جو امیر نے قبول کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وہ جلد پاکستان کا دورہ کریں گے۔ گزشتہ سال دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ منائی گئی تھی۔ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے اور تمام باہمی فائدہ مند شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ بھی کیا ہے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور سیدال خان ناصر کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایوان بالا کے لئے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کا اتفاق رائے سے انتخاب جمہوری رویوں کا عکاس ہے ایوان بالا تمام اکائیوں کی یکساں پارلیمانی نمائندگی کا پروقار اور اہم فورم ہے پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے نو منتخب چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی کی جمہوری جدوجہد کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں نو منتخب چیئرمین سینٹ اور ڈپٹی چیئرمین قومی اتحاد و اتفاق اور مفاد عامہ پر مشتمل قانون سازی میں کلیدی کردار ادا کریں گے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں بس کچھ دن باقی لیکن مودی سرکار اپنی مذموم حرکتوں سے باز نہ آئی، بھارتی عوام میں مسلسل نفرت اور مسلم مخالف پروپگنڈا پھیلانے کے ساتھ ساتھ مودی سرکار اپوزیشن جماعتوں کے درپے، مودی سرکار کے مطابق کانگرس کا انتخابی منشور 2024 مسلم لیگ سے مماثلت رکھتا ہے۔ مودی سرکار کا بیانیہ سامنے آیا ہے کہ کانگریس نے جو منشور جاری کیا ہے، اس میں وہی سوچ جھلک رہی ہے جو آزادی کے وقت مسلم لیگ کی تھی، مودی سرکار کے ساتھ ساتھ بی جے پی کے دیگر لیڈران نے بھی اپنا سیاسی تعصب کانگرس کے خلاف دکھا دیا، وزیر خزانہ نرملہ سیتا نے منکھوت دعویٰ کیا کہ کانگرس نے جو وعدے کیے ہیں وہ پورے نہیں کر سکتے کیونکہ ان کے پاس بجٹ ہی نہیں ہے، کانگرس کی رہنما سونیا گاندھی نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں آج ایسے حکمران موجود ہیں جو ملک کے وقار کے لیے خطرہ بن چکے ہیں، سونیا گاندھی کا کہنا ہے کہ ہمارا ملک گزشتہ 10 سالوں سے ان لوگوں کے ہاتھ میں ہے جنہوں نے صرف ملک کو مہنگائی بیروزگاری اور معاشی بحران کی طرف دھکیلا ہے، مودی سرکار اور بی جے پی نے عدم مساوات اور ظلم کو بڑھاوا دینے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی، گزشتہ 10 برس سے حکومت نے آئین میں ردوبدل کر کے پورے نظام کو تباہ کیا ہے، سیاسی حریفوں کو نیچا دکھانے اور اپنے مذموم سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے مودی سرکار ہر حد پار کر چکی ہے، مودی سرکار اور بی جے پی کا اپوزیشن جماعتوں اور کانگرس کے ساتھ ناروا سلوک کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے، پوری دنیا مودی کی نام نہاد جمہوریت اور انتہا پسندانہ سوچ کا مکروہ چہرہ دیکھ چکی ہے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حلف برداری کے بعد یوسف رضا گیلانی، اور محسن نقوی ساتھی سینیٹرز سے ان کی نشستوں پر جا کے گلے ملے۔ منگل کے روز جب انہوں نے حلف اٹھالیا تو وہ اپنی نشستوں سے اٹھ کر حکومتی ممبران سینیٹرز اور اپوزیشن کی نشستوں پر جا کر ان سے گلے ملے اور سینیٹرز کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ات جمع نہیں کرائے۔ قبل ازیں نو منتخب اراکین سینیٹ کی حلف برداری کیلئے سینیٹ کے اجلاس میں اسحاق ڈار نے نو منتخب ارکان سے حلف لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی اور یوسف رضا گیلانی سمیت دیگر ارکان نے حلف لیا۔ اجلاس شروع ہوا تو پی ٹی آئی کے سینیٹرز نے ایوان میں احتجاج کیا اور نعرے لگائے، پی ٹی آئی کے سینیٹرز بانی پی ٹی آئی کی تصاویر ایوان میں لے آئے۔ اسحاق ڈار نے ہدایت کی کہ اظم نذیر تارڑ معاملے پر آئینی وقانونی پوزیشن واضح کریں۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کے بیرسٹر علی ظفر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا اجلاس غیر آئینی ہے، خیبر پختونخوا کے سینیٹرز کے بغیر یہ ایک نامکمل سینیٹ ہے، سینیٹ ایک ہاؤس آف فیڈریشن ہے، اس میں ہر صوبے کو نمائندگی کی اجازت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی ایک صوبے کی نمائندگی کے بغیر چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین کا الیکشن نہیں ہوسکتا۔ آرٹیکل 59 کہتا ہے کہ سینیٹ میں 96 ممبران ہونے چاہئیں اور ہر صوبے سے 26 سینیٹرز ہونے چاہئیں اور آرٹیکل 60 کہتا ہے کہ آرٹیکل 59 کے مطابق جب باضابطہ سینیٹ کی تشکیل ہو جاتی ہے تب ہی چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین کا الیکشن ہوگا۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عیدالفطر منائے جائے گی۔ رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس وزارت مذہبی امور کے مرکزی دفتر کوہسار بلاک میں ہوا جس کی صدارت چیئرمین کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے کی۔ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا عبدالخبیر آزاد کا کہنا تھا کہ کراچی، دیر، فیصل آباد، اسکردو اور ملک کے مختلف علاقوں سے چاند نظر آنے کی شہادتیں موصول ہوئیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کیم شوال المکرم 1445 ہجری 10 اپریل بروز بدھ کو ہوگی۔ پورے ملک سے براہ راست مرکزی رویت ہلال کمیٹی کو کال موصول ہوئیں اور شہریوں نے چاند کی تصاویر اور ویڈیوز بھی مرکزی رویت ہلال کمیٹی کو واٹس اپ کیں۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رفت ہوئی ہیں، پاکستان اور سعودی عرب نے 5 ارب ڈالر کے سرمایہ کاری منصوبے پر عمل درآمد تیز کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ محمد اقبطانی نے کہا کہ سعودی عرب پاکستان کے مرکزی بینک میں ڈپازٹس 3 ارب سے بڑھا کر 5 ارب ڈالر کرے گا، سعودی عرب آئل ریفائنری اور تانبے کی کانوں میں سرمایہ کاری کرے گا، سعودی عرب کے یہ اقدامات گزشتہ طے پائے وسیع سمجھوتے کا حصہ ہیں۔ سی ای او سعودی عربیہ ہولڈنگ کمپنی نے کہا کہ سعودی عرب پاکستان میں 21 ارب ڈالر سرمایہ کاری کے لیے بات چیت کر رہا ہے، اس منصوبے کے تحت تانبے کی کان پر 7 ارب ڈالر اور آئل ریفائنری پر 14 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ سعودی عرب کی یہ سرمایہ کاری پاکستان سے اقتصادی تعلقات بڑھانے کا مثبت اقدام ہے، اس سرمایہ کاری سے پاکستان میں ملازمتوں کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ محمد اقبطانی کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ان سمجھوتوں کو پاک سعودی تعلقات کے لیے تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عت کے دوران برلن پر غزہ میں تباہی مچانے کیلئے اسرائیل کو جنگی ساز وسامان دینے کا الزام عائد کیا گیا۔ عالمی عدالت سے مطالبہ کیا گیا کہ جرمنی اسرائیل کو گولہ بارود سپلائی کر کے جینوسائیڈ کنونشن 1948 کی خلاف ورزی کر رہا ہے لہٰذا اسرائیل کو ہتھیاروں کی سپلائی روکنے کا حکم دیا جائے۔ یاد رہے کہ جرمنی اسرائیل کو اسلحہ برآمد کرنے والے سب سے بڑے ممالک میں سے ایک ہے، مظلوم فلسطینیوں کیخلاف اسرائیل کو مالی، فوجی امداد دینے اور اقوام متحدہ کی فلسطینی پناہ گزین ایجنسی کی امداد روکنے پر نکارا گوا نے جرمنی کیخلاف مقدمہ دائر کیا ہے۔ دوسری جانب جرمنی کے سرکاری ملازمین نے بھی اپنی حکومت سے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی روکنے کا مطالبہ کیا ہے، 600 جرمن ملازمین نے چانسلر اولاف شولز اور دیگر سینئر وزراء کو خط لکھا ہے کہ اسرائیل کو فوری طور پر ہتھیاروں کی فراہمی بند کی جائے۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال جرمنی نے اسرائیل کو 354 ملین ڈالرز مالیت کے ہتھیاروں کی برآمدات کی منظوری دی تھی، اسرائیل کے ہتھیاروں کا 99 فیصد امریکا اور جرمنی سے آتا ہے۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری، سینیٹر کامران مرتضیٰ، مولانا عطاالرحمٰن اور سینیٹر عبدالشکور، سینیٹر احمد خان نے چیئرمین سینیٹ سے ملاقات کی اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا، اس موقع پر یوسف رضا گیلانی نے پارلیمانی کردار پر مولانا فضل الرحمٰن اور ان کی پارٹی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ملک کی بہتری کیلئے قانون سازی میں تمام اتحادیوں کے ساتھ ملکر چلیں گے۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یٹ کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل (1)54 اور آئین کے آرٹیکل (3)56 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوان کا مشترکہ اجلاس طلب کیا ہے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے کہ نقل وحمل کی لاگت میں اضافے سے اسکول، صحت مراکز، مارکیٹ تک رسائی کے اخراجات بھی بڑھ گئے ہیں، اس کے علاوہ عالمی بینک نے پاکستان کو اخراجات زندگی کے مسلسل بحران سے دوچار ملک بھی قرار دے دیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان کے 43 دیہی اضلاع میں شدید غذائی عدم تحفظ بڑھنے کا خدشہ ہے۔ پاکستان میں غذائی مہنگائی زیادہ ہے، غریب گھرانوں کا 50 فیصد بجٹ خوراک پر خرچ ہو جاتا ہے جس کے مطابق شدید غذائی عدم تحفظ 29 فیصد سے بڑھ کر 32 فیصد پر پہنچنے کا تخمینہ ہے، غذائی مہنگائی غریب اور نادر گھرانوں پر زیادہ اثر انداز ہو رہی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل عالمی بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجی حسین نے رواں ماہ کے پہلے ہفتے ملک کی معاشی صورتحال بارے کہا تھا کہ موجودہ حالات میں پاکستان کو سخت فیصلوں کی ضرورت ہے جس سے مستحکم گروتھ ملے گی اور انہوں نے پاکستان میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے قیام کو خوش آئند قرار دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایس آئی ایف سی سرمایہ کاری کی سہولت کاری کے لیے ضروری ہے اور امید ہے اس سے سرمایہ کاری میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے کہ صوبہ بھر میں تعلیمی اداروں، ہسپتالوں وغیرہ کے نام سیاسی رہنماؤں کے نام پر رکھ دیے جاتے ہیں۔ درخواست گزار نے مزید کہا کہ کسی سڑک، پارک، سرکاری ادارے کا نام حکومت کی پراپرٹی نہیں، حکومت سرکاری خزانے کے ذریعے تاریخ کو کیسے نقصان پہنچا سکتی ہے؟ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت کسی سڑک یا ادارے وغیرہ کے نام کو مثبت کردار نہ ہونے والے شخص سے منسوب کرنا غیر قانونی قرار دے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دعا اور اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے تعزیت کا اظہار کیا ہے، عام شہری معصوم بچوں اور خواتین کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، ایسے بزدلانہ عمل کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا ہے۔ زبیدہ جلال نے کہا ہے کہ بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کے ساتھ دکھ میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ سے ہماری دعا ہے کہ بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کو جلد از جلد صحت عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ ماہ صیام میں دوران بم دھماکے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بم دھماکے کی صاف شفاف تحقیقات کر کے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، معصوم شہریوں کا ناجائز خون بہانہ رائیگاں نہیں جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ماہ صیام کے بابرکت مہینے کے آخری عشرے میں دوران شاپنگ معصوم شہریوں پر بزدلانہ حملہ کرنا اپنی بزدلی کو چھپانہ ہے، معصوم شہریوں کو بے گناہ قتل کرنے والوں کا انجام اس سے بھی بدتر ہوگا، دین اسلام میں بھی اس طرح سے ناجائز بے گناہ شہریوں کے خون بہانے سے منع کیا گیا ہے، ایسی حرکات کرنے والے مسلمان نہیں ہوسکتے کوئی بھی مسلمان کسی بھی مسلمان کا ناجائز خون نہیں بہا سکتا۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یشن 77 ارب روپے بڑھ کر 9 ہزار 760 ارب روپے ہے۔ اس سے قبل پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروبار کا مثبت آغاز ہوا جس میں 100 انڈیکس میں 398 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور انڈیکس 70 ہزار پوائنٹس کی سطح عبور کر گیا۔ گزشتہ روز کاروباری ہفتے کے آغاز پر 100 انڈیکس تاریخ میں پہلی مرتبہ 69 ہزار پوائنٹس کی سطح کو عبور کرتے ہوئے 69 ہزار 720 پر بند ہوا تھا۔ خیال رہے کہ گزشتہ کاروباری ہفتے میں بھی اسٹاک ایکسچینج میں تیزی دیکھی جارہی تھی اور 100 انڈیکس تاریخ میں پہلی مرتبہ 68 ہزار پوائنٹس کی سطح عبور کر گیا تھا۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فلسطین (UNRWA) کے کمشنر فلپ لازارینی نے کہا ہے کہ ان مظالم کو بیان کرنے کیلئے الفاظ نہیں ہیں جن کا سامنا غزہ کی پٹی کے رہائشیوں نے چھ ماہ سے مسلط اسرائیلی جنگ میں کیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق غزہ اور اس کے مکینوں پر برپا کی گئی تباہی پر اظہار خیال کرتے ہوئے لازارینی نے کہا کہ اس جنگ نے تمام ریڈ لائنز کو عبور کر لیا، غزہ میں 20 لاکھ لوگوں کی زندگیوں کو "راتوں رات" ملیا میٹ کر دیا گیا اور 20 لاکھ افراد بے گھر ہو گئے جبکہ دسیوں ہزار افراد جاں بحق اور زخمی ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزہ پر جنگ میں بچوں، صحت کے کارکنوں، صحافیوں اور انسانی امدادی کارکنوں کی سب سے بڑی تعداد کو مار دیا گیا ہے، اسرائیلی محاصرے کے نتیجے میں آنے والے قحط نے متاثرہ شہریوں کی صورتحال کو مزید ابتر کر دیا ہے۔ انروا کمشنر نے غزہ کی پٹی میں فوری جنگ بندی اور تمام قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا، انہوں نے اسرائیل سے مزید زمینی گزرگاہیں کھولنے اور انروا کے کام پر عائد تمام پابندیاں اٹھانے کا مطالبہ بھی کیا۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیل نے اتوار کو جنوبی غزہ کی پٹی سے اپنی کچھ فوج کے انخلا کا اعلان کیا ہے، اس کے بعد چھ ماہ کے دوران اسرائیلی فوج کی غزہ میں تعداد سب سے کم سطح پر پہنچ گئی۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خان کاکڑ کوئٹہ اور کلاک وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کوئٹہ، پشتونخوامیپ کے سربراہ محمود خان اچکزئی گلستان، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل وڈھ، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما وفاقی وزیر میر جام کمال کراچی اور بیلہ، میر صادق عمرانی ڈیرہ مراد جمالی، حاجی محمد خان لہڑی منچھو شوری، میر عمر خان جمالی میجر (ر) جاوید جمالی روجھان جمالی، سردار یار محمد رند کچھی، چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نوابزادہ جمال خان رئیسانی کوئٹہ، نواب ثناء اللہ زہری انجیرہ، شیخ جعفر خان مندوخیل ژوب، عبدالخالق ہزارہ کوئٹہ، نواب غوث بخش باروزئی سبی، سردار عبدالوحید سولنگی سبی، سردار نور احمد بنگلزئی کوئٹہ اور سبی، راحیلہ درانی میر حاجی علی مدد جتک، میر لیاقت لہڑی، حاجی ولی محمد نورزئی، ملک نعیم بازئی، انجینئر زمرک اچکزئی قلعہ عبداللہ نصر اللہ زیرے رکن صوبائی اسمبلی صادق سنجرانی کوئٹہ مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ گلستان کلی حبیب زئی ملک عبدالمجید کاکڑ، ملک عبدالرشید کاکڑ، ملک امان اللہ مہترزئی، ملک یاسین مہترزئی کچلاک میں عید منائیں گے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

قائد ایوان مقرر ہونے کا نوٹیفکیشن بھی وزیراعظم ہاؤس سے جاری کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب، نو منتخب چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے 22 اپریل تک اپوزیشن لیڈر کا نام بھی طلب کر لیا ہے جبکہ آزاد امیدواروں کو بھی اپوزیشن یا حکومتی بینچوں میں شامل ہونے کے لیے 7 دنوں کی مہلت دی گئی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے خیبر پختونخوا میں سینیٹ الیکشن کروانے میں مدد کے لیے مشروط پیشکش بھی کی ہے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے علاقے میکلورروڈ پر واقع گھر میں پیش آیا جہاں کھانا بنانے کے دوران گھر میں اچانک آگ لگ گئی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے بالائی منزل کو لپیٹ میں لے لیا، آگ کی زد میں آ کر بچی سمیت 2 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ آتشزدگی کی اطلاع ملنے پر فائر بریگیڈ کا عملہ موقع پر پہنچ گیا، آگ کی شدت میں اضافہ ہونے کی وجہ سے 6 گاڑیوں نے ریسکیو آپریشن میں حصہ لیا، زخمی ہونے والوں میں 54 سالہ اکبر حسین اور 13 سالہ ملائیکہ شامل ہیں، جنہیں طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گاہ اسماعیلائی 9:00 جامع مدنی مسجد اسماعیلائی 8:30 جامع مسجد صدیق اکبر 8:15 جامع مسجد فیضان آدم کن 8:45 جامع محمدی مسجد ریسٹ ہاس 8:30 جامع الحسنیف مسجد بیلہ کراس 9:00 فیضان مدینہ بیلہ کراس 8:00 جامع مسجد غوثیہ کاٹھوڑ 8:30 عیدگاہ بڑا باغ 8:30 جامع مسجد جام یوسف آباد ڈنڈا اسٹاپ 8:45 جامع مسجد نورانی اچانک ہوٹل کاٹھوڑ 8:30 عیدگاہ نمائی گوٹھ 8:30 عیدگاہ مریدائی گوٹھ 8:30 جامع مسجد فیضان قرآن ویلیٹ 8:30 جامع مسجد جمن بھینٹ کنر 8:00 جامع مسجد امام حسین ریسٹ ہاس 8:30 جامع مسجد گدور گوٹھ 8:30 جامع مسجد ابوبکر صدیق جام یوسف آباد ڈنڈا 8:30 جامع مسجد نعیمیہ صبیہ 8:30 جامع مسجد امروٹی کاٹھوڑ 8:45 مسجد عائشہ پادر ہاؤس 8:30 مسجد شیشہ ہوٹل 8:30 دارالعلوم بیلہ 8:30 جامع مسجد مسور گوٹھ ڈان میں 8:00 بجے نماز عید کے اجتماعات ہونگے

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وزارت خزانہ کے مطابق اسٹیٹ بینک حکومت کا حکم ملتے ہی یوروبانڈ کی ادائیگی کر دے گا ادائیگی کے بعد پاکستان عالمی مارکیٹ میں یوروبانڈ کا قرض 7 ارب ڈالر رہ جائے گا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ پاکستان اس سے قبل دسمبر 2023ء میں بھی یوروبانڈ کے ایک ارب ڈالر ادا کر چکا ہے پاکستان کو آئی ایم ایف سے قرض کی آخری قسط مل جانے سے زرمبادلہ کے ذخائر آٹھ ارب ڈالر سے زائد رہ گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے ایک ارب ڈالر یوروبانڈ کی ادائیگی کے انتظامات مکمل کر لیے پاکستان کو وسط اپریل میں دس سالہ یوروبانڈ کی ادائیگی کرنا ہے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حکومت سخت مشکلات سے دوچار اس صنعت کی مکمل سرپرستی کرے، حکومت اس صنعت سے وابستہ ہنرمندوں کو مختلف اسکیموں کے ذریعے مالی معاونت دے کر ارباب نائزیشن کو روک سکتی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی موثر سرپرستی نہ ہونے اور دیگر وجوہات کی وجہ سے ہاتھ سے بنے قالینوں کی برآمدات تنزلی کا شکار ہیں جس کی وجہ سے اس سے وابستہ ہنرمند اور غیر ہنرمند دوسرے شعبوں میں منتقل ہو رہے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے متعلقہ اداروں سے اپیل ہے کہ کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ جوائنٹ وینچر کر کے مختلف منصوبے بنائیں جس سے نہ صرف دنیا میں پاکستان کی پہچان سمجھے جانے والی اس صنعت کو بچایا جا سکے بلکہ اس کے ذریعے لاکھوں افراد کو ان کے گھروں کی دہلیز پر روزگار مہیا کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اس تشویش کا اظہار کیا کہ ہمارا روایتی حریف ملک پاکستان کی پہچان سمجھے جانے والی اس صنعت کو نقصان پہنچانے کی حکمت عملی کے تحت اپنے مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان کو غیر معمولی ریلیف اور مراعات دے رہا ہے جس کی وجہ سے پاکستان کو عالمی منڈیوں میں سخت مقابلے کا سامنا ہے۔ حکومت سے اپیل ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں مختلف ڈیوٹیز، ٹیکسز اور فریٹ چارجز میں کمی سمیت اسٹیٹ بینک سے متعلقہ شکایات دور کی جائیں اور ہنرمندوں کی مالی معاونت کے لئے بھی خصوصی سکیمیں لائی جائیں۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نٹ مڈل سکول آیاز کوٹ خوشحالی میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا، نئے تعلیمی سال کے لیے والدین اور اساتذہ کو بچوں کے داخلے کی ترغیب کے ساتھ ساتھ تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔ تقریب کے دوران طلبا نے تقاریر کے ذریعے تعلیم، سکول اور پاکستان سے محبت کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر تمام طلبا میں سکول بیگ، سٹیشنری اور دیگر انعامات تقسیم کیے گئے۔ اساتذہ اور طلبا نے کہا کہ اعلیٰ کارکردگی دکھانے پر طلبا کی حوصلہ افزائی اور والدین کی ذہن سازی کے بدولت ہی علم کی روشنی ہر گھر تک پہنچائی جا سکتی ہے۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے کے لیے 7 دنوں کی مہلت دے دی گئی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 15 اپریل تک آزاد ارکان اپوزیشن یا حکومتی بینچوں میں شامل ہو سکتے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے خیبر پختونخوا میں سینیٹ الیکشن کروانے میں مدد کے لیے مشروط پیشکش بھی کر دی۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے سینیٹ الیکشن کا مسئلہ حل کروا دیں گے لیکن اس کے لیے اپوزیشن کا تعاون درکار ہے۔ واضح رہے کہ سینیٹ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین اور مسلم لیگ ن کے سردار سیدال خان کو ڈپٹی چیئرمین منتخب کیا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی اور سردار سیدال خان کے مقابلے میں کسی نے کاغذات نامزدگی جمع ہی نہیں کرائے تھے جس کے باعث دونوں امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی، صحافیوں پر تشدد میں ملوث پولیس اہلکاروں کو معطلی کے بجائے اسناد سے نوازنا ناقابل برداشت ہے، پولیس گردی ناقابل قبول ہے، پولیس کی نااہلی اور دوہرے معیار نے شہر میں امن وامان برباد ہو چکا ہے، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے حکومت اور پریس کے تعلقات خراب کرنے کی کوشش کے خلاف متعلقہ پولیس افسران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس کے اعلیٰ افسران نے صحافیوں پر تشدد میں ملوث پولیس اہلکاروں کو معطل کرنے کے بجائے انہیں انعام واکرام سے نوازا ہے۔ بلوچستان پولیس کے اعلیٰ افسران کے قول وفعل میں تضاد سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ حکومت اور پریس کے تعلقات خراب کرنا چاہتے ہیں۔ بلوچستان یونین آف جرنلسٹس پولیس کے دوہرے کے خلاف قانونی چارہ جوئی اور تمام آپشنز استعمال کرے گی، صحافیوں پر تشدد میں ملوث پولیس اہلکاروں کو معطلی کے بجائے اسناد سے نوازنا ناقابل برداشت ہے، پولیس گردی ناقابل قبول ہے، پولیس کی نااہلی اور دوہرے معیار نے شہر میں امن وامان برباد ہو چکا ہے۔ اگر متعلقہ پولیس اہلکاروں کو معطل نہ کیا گیا تو بلوچستان کی صحافی برادری پولیس گردی کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے گی۔ بی یو جے نے واضح کیا ہے کہ صحافیوں پر تشدد میں ملوث ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں کے خلاف ائی جی پولیس بلوچستان نے ایس ایس پی آپریشنز محمد جواد طارق اور ایس ایس پی ٹریفک بہرام مندوخیل پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جس نے حقائق جاننے کے بعد رپورٹ پیش کرنی تھی، کمیٹی کے ممبر ایس ایس پی ٹریفک بہرام مندوخیل نے متعلقہ پولیس اہلکاروں کو اسناد دیکر صحافیوں کو احتجاج پر اکسایا ہے، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس پولیس کے اعلیٰ افسران کے اس غیر ذمہ دارانہ رویے کی شدید مذمت کرتے ہے اور اس کی تلافی تک اپنا احتجاج جاری رکھے گی۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حماد اظہر کی مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کیلئے دائر درخواست پر سماعت عید کے بعد تک ملتوی کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جج جسٹس مس عالیہ نیلم نے حماد اظہر کی درخواست پر سماعت کی، درخواست میں پنجاب پولیس سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ درخواست گزار پر سیاسی بنیادوں پر مقدمات درج کیے گئے، متعلقہ فریقین سے مقدمات کی تفصیلات لیکر فراہم کی جائیں، لاہور ہائیکورٹ درخواست گزار کو متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کا موقع فراہم کرے۔ دوران سماعت عدالت نے وکیل درخواست گزار کو معلوم شدہ ایف آئی آر کی تصدیق شدہ کاپیاں لگانے کی ہدایت کی جس پر درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ ہم عید کے فوری بعد معلوم شدہ ایف آئی آر کی کاپیاں ساتھ لگا دینگے۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی مقدمات کی تفصیلات لینے کے لیے دائر درخواست پر سماعت 17 اپریل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حالات بہتر اور لوگ گھوم رہے ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے کہا کہ ایم کیو ایم لیڈرشپ سینئر سیاستدان ہیں ان لوگوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں لیکن یہ لوگ سستی شہرت کی وجہ سے ایسے بیان دے رہے ہیں، ایم کیو ایم دور کے کرائم ریٹ اور آج کے کرائم میں واضح فرق نظر آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ فوج کو جنگی حالات میں بلایا جاتا ہے، جب بھی اس ملک کو فوج کی ضرورت ہو فوج حاضر ہوتی ہے، سیاسی معاملات میں فوج کو نہیں لایا جاتا، صدر، جامعہ کلاتھ، حیدری مارکیٹ، نارتھ ناظم و دیگر علاقوں کا دورہ کیا، آئی جی سندھ کو کچے میں بھیج دیا، آج گھوٹکی میں موجود ہے۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جوش وخروش سے منائی، کراچی میں بوہری برادری کی جانب سے صدر کی طاہری مسجد میں عیدالفطر کی نماز ادا کی گئی۔ نماز عید کے موقع پر طاہری مسجد کے باہر اور اطراف میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے، پولیس اور رینجرز اہلکار سکیورٹی کے لیے تعینات تھے۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ں نے کہا کہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے۔ 3 ماہ کے دوران 50 بے گناہ شہری مارے جا چکے ہیں۔ کراچی کے نوجوانوں کو چند ہزار روپے کے پیچھے مارا جا رہا ہے، اور وزیر داخلہ سندھ عجیب بیانات دے رہے ہیں۔ پہلے ٹارگٹ کلنگ کا الزام ایم کیو ایم پر لگا دیا جاتا تھا، لیکن اب وزیر داخلہ سندھ کہتے ہیں کرائم اتنا نہیں جتنا بتایا جا رہا ہے۔ رہنما ایم کیو ایم نے کہا کہ کراچی میں پہلے لوگوں کو لوٹا جاتا تھا اب قتل بھی کیا جانے لگا ہے، یہ شہر ایک اور آپریشن کا متقاضی ہے۔ ہم ایشوز پر سیاست کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کا 16 واں سال شروع ہو چکا ہے، جن کو آپ نے اے ایس آئی بھرتی کیا وہ ڈی ایس پی بن چکے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ بتائیں میئر کراچی کتنے با اختیار ہیں، کچھ باتیں میڈیا ٹکرز کی حد تک ٹھیک ہیں، بلدیاتی نمائندوں کو با اختیار بنانے کی ضرورت ہے۔ توقع رکھتے ہیں کہ فیصل واوڈا میرے نام کا بھرم رکھیں گے، وہ ایم کیو ایم کا حمایت کرنے پر شکریہ بھی ادا کریں گے۔ سینیٹ الیکشن پر بات کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم کے پاس سینیٹ کی ایک نشست کیلئے ووٹ پورے ہیں، فیصل واوڈا آزاد امیدوار ہیں، ایم کیو ایم و پی پی ارکان ووٹ دیں گے، امید ہے فیصل واوڈا سینیٹر منتخب ہو جائیں گے۔ سینیٹ کی 30 نشستوں پر الیکشن ک

واشنگٹن میں آئی ایم ایف پروگرام کے خدوخال پر بات چیت ہوگی، وزیر خزانہ

جو بھی ہم فیڈریشن میں کریں گے صوبوں کی مشاورت سے کریں گے، محمد اورنگزیب

14 تاریخ کو واشنگٹن جارہا ہوں، وہیں آئی ایم ایف پروگرام کے خدوخال پر گفتگو شروع کریں گے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ہم تمام صوبوں کی مشاورت سے کام کریں گے، دورہ امریکا کے دوران آئی ایم ایف پروگرام کے خدوخال پر گفتگو شروع کریں گے۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف کے ہمراہ دورہ سعودی عرب سے واپسی پر اسلام آباد میں میڈیا سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ جو بھی ہم فیڈریشن میں کریں گے صوبوں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پاور سردار اویس احمد لغاری منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر سندھ کا فوڈ ڈیلیوری رائیڈرز کو راشن وعیدی دینے کا اعلان

کراچی (جی این ایم) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے عیدالفطر کے موقع پر گورنر ہاؤس میں فوڈ ڈیلیوری رائیڈرز کو راشن اور عیدی دینے کا اعلان کر دیا۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ کل سے رائیڈرز گورنر ہاؤس آئیں ان کی مدد کریں گے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

مسلم لیگ (ن) کے قائدین نے انتقامی نہیں بلکہ ہمیشہ مفاہمت کی سیاست کی ہے، چوہدری نعیم کریم

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) عوامی امنگوں کی ترجمان جماعت ہے جو ملکی تعمیر وترقی وعوامی خوشحالی یقینی بنائے گی، حکومت مہنگائی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

سینیٹر احمد خان خلجی دوسری مرتبہ سینیٹر منتخب، حلف لینے پر مبارکباد

پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے جنرل سیکریٹری نثار خان خلجی کی جانب سے مبارک باد

کوئٹہ (پ ر) پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے جنرل سیکریٹری نثار خان خلجی نے سینیٹ میں الحاج احمد خان خلجی کو دوسری مرتبہ بلا مقابلہ سینیٹر کا حلف لینے پر مبارکباد پیش کی، نثار خلجی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ سینیٹر احمد خان خلجی بلوچستان کا فخر ہے اور ان کی کوششوں سے بلوچستان میں اربوں روپے کے پروجیکٹس آئے ہیں، انہوں نے کہا کہ موصوف ہمیشہ کروڑوں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ملک میں دانش سکولز کا دائرہ کار بڑھایا جارہا ہے: خالد مقبول صدیقی

دانش سکول وزیراعظم شہباز شریف کا خواب ہے، وفاقی وزیر تعلیم کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ ملک میں دانش سکول کا دائرہ کار بڑھایا جارہا ہے۔ اسلام آباد میں وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دانش سکول وزیراعظم شہباز شریف کا خواب ہے، ملک میں دانش سکول کا دائرہ کار بڑھایا جارہا ہے، آج خاص طور پر گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سے طلبا وطالبات (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

بھارت پاکستان میں آگ اور خون کی تجارت کر رہا ہے، خالد مسعود سندھو

حکومت بھارت سے تجارت کی بجائے پاکستان میں دہشت گردی اور کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کا حساب لے

لاہور (آن لائن) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو نے کہا ہے کہ بین الاقوامی ادارے گارڈین کی سٹوری اور راجناتھ سنگھ کے اعترافی بیان نے ثابت کر دیا ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے۔ پاکستان کے طول ارض میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے اور یہ صرف چند واقعات تک محدود نہیں۔ بھارت پاکستان کو دہشت گردی کا طعنہ دینے سے باز نہیں آتا اور دوسری طرف عالمی دہشت گرد تنظیم داعش (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

اپریل کے بجلی بلوں میں فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ میں کمی کا اعلان

اسلام آباد (جی این ایم) پاور ڈویژن نے رواں ماہ بجلی بلوں میں فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ پر ریلیف کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان پاور ڈویژن کی جانب سے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کی تنخواہوں کی بندش قابل مذمت ہے، مولانا ہدایت الرحمان

تنخواہ اور پینشنز لینے والے افسر شاہی اور جج واعلیٰ انتظامی وملٹری آفیسران کی تنخواہیں اور پینشنز کبھی بند نہیں ہوتی

جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین کی کم تنخواہ اور پینشنز کیلئے قصداً فنڈز پر قدغن لگا کر انکی چار چار مہینوں کی تنخواہیں اور پینشنز بند رکھی جاتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کے زیر اہتمام پچھلے چار مہینوں کی تنخواہوں اور پنشنز وریسرچ سینٹرز کے اساتذہ اور ملازمین کو سالانہ بجٹ میں اعلان شدہ 35 فیصد اور منظور شدہ الاؤنسز کی عدم ادائیگی کے خلاف ماہ مقدس کے باکیسوں روز بھی جامعہ بلوچستان کے مین گیٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا، احتجاجی دھرنے میں حق دو تحریک کے چیئرمین ممبر صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے شرکت کی۔ احتجاجی دھرنا زیر صدارت نذیر احمد بلڑی منعقد ہوا، دھرنے سے نذیر احمد بلڑی، مولانا ہدایت الرحمان، پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بزنجو، شاہ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

پشاور میں عیدالفطر کے پیش نظر ایک ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ

پشاور (آن لائن) ضلعی انتظامیہ نے خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں عیدالفطر کے پیش نظر ایک ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ کر دی۔ تفصیلات کے مطابق پشاور میں دفعہ 144 کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس کے تحت ہوائی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

وزیراعلیٰ پنجاب کی عیدالفطر پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کی ہدایت

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے عیدالفطر کے موقع پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کی ہدایت کر دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا ہے کہ چاند رات اور عیدالفطر پر فول پروف سکیورٹی کے انتظامات ہر صورت یقینی بنائے جائیں، عیدالفطر کے اجتماعات خصوصاً (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

کوئٹہ ڈاکٹر عبدالمنیب محمد راشد، چیئرمین آف کامرس کوئٹہ کے ارکان سے کراچی میں ہیئت کی راہ میں رکاوٹ ہے کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی حکومت نے نیشنل فلیگ پالیسی جاری کر دی

قومی پرچم کے حوالے سے ہدایات کابینہ ڈویژن نے جاری کر دیں

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے نیشنل فلیگ پالیسی جاری کر دی، قومی پرچم کے حوالے سے ہدایات کابینہ ڈویژن نے جاری کر دیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی منظوری کے بعد قومی پرچم پالیسی جاری کی گئی ہے قومی پرچم پالیسی پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی میں منظور کردہ قرارداد سے ماخذ ہے وفاقی حکومت نے نیشنل فلیگ پالیسی جاری کر دی، قومی پرچم کے حو (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

عیدالفطر اللہ کی کبریائی اور شکر گزاری سے عبارت ہے: متحدہ علما کونسل

عید کا مقصد اور پیغام یہی ہے کہ ہم انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی خوشیاں اخوت ومحبت کے ساتھ منائیں

لاہور (آن لائن) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راضی حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عیدالفطر اللہ کی کبریائی اور شکر گزاری سے عبارت ہے، عیدالفطر روزوں کا انعام اور (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

وزیراعلیٰ مریم نواز کی عیدالفطر پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کی ہدایت

صوبہ بھر میں نماز عید کے اجتماعات خصوصاً مساجد اور امام بارگاہوں کے لئے سکیورٹی کے بہترین انتظامات کئے جائیں

لاہور (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو عیدالفطر پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے مزید ہدایت کی ہے کہ چاند رات اور عیدالفطر پر فول پروف سکیورٹی کے انتظامات ہر صورت یقینی بنائے جائیں۔ نماز عید کے اجتماعات خصوصاً مساجد اور امام بارگاہوں کے لئے سکیورٹی کے بہترین انتظامات (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

عید کی خوشیوں میں غرباء اور مساکین کو بھی شامل کیا جائے، کاشف حیدری

انسانیت سے حسن سلوک اور نادار افراد کی مدد ہی انسانیت اور اسلام کا اولین پیغام ہیں، ضلعی رہنماء بلوچستان نیشنل پارٹی

عید کے خوشیوں میں غرباء اور نادار افراد کو شامل کرنا عید اصل مفہوم ہیں، ماہ صیام کے بعد عیدالفطر قربانی، ایثار کا درس دیتا ہے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلع رہنماء اور مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن کاشف حیدری نے کہا ہے کہ عید الفطر کی خوشیوں میں غرباء اور نادار افراد کو شامل کرنا عید اصل مفہوم، صاحب استعداد اور مخیر حضرات اپنے اردگرد غرباء اور مساکین کو عید کی خوشیوں میں خصوصی طور پر شامل کریں، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ عید کی خوشیوں میں غرباء اور (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

کوئٹہ، عید کے روز مہمانوں کیلئے لوگ ایک اسٹال سے نمکو خرید رہے ہیں

وفاق تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہے، وفاقی وزیر قانون

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے سینیٹ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے جو احتجاج ہو رہا ہے اس کو حکومت مسترد کرتی ہے، آج کے انتخابات کی آئینی حیثیت ہے۔ سینٹ کے انتخابات آئینی طریقے سے ہو رہے ہیں تو توقع رکھتا ہوں میری بات اپوزیشن تحمل سے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

عید کا مطلب خوشی، فرحت اور چہل پہل ہے، جمال شاہ کاکڑ

تمام مخیر حضرات وصاحب استطاعت اس خوشی میں غریبوں کو بھی شامل کریں، رکن قومی اسمبلی

سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینیٹ اور سیدال خان ناصر کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ عید کا مطلب خوشی، فرحت اور چہل پہل ہے تمام مخیر حضرات وصاحب استطاعت اس خوشی میں غریبوں کو بھی شامل کریں، سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینیٹ اور سیدال خان ناصر کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

عیدالفطر، پنجاب میں طوفانی بارشوں کے امکانات، پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کر دیا

لاہور (جی این ایم) عیدالفطر پر پنجاب کے مختلف شہروں میں طوفانی بارشوں کے پیش نظر پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق عیدالفطر پر پنجاب کے مختلف شہروں میں طوفانی بارشوں کے پیش نظر پی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پولیس صوبے کے غریب عوام کو تنگ کرتے ہوئے شرم محسوس نہیں کرتے، رحیم کاکڑ

بیوروکریسی کی عیاشیوں کو ختم کرنی ہوگی ترقیاتی فنڈز میں کرپشن کو روکا جائے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما وسابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ سید اقبال شاہ ایڈوکیٹ سپریم کورٹ میر واکس ایڈوکیٹ احمد شاہ ایڈوکیٹ عمر فاروق ایڈوکیٹ عبداللہ ایڈوکیٹ نے کمشنر ڈپٹی کمشنر اسسٹنٹ کمشنروں پولیس حکام کوئٹہ کے شرمناک رویہ پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ وہ صوبے کے غریب عوام کو تنگ کرتے ہوئے شرم محسوس نہیں کرتے پورے رمضان میں ایرانی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کوئٹہ، عید کے روز مہمانوں کیلئے لوگ ایک اسٹال سے نمکو خرید رہے ہیں

نومنتخب چیئرمین وڈپٹی چیئرمین سینیٹ کی عیدالفطر پر قوم کو مبارکباد

ماہ رمضان کی عبادات قوم میں تقویٰ، نظم وضبط اور صبر وتحمل کی خوبیوں کو فروغ دیتی ہیں، یوسف رضا گیلانی، سیدال خان ناصر

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے مسلمانان عالم اسلام اور خاص طور پر پاکستانیوں کو عیدالفطر کے بابرکت اور پرمسرت موقع پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ماہ رمضان کی عبادات قوم میں تقویٰ، نظم وضبط اور صبر وتحمل کی خوبیوں کو فروغ دیتی ہیں۔ تمام اہل اسلام اسی جوش وجذبے کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی دنیاوی اور آخرت کی زندگی کو کامیا (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

سیدال خان ناصر کو بلا مقابلہ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارک دیتے ہیں، عبدالقدیر بلوچ

بلوچستان سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونا صوبے کے لئے اچھا اقدام ثابت ہوگا، بیان

تربت (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سابق صوبائی نائب صدر اور مرکزی کونسل کے رکن عبدالقدیر بلوچ نے سیدال خان ناصر کو بلا مقابلہ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارک دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایک سینئر سیاستدان اور ورکر دوست رہنما ہیں، ورکر کی سطح سے جدوجہد کرنے والے سیدال خان ناصر کا ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونا ایک احسن اقدام ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پشتونخوامیپ کا جامعہ بلوچستان کے ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر اظہار افسوس

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں صوبائی حکومت کی جانب یونیورسٹی سمیت مختلف محکموں واسا، لوکل گورنمنٹ کے ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حالیہ انتخابات میں بدترین (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ٹیکس چوروں کی نشاندہی مکمل، عید کے بعد موبائل سمیں بلاک کرنے کا فیصلہ

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 20 لاکھ ٹیکس چوروں کی نشاندہی کر لی ہے

موبائل کمپنیوں نے درخواست کی کہ وہ اتنی بڑی تعداد میں موبائل سمیں بلاک کرنے کی متحمل نہیں ہوسکتی ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) ایف بی آر کی جانب سے ملک میں ٹیکس چوروں کی نشاندہی کر لی گئی ہے اور اس سلسلے میں عید کے بعد موبائل سمیں بلاک کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 20 لاکھ ٹیکس چوروں کی نشاندہی کر لی ہے، تاہم موبائل کمپنیوں نے درخواست کی کہ وہ اتنی بڑی تعداد میں موبائل سمیں بلاک کرنے کی متحمل نہیں ہوسکتی ہیں، جس پر عید کے بعد پہلے مرحلے میں ایف بی آر نے ٹیکس چوروں کی 5 لاکھ سمیں بلاک کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے ملک میں ٹیکس چوروں کی نشاندہی کر لی (باقی صفحہ 2 نمبر 41)

مخصوص نشستوں پر حلف نہ لینے کا کیس، سپیکر، ڈپٹی سپیکر سے 14 روز میں جواب طلب

پشاور (جی این ایم) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا اسمبلی کے مخصوص نشستوں پر منتخب اراکین اسمبلی سے حلف نہ لینے کا معاملے پر سپیکر اور ڈپٹی سپیکر سے 14 روز میں جواب طلب کر (باقی صفحہ 2 نمبر 40)

عہد کریں اخوت، اتحاد، محبت ووحدت کا سفر جاری رہے گا: ساجد نقوی

عیدالفطر خوشی کیساتھ قومی وملی وحدت کا عظیم مظاہرہ، یوم تجدید اتحاد بھی ہے

لاہور (آن لائن) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے اپنے عیدالفطر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اسلامی معاشروں میں عید کا رائج فلسفہ یہی ہے کہ رمضان المبارک کے متبرک ایام اور روزوں کے اختتام پر اعمال کی بجا آوری اور تزکیہ نفس کی کوششوں پر عید کا دن منایا جاتا ہے اور خوشی کا اظہار عید نماز کی ادائیگی اور دیگر مختلف انداز سے کیا جاتا ہے لیکن عید (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

عید کی خوشیوں میں یتیموں، غرباء اور نادار لوگوں کو یاد رکھیں، قادر لونی

عید کی موقع پر نوجوان عیاشیوں خرافات پر خرچ کرنے کی بجائے اس ملک کی یتیموں اور ناداروں پر خرچ کرے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر مولانا خدائے نظر نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا خوت اللہ صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت (باقی صفحہ 2 نمبر 42)

ایران نے سفارتخانے پر اسرائیلی حملے کا ذمہ دار امریکا کو قرار دے دیا

ایرانی قونصل خانے پر حملے کی منظوری امریکا نے دی، ایرانی وزیر خارجہ کی گفتگو

دمشق (جی این ایم) ایران نے شام کے دارالحکومت دمشق میں سفارتخانے پر اسرائیلی فضائی حملے کا ذمہ دار امریکا کو قرار دے دیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر نے میڈیا سے گفتگو میں کہا ہے کہ ایرانی قونصل خانے پر حملے کی منظوری امریکا نے دی۔ حسین امیر عبداللہیان نے مزید کہا ہے کہ امریکا سفارتی آداب کی خلاف ورزی کا ذمہ دار ہے، ایرانی قونصل خانے پر (باقی صفحہ 2 نمبر 43)

عیدالفطر روزے رکھنے کے بعد مسلمانوں کیلئے تحفہ ہے: سنی علما کونسل

رمضان نے ہمیں صبر، ایثار قربانی اور دوسروں کی تکالیف کا احساس عطا کیا ہے: مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (آن لائن) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ عیدالفطر روزے رکھنے کے بعد مسلمانوں کیلئے تحفہ ہے، اس میں کوئی شک نہیں بے سہارا افراد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے سے خوشیوں کو چار چاند لگتے ہیں، رمضان نے ہمیں صبر، ایثار قربانی اور دوسروں کی تکالیف کا احساس عطا کیا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے اہل وطن (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

غزہ کے لیے ہماری امداد روک دی گئی، اسرائیل مخالف نئے اقدامات کا فیصلہ کیا، ترکیہ

اسرائیل کے پاس غزہ کی پٹی کے باشندوں کو امداد پہنچانے کی ہماری کوششوں میں رکاوٹ ڈالنے کا کوئی عذر نہیں

انقرہ (آن لائن) ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے اعلان کیا ہے کہ ترک حکام نے اسرائیل کے خلاف بتدریج کچھ نئے اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیدان نے کہا کہ اسرائیل کے پاس غزہ کی پٹی کے باشندوں کو امداد پہنچانے کی ہماری کوششوں میں رکاوٹ ڈالنے کا کوئی عذر نہیں ہے۔ اس صورت حال کے نتیجے میں ہم نے اس کے خلاف کئی نئے (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

کوئٹہ، عیدالفطر کیلئے لوگ قوالٹی سویٹ سے عید پے آنے والے افراد کیلئے مٹھائی خرید رہے ہیں

پاکستان ریلوے نے عید پر کرایوں میں بڑی رعایت دے دی

25 فیصد کمی کا یہ اطلاق عیدالفطر کے تین دن کیلئے تمام مسافر ٹرینوں کی تمام کلاسز کے لیے ہوگا

لاہور (آن لائن) پاکستان ریلوے نے عید پر کرایوں میں بڑی رعایت دے دی۔ تفصیل کے مطابق پاکستان ریلویز نے مسافروں کو اچھی خبر سناتے ہوئے کرایوں میں بڑی رعایت کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت محکمہ ریلوے نے شہریوں کو کرایوں میں 25 فیصد رعایت دے دی ہے، کرایوں میں کمی کا یہ اطلاق عیدالفطر کے تین دن کیلئے ہوگا، کرایوں میں رعایت تمام مسافر (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

وزیراعظم کا نومنتخب چیئرمین وڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو مبارکباد

امید ہے آپ آئین کی سربلندی اور ملکی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینٹ اور سیدال خان ناصر کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے، وزیراعظم نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا ہے کہ سینیٹ کے چیئرمین وڈپٹی چیئرمین کیا انتخابات جمہوری عمل کا تسلسل ہیں، امید ہے کہ آپ آئین کی سربلندی اور ملکی ترقی کیلئے اپنا کردار (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

عیدالفطر فضولیات نہیں پاکیزہ اخوت اور بھائی چارے کا درس دے رہی ہے، مولانا عبدالرحمان

عید کی خوشیوں میں غریبوں، ناداروں، یتیموں کو نہ بھولیں، تاکہ غریب بھی اپنی دنیا کی نعمتوں سے مستفید ہوسکے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا مفتی محمد روزی خان مولانا قاری مہر اللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم خیشگی مولانا محمد ایوب حافظ مسعود احمد مولانا حافظ سردار محمد نورزئی حافظ سراج الدین مفتی نیک محمد فاروقی مولانا جمال الدین حقانی مولانا محمد طاہر توحیدی اور دیگر نے تراویح میں ختم قرآن کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر فضولیات نہیں پاکیزہ اخوت اور بھائی چارے کا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

میونسپل کارپوریشن ہونے کے باوجود شہر میں صفائی کی صورت حال ابتر

میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کی صفائی صرف اور صرف فیسبک کی حد محدود ہیں پورا شہر گندگی کا ڈھیر بن گیا ہے

شاہی بازار سمیت رشم گلی جناح روڈ سلیم کالونی میں حالت ابتر ہیں عوامی شکایت

اوستہ محمد (یو این اے) میونسپل کارپوریشن ہونے کے باوجود شہر میں صفائی کی صورت حال ابتر شاہی بازار سمیت رشم گلی جناح روڈ سلیم کالونی میں حالت ابتر ہیں۔ عوامی شکایت تفصیلات کے مطابق میونسپل کارپوریشن ہونے کے باوجود شہر میں صفائی کا فقدان ہے مین شاہی بازار اوستہ محمد رشم گلی۔ سلیم کالونی جناح روڈ سمیت ہر محلے کی حالت خراب ہے میونسپل کارپوریشن کے باوجود شہر کی حالت اسطرح ہونا باعث افسوس ہے میونسپل کارپوریشن کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کی صفائی صرف اور صرف فیسبک کی حد محدود ہیں پورا شہر گندگی کا ڈھیر بن گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 44)

کوئٹہ، قندھاری بازار سے لوگ عید کے دن کیلئے جوتے خرید رہے ہیں

وزیراعظم کی خضدار اور کچلاک میں دھماکوں کی شدید مذمت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خضدار اور کچلاک میں دھماکوں کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے حملوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے افسوس کا اظہار کیا، انہوں نے شہدا کی درجات کی (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

رجیم چینج سازش کو دو سال مکمل، پی ٹی آئی نے سیاہ ترین اور تباہ کن سال قرار دیدیا

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف نے منتخب جمہوری حکومت کے خلاف رجیم چینج سازش اور نظام مملکت کی تباہی کو دو سال مکمل ہونے پر ان دو برسوں کو ملکی تاریخ کے سیاہ ترین اور تباہ کن ترین سال قرار دے دیا، میڈیا سیل کی جا (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

کوئٹہ کے شہریوں کو عیدالفطر سے قبل اے ٹی ایم سے پیسے نکالنے میں مشکلات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے شہری عیدالفطر سے قبل اے ٹی ایم کے ذریعے رقم کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنے لگے۔ رپورٹ کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اے ٹی ایم مشین کہیں غیر فعال تو کہیں بند پڑی ہیں جس کے باعث (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

سیدال خان کی بطور ڈپٹی چیئرمین بلا مقابلہ تاریخی کامیابی پر مبارک باد

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات وترجمان چوہدری شبیر نے کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات میں مسلم لیگ بلوچستان کے رہنما اور نواز شریف کے دیرینہ ساتھی سیدال خان کی بطور ڈپٹی چیئرمین بلا مقابلہ تاریخی کامیابی پر نواز شریف کی مخلص سوچ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

غیر ملکی مسلمان بھی بھارت میں غیر محفوظ، مودی کے ہندوستان میں مسلمان شدید عدم تحفظ کا شکار

مودی کے دور حکومت میں آئے روز بھارت میں مذہبی عدم برداشت کے نت نئے واقعات سامنے آنے لگے

نئی دہلی (آن لائن) غیر ملکی مسلمان بھی بھارت میں غیر محفوظ، مودی کے ہندوستان میں مسلمان شدید عدم تحفظ کا شکار، مودی کے دور حکومت میں آئے روز بھارت میں مذہبی عدم برداشت کے نت نئے واقعات سامنے آنے لگے، بھارت میں مقیم مسلمان بی جے پی کی انتہا پسند پالیسیوں کی نذر ہونے لگے۔ 18 مارچ کو بھارتی ریاست گجرات کے یونیورسٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 46)

سیاسی جماعتوں کو انتخابی اخراجات کی تفصیلات جمع کرانے کی ہدایت

22 اپریل تک تفصیلات جمع نہ کرانے والی سیاسی جماعتوں کے انتخابی نشان واپس لے لئے جائیں گے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (آن لائن) الیکشن کمیشن نے عام انتخابات میں حصہ لینے والی تمام سیاسی جماعتوں کو انتخابی اخراجات کی تفصیلات جمع کرانے کی ہدایت کی ہے، تفصیلات جمع نہ کرانے کی صورت میں سیاسی جماعتوں کے انتخابی نشان واپس لئے جائیں گے۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق ان تمام سیاسی جماعتوں، جنہوں نے عام انتخابات 2024 میں حصہ لیا تھا کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 211 اور الیکشن رولز 2017 کے رول (باقی صفحہ 2 نمبر 45)

پاکستانی شہریوں کے قتل میں بھارت کے ملوث ہونے کا جائزہ لے رہے ہیں، امریکا

انٹونی بلنکن اور اسحاق ڈار سے ٹیلیفونک گفتگو میں دوطرفہ تعلقات کو مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

واشنگٹن (آن لائن) بھارت کی جانب سے پاکستان میں شہریوں کے قتل کے بیان پر امریکا کا ردعمل بھی سامنے آگیا۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے نیوز بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی وزیر خارجہ کا پاکستانی ہم منصب اسحاق ڈار سے ٹ